پیش لفظ

ہومیوپیتھی کے طلباء و معالجین ہومیوپیتھک فلاسفی کی کتب کی کمی کو شدت سے محسوس کرتے ہیں۔ مجھے بھی اس کمی کا اندازہ اس وقت ہوا جب میں ابھی ہومیوپیتھی کی طالبہ تھی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ مارکیٹ میں سوائے آرگنن آف میڈیسن اور کینٹ لیکچرز آن ہومیوپیتھک فلاسفی کے کوئی قابلِ قدر کتاب دستیاب نہیں تھی۔ پھر انڈیا سے کتب درآمد ہوئیں تو مجھے فلاسفی کی کئی کتابیں مطالعہ کرنے کا موقع ملا۔ ان کتب میں امریکہ کے ڈاکٹر ہربرٹ اے رابرٹ کی کتاب پرنسپلز اینڈ آرٹ آف کیور بائے ہومیوپیتھی نے مجھے بے حد متاثر کیا۔ اور میں نے محسوس کیا کہ یہ کتاب طلباء و طالبات کے علاوہ معالجین کی راہنمائی کے لئے ایک گراں قدر تحفہ ہے۔ ہمارے اکثر طلباء و طالبات اس عظیم کتاب سے صرف اس لئے فائدہ اٹھانے سے قاصر ہیں کہ یہ کتاب انگلش میں ہے۔ میں نے طلباء و طالبات کی اس مشکل کو سمجھتے ہوئے اس کتاب کا اردو میں ترجمہ کرنے کا فیصلہ کیا اگرچہ یہ کام آسان نہیں تھا۔ مگر میں چاہتی تھی کہ ہمارے زیادہ سے زیادہ طلباء و طالبات اس خزینے سے فیض یاب ہوں لہٰذا اپنی بے بضاعتی کے باوجود میں نے اس کتاب کا ترجمہ کرنے کا بیڑا اٹھایا اور خدا تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچ گیا۔

یہ بات برس ہا برس کے تجربات سے ثابت ہو چکی ہے کہ اگر ہانیمن کے قوانین ہومیوپیتھی کو اس طرح پیش کیا جائے کہ وہ منطقی اندازِ فکر کو متاثر کر سکیں تو یہ قوانین آسانی سے طلباء اور طالبات کی سمجھ میں آ جائیں گے۔ ڈاکٹر ہربرٹ نے قاری کو سمجھانے کا یہی انداز اپنایا ہے۔

Scanned by CamScanner

ورثے سے استفادہ کیا ہے ان میں سے چند ایک کے نام دیے جاتے ہیں۔ سر جے سی۔ بوس۔ آر۔ اے۔ ملی کن۔ اے۔ آر مارگن سائے ایچ کامپٹن۔ ہانمن۔ بونگسن۔ ہیرنگ۔ لیپے۔ فنکے۔ کیرل۔ ڈنہم۔ بی۔ بی ویلنز۔ ٹی۔ ایف۔ ایلن ایچ سی۔ ایلن۔ جے۔ ایچ۔ ایلن۔ جیمز ٹیلر کینٹ۔ سٹوڈرٹ کلوز۔ سی۔ ایم بوگر اور انٹرنیشنل ہانمن ایسوسی ایشن کے دیگر اراکین۔

آخر میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ میں نے اس کتاب کا ترجمہ کرتے ہوئے اس بات کا پورا پورا خیال رکھنے کی کوشش کی ہے کہ ترجمہ عام فہم بھی ہو اور اصل مفہوم متاثر نہ ہو۔ تاہم میری اس کاوش میں غلطیاں بھی ہوں گیں اور میں ان کی تصحیح کے لئے نشاندہی کرنے والوں کی مشکور ہونگی۔

میں نے یہ کام نہایت خلوص سے وطن عزیز کے اردو ریڈرز طلبا و طالبات اور شائقین ہومیوپیتھی کے لئے کیا ہے۔

امید ہے شائقینِ ہومیوپیتھی ڈاکٹر ہربرٹ اے رابرٹ کے اس عظیم تحفے سے فیض یاب ہوں گے۔

مخلص

ڈاکٹر اے۔ نسیم خاں

ایم۔ ایس۔ سی

ڈی۔ ایچ۔ ایم۔ ایس

فیصل آباد۔ پاکستان

Scanned by CamScanner

"نوجوان آدمی کے مستقبل کے لئے ہومیوپیتھی اسے کیا دینا چاہتی ہے؟" آج کے بدلتے ہوئے معاشی حالات میں ہم سے یہ سوال بار بار کیا جاتا ہے۔

غالباً ہم اس مسئلے کا حل بہتر طور پر اُس صورت میں کر سکیں گے اگر ہم نوجوان آدمی سے اُلٹا سوال کر دیں، کہ "تم اپنی زندگی سے کیا حاصل کرنا چاہتے ہو؟" اگر وہ ایمان داری سے اس سوال کا جواب دے دیتا ہے، تو اس کا جواب ہی اس کی ہومیوپیتھی کی طرف رغبت کا اظہار کر دیگا اور اسی رغبت کے پیش نظر ہی ہم یہ پیشین گوئی کر سکیں گے کہ ہومیوپیتھی کے پاس اسے دینے کے لئے کیا ہے؟

کیا وہ سست اور کاہل ہے، اور کیا وہ ایک پیشے کو آسانی سے کمائی کرنے کا ذریعہ سمجھتا ہے؟ یا پھر وہ معالج کے پیشے کو صرف اس لئے اختیار کرنا چاہتا ہے کہ اس پیشے کا معاشرے میں ایک باعزت مقام ہے۔ اور وہ اس باعزت مقام کے ذریعے معاشرے میں اپنی پوزیشن مستحکم کرنا چاہتا ہے؟ اور کیا اس کی یہ خواہش ہے کہ اسے عظیم سرجن یا ماہر جراثیم سمجھا جائے؟ اور کیا وہ اس پیشے کے ذریعے سب سے اولیت دولت کے حصول کو دیتا ہے؟ اگر وہ معالج بن کر اس پیشے کو اسائشی زندگی کے حصول کا ذریعہ سمجھتا ہے یا پھر معاشرے میں باعزت مقام چاہتا ہے یا پھر دولت و شہرت حاصل کرنے کی خواہش رکھتا ہے تو پھر ہومیوپیتھی کے پاس اسے دینے کے لئے کچھ نہیں ہے۔

وہ روزمرہ کے مشاغل سے کیا ردِ عمل ظاہر کرتا ہے اور فارماسیوٹیکل کمپنیوں کی اشتہار بازی سے کہاں تک متاثر ہوتا ہے اور دوا ساز کمپنیوں کے سیلز مین کی چکنی چپڑی باتوں سے کہاں تک متاثر ہوتا ہے اور کیا وہ یقین کر لیتا ہے کہ کولائیڈز ( ) ابھی ہومیوپیتھک پوٹینشائی ڈیشن میں۔ یا پھر وہ اس حقیقت سے واقف ہوتا ہے کہ (کولائیڈز) ہومیوپیتھک پوٹینشائی ڈیشن کی تیاری میں تیار کی گئی تمام ادویہ کو آزمائش پر پوری اتری ہوئی ہومیوپیتھک ادویہ سے کہیں زیادہ اور غیر یقینی ثرات

کی حامل ہیں۔

اگر وہ اپنے خیالات کا اظہار اسطرح کرتا ہے کہ آپ اس کے نظریات سے یہ اندازہ لگائیں کہ وہ اپنے مستقبل کا رُخ انسانیت کے دکھوں کا مداوا کرنے کی طرف موڑنا چاہتا ہے اور اسکی شدید خواہش ہے کہ وہ بیمار مردوں اور عورتوں کے دکھوں کا مداوا کرے گا اور ان کی اسطرح مدد کرے کہ وہ صحت مند، خوشحال زندگی بسر کریں تو پھر آپ اُسے یقین دہانی کرا سکتے ہیں کہ اُس کے مستقبل کی بنیاد نہایت مضبوط ہے اور اس مضبوط بنیاد پر وہ اپنی آئندہ زندگی کا لائحہ عمل تیار کر سکتا ہے اور ہومیوپیتھی اس کے لئے گراں قدر انعامات لئے ہوئے ہے ہم اس کی قابلیت سے اس کے کردار کے بارے میں یہ اندازہ کر سکتے ہیں کہ وہ ہومیوپیتھی کے لئے کیسی خدمات انجام دے سکتا ہے اور اس کے بدلے میں ہومیوپیتھی اسے کیا انعام دے سکتی ہے۔

جب ہمیں اس بات کا یقین ہو جائے کہ وہ اپنی خواہشات کے سلسلے میں بے لوث ہے تو پھر ہمارے لئے یہ ضروری ہے کہ معلوم کریں کہ اُس میں ثابت قدمی کس حد تک موجود ہے یا وہ مستقل مزاج نہیں اور متلون مزاج ہے اور آسانی سے دوسروں کی باتوں میں آجاتا ہے اور سیدھے راستے پر چلتے ہوئے دقت محسوس کرتا ہے اور ہمیشہ آسان طریقے اپناتا ہے تو آپ ایسے شخص کو ہومیوپیتھی کے مطالعہ کے لئے نہ کہیں اور اس سلسلے میں اس کی حوصلہ افزائی نہ کریں۔

ہومیوپیتھی کی بنیاد اصولوں پر ہے اور ان اصولوں کی بنیاد قوانین پر ہے، اور اگر ہومیوپیتھی کی بنیاد، یہ قوانین فطرت ہیں تو پھر یہ علم ازلی اور ابدی ہے اور اس کی بنیاد پہاڑوں کی طرح ازلی ہے، کیونکہ قوانین فطرت کی بنیاد تو ان پہاڑوں سے بھی پہلی ہے (ازلی)۔ اگر ایک شخص ہومیوپیتھی کی پیروی کرتا ہے تو پھر اُسے بغیر کسی اثر اور دباؤ کے اس کے قوانین کی پیروی بھی کرنا ہوگی۔

کردار کی پختگی اور میانہ روی کی خصوصیت بھی ہومیوپیتھ کی خصوصیت ہونی چاہیئے۔ غیر ہومیوپیتھی طریقہ ہائے علاج میں صبر کی خصوصیت کمزوری سمجھا جاتا ہے، کیونکہ ہمارے شاگرد

میں اکثر یہ بات آئی ہے کہ خطرناک کیسس CASES میں جب مریض کی حالت اُن کی توقع سے زیادہ بگڑ جائے تو وہ معالجین صبر سے کوششیں جاری نہیں رکھتے بلکہ اپنے آپ کو یہ کہکر تسلی دے لیتے ہیں کہ ہم نے جو کچھ ممکن تھا کر دیا۔" جبکہ ہومیوپیتھی کے عظیم اقوال میں سے ایک قول یہ ہے۔"

"اگر کسی چیز کے بارے میں شبہ ہو تو وہ کام نہ کریں"

مطلب یہ ہے کہ جو کام بھی کریں پورے وثوق اور یقین سے کریں۔ ایک ہومیوپیتھ کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ جس راستے کا انتخاب کرے نہایت غور و خوض اور سوچ بچار سے کرے اور جب ایک راہ منتخب کر لے تو اسے خواہ مخواہ تبدیل نہ کرے اور صبر و سکون سے اس راہ پر گامزن رہے۔ اور اگر کبھی راہ تبدیل کرنے کی ضرورت محسوس ہو تو اس کے لئے مضبوط وجوہات کا ہونا ضروری ہے۔

لہٰذا وہ شخص جو ہومیوپیتھی کو اپنے مستقبل کے طور اپنانا چاہتا ہو، اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ انسانوں کا مطالعہ کرے اور فلاسفی کا طالب علم بننے کی خواہش رکھتا ہو۔ اس میں یہ خوبی ہونی چاہیئے کہ وہ مریضوں کی حقیقی اور غیر حقیقی علامات کو پہچاننے کی خصوصیت رکھتا ہو۔ اور اس کے اندر ذمہ داری کا احساس بدرجۂ اتم موجود ہو۔ اسے اس چیز کی مہارت حاصل ہونی چاہیئے کہ وہ قوتِ حیات کی مرتب کردہ تمام حالتوں کو مریض کے چہرے سے پہچان سکے۔ اور اسے اس قابل ہونا چاہیئے کہ حالات اور عادات کی پیدا کردہ علامات کو مریض میں پہچان سکے اور ان ہی علامات سے صحت بحال کرنے والی ادویات کا انتخاب کر سکے۔ مریض کا مطالعہ اور مشاہدہ کرنے میں گھنٹوں صرف کرنے چاہئیں تاکہ بیماری کی اصل وجہ معلوم ہو سکے اور مضبوط چٹانی قسم کے قوانینِ فطرت کی بنا پر دوا تجویز ہو سکے۔

لہٰذا ایسے نوجوان کے لئے جو مندرجہ بالا خصوصیات سے متصف ہو اور وہ اس عمر بھر کے مشکل ترین کام کو اپنانے کے لئے قوتِ ارادی کا مالک ہو تو، ہومیوپیتھی ایسے شخص کیلئے

Scanned by CamScanner

بیش بہا نعمتیں رکھتی ہے۔

سب سے پہلے تو ہومیوپیتھی ایسے منفرد ذہن کے مالک کے لئے ایسے مواقع فراہم کرتی ہے جن سے وہ قوانین فطرت کو نئے سرے سے جانچ اور پرکھ سکے یعنی اُن قوانین کو جن پر ہومیوپیتھی کی بنیاد قائم ہے۔ ہومیوپیتھی ایسے افراد کے لئے وسیع میدان فراہم کرتی ہے جس میں ان کے ذہن آزادی کے ساتھ سفر کرتے ہوئے یہ دیکھ سکیں کہ کس طرح یہ قوانین فطرت آنے والی نسلوں کے لئے بھی آج کی سی افادیت کے ساتھ استعمال ہو سکیں گے۔

ہومیوپیتھی انسانی خدمت کا وہ واحد طریقہ علاج ہے، جس کی بدولت بیمار مرد اور خواتین یقینی شفاء کی شاہراہ کی طرف گامزن ہوتے ہیں، ہمیں یہ بات فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ ہمیں ناکامی ہو سکتی ہے، مگر یہ ناکامی ہماری ذاتی ناکامی ہوگی۔ اس کا مطلب ہومیوپیتھی کی ناکامی ہرگز نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اپنے کام کو انجام دینے کے لئے اگر ہمارے پاس آلات بہتر ہونگے تو ہم ان سے کام بھی بہتر طریقے پر لے سکیں گے۔ ہومیوپیتھی کی یہ نمایاں خصوصیت ہے کہ یہ طریقۂ علاج مریض کا علاج کرتا ہے۔ اگرچہ آج کل اجتماعی پریکٹس، اجتماعی سوچ بچار اور اجتماعی طرز زندگی ہر طرف عام دیکھنے میں آتا ہے، مگر ابھی تک ہمیں کوئی ایسی بات پر قائل نہیں کر سکا کہ ایک فرد واحد ایک گروہ کی نسبت اپنی انفرادی اہمیت کے لحاظ سے زیادہ اہم نہیں ہے، اور یہ کہ ہر شخص انفرادی اہمیت رکھتا ہے اور اس چیز کی اہمیت اس وقت تک قائم رہے گی جب تک ذہین سوچ رکھنے والے لوگ اپنی انفرادیت کی اہمیت کو محسوس کرتے رہیں گے۔ لہٰذا ہومیوپیتھی ایسے لوگوں کو خاص اہمیت دیتی ہے جو دوسرے لوگوں میں انفرادیت کی اہمیت کی سوچ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور علاج کے سلسلے میں انفرادیت کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہیں۔

ہومیوپیتھی، مکمل انسان کو قابل علاج تصور کرتی ہے نہ کہ اس کے جسم کے الگ الگ حصوں کو، یہی وجہ ہے کہ ہومیوپیتھی میکانی ذہن رکھنے والے شخص کو کم اہمیت دیتی ہے۔

Scanned by CamScanner

اس لئے کہ ایسے اشخاص بہترین سرجن ثابت ہو سکتے ہیں جبکہ ہومیوپیتھی بیمار کے تمام جسم کی بحالی صحت کی طرف انتہائی نرم طریقے سے رواں ہونے کی حامی ہے۔

ہومیوپیتھک طالبعلم کے لئے ایک اور ضروری بات یہ ہے کہ اسے پبلک ہیلتھ سروس اور طریقہ علاج میں فرق کو ذہن نشین رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ پبلک ہیلتھ سروس کا کام معاشرہ میں موجود امراض کی روک تھام غذا اور پانی کے وسائل کی دیکھ بھال، حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق رہائش گاہوں میں آسائش فراہم کرنا اور اسی سلسلے میں ضروری پابندیاں عائد کرنا اور کوڑا کرکٹ کو مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانا ہے تاکہ معاشرہ میں لوگوں کو وباؤں سے بچایا جا سکے کیونکہ یہ وبائیں پانی، دودھ اور غذاؤں میں ملاوٹ اور غیر صحت مند ماحول یعنی حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور گندگی سے پھیلتی ہیں۔

ادویات کا بنیادی اور حقیقی کام بیماریوں کا علاج ہے۔ یعنی انسان کی تعمیر نو کا وہ طریقہ جس میں صفائی اور حفظانِ صحت کے اصولوں کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاتا اور اس طریقہ علاج سے ہر فرد کی ضروریات کو منفرد طریقے سے اہمیت دی جاتی ہے نہ کہ معاشرے کی ضروریات کو ہومیوپیتھی تو اوپر بیان کی گئی خدمت سے بڑھکر کام کرتی ہے کیونکہ ہومیوپیتھی ہر فرد واحد کو وراثتی رجحانات اور وراثتی بیماریوں کے بوجھ سے آزاد کرانے میں بھی ہر ممکن کوشش کرتی ہے اور اس کی قوت حیات کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ بیماریوں کے خلاف اپنی ذاتی قوت مدافعت کو بروئے کار لا سکے۔ ہومیوپیتھی مریض کی صحت کو نہایت قیمتی سمجھتی ہے اور اگر ہومیوپیتھی کے قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے علاج کیا جائے تو صحت کی بحالی یقینی ہو جاتی ہے۔

ہومیوپیتھک طریقہ علاج اور پبلک ہیلتھ سروس میں ایک اور نمایاں فرق یہ ہے کہ (پبلک ہیلتھ سروس) میں سیرم اور ویکسین کا استعمال روز بروز بڑھ رہا ہے۔ یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ یہ ادویات حقیقتاً ہومیوپیتھی ہیں۔ حتیٰ کہ ہومیوپیتھک کالجز میں انسٹرکٹرز بھی اسی خیال کا اظہار کرتے ہیں۔ آیئے نوجوان (طالب علم) کو اس چیز کا منطقی جائزہ لینے کی دعوت دیں۔

Scanned by CamScanner

مثل اور مشابہ میں فرق

پہلی بات تو یہ ہے مثل (SIMILAR) کی بجائے مشابہ (IDENTICAL) کا استعمال کرنا ہی ہومیوپیتھی اور آئیسوپیتھی (ISOPATHY) کے فرق کو واضح کر دیتا ہے۔ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ ویکسین اور سیرم ہومیوپیتھک دواؤں جیسی (IDENTICAL) ہی ہیں کیونکہ ان کی تیاری کا طریقہ کسی حد تک ہومیوپیتھک پوٹینٹائزیشن سے ملتا جلتا ہے۔ اگرچہ یہ دوا پوٹینٹائزڈ ہے، مگر ہومیوپیتھک اسلئے نہیں کہ یہ بالمثل نہیں بلکہ اصل سے ملتی جلتی (IDENTICAL) ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس کی پوٹینٹائزیشن بہت زیادہ مقدار کی صورت میں کی گئی اور اسکو فلٹر کرنے کے لئے کسی تعدیل غیر حامل مادے کو استعمال نہیں کیا گیا بلکہ اسکی فلٹریشن نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والے زندہ جانوروں کے جسم سے کی گئی۔

بیالوجی کا ایک قانون ہے کہ نچلے طبقے کے جانور اور اونچے طبقے کے جانوروں کے خون کا ملاپ کا نتیجہ اس نوع (SPECIES) کے تباہ ہونے کے سوا کچھ نہیں ہوتا، لہذا اس چیز کو ضرور زیر غور لانا چاہیئے۔ عمل طور پر ہم اچھی طرح جانوروں کے مختلف گروپوں کی نشوونما کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ مثلاً ایک ایسا جانور جس کی زندگی ۲۰ سال ہو اور وہ اس مدت میں آدھ ٹن وزن اختیار کرلے، تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ اس میں نشوونما کا عمل بہت تیز ہے اور جب اس قسم کے وسیلے سے حاصل شدہ سیرم خواہ اُسے کتنی بھی اچھی طرح فلٹر کیوں نہ کیا گیا ہو ایک انسان کے جسم کے اندر داخل کیا جائے جبکہ انسان کی زندگی ۷۰ سال تصور کی جائے اور اس کے ۱۰۰ پونڈ وزن کو اوسط وزن تصور کیا جائے تو ہم یہ سمجھنے میں مشکل محسوس نہیں کریں گے کہ اس عمل کے اس انسان کی قوت حیات پر کس قسم کے اثرات ہوں گے۔ اگرچہ یہ کہا جاتا ہے کہ یہ سیرم پوٹینٹائزڈ اور خطرے سے مبرا ہے، مگر ہومیوپیتھی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ پوٹینٹائی زیشن جزوی طور پر اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ توانائی کو تیزی سے خارج کرتی ہے خواہ پوٹینٹائی زیشن سے قبل وہ چیز کتنی ہی نارمل اور توانائی کے لحاظ سے غیر حامل کیوں نہ ہو۔

آج کے دور کا اہم مسئلہ کینسر ہے اور یہ آج کے نوجوانوں کے ذہن کو جھنجھوڑتا ہے اور وہ اس مرض کی وجوہات کو جاننے کی انتھک کوشش کر رہا ہے۔ یہ ہومیوپیتھک معالجین کے لئے بھی ایک چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ اُن کے پاس ایسی ادویات موجود ہیں جو دوسرے طریقۂ علاج کے معالجین کے پاس نہیں ہیں۔

ہومیوپیتھک طریقۂ علاج ادویات کے عمل کو تندرست انسانوں پر آزمانے کی حمایت کرتا ہے۔ اور ادنیٰ درجے کے جانوروں پر نہیں اسلئے کہ ہومیوپیتھی اس بات پر یقین کامل رکھتی کہ تندرست انسانوں پر ادویات کی آزمائش ہی ہمیں اس قابل بناتی ہے کہ ہم ان دواؤں کو بیمار انسانوں کے لئے استعمال کر سکیں۔ اس لحاظ سے تحقیق کے لئے ہومیوپیتھی کا میدان کھلی دعوت دیتا ہے کہ پہلے سے ثابت شدہ پرانی ادویات کی دوبارہ پروونگ کریں اور اسی طرح نئی ادویہ کی آزمائش سے میٹریا میڈیکا کی ادویات میں اضافہ کریں۔ یہ پیشکش صرف ہومیوپیتھی کے پاس ہی ہے اور وہی اس کی دعوت دیتی ہے جبکہ دوسرے طریقہ ہائے علاج میں ایسی کوئی پیشکش اور مواقع نہیں ہیں۔

اب فیصلہ کرنا اس فرد واحد کا کام ہے کہ وہ ہومیوپیتھی سے اپنی زندگی کے لئے کیا کچھ حاصل کرنے کا خواہاں ہے۔ اگر تو اس کی خواہشات مالی فوائد کے حصول کی ہیں تو اس کے لئے بہتر ہے کہ وہ ہومیوپیتھی سے دُور رہے۔ ہومیوپیتھی ایک اصول ہے اور اصول وفاداری کی تقسیم نہیں کیا کرتے۔ اگر اس کے دل میں خدمت کا جذبہ موجزن ہے تو ہو سکتا ہے دولت اور شہرت اسے اپنے گھر کے دروازے پر ہی مل جائیں اور یہ سکون بھی حاصل ہو جائے کہ اس نے اپنے مریضوں کو نہایت پُر سکون تیز رفتار اور محفوظ اور نرم طریقۂ علاج سے صحت کی بے بہا دولت سے مالا مال کر دیا ہے۔

کیونکہ ایک ایسا شخص جو معاشرے کے افراد کی اسطرح مدد کرتا ہے کہ ہر شخص کو انفرادی اہمیت دیتا ہے اور انہیں صحت کے بلند و بالا مقامات کی طرف لاتا ہے۔ تو ایسے شخص کے لئے معاشرے میں بلند مقام ہوتا ہے۔ اور ایسا شخص ہومیوپیتھی انداز میں خطرناک بیماریوں کا علاج کرتا ہے تو معاشرے میں اس کی شہرت ضرور ہوتی ہے، اور یہ شہرت دم دار ستارے کی تیز مگر کم عمر جلتی ہوئی

Scanned by CamScanner

بخشی کی طرح نہیں ہوتی، بلکہ یہ شہرت ایک مسلسل لگن کی صورت میں ہوتی ہے جو اس کے راستے کو ہمیشہ منور رکھتی ہے کیونکہ وہ ایک ایسا انسان ہے جو اپنی توانائیاں مسلسل معاشرے کے لوگوں کی بہبود کے لئے صرف کر رہا ہو تو معاشرہ اس کے بدلے میں اُسے آرام دہ اور آرائش کی زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ اور یہ آرام و آسائش کی زندگی صرف ایسی شان و شوکت نہیں ہوتی جو کہ چند کوششوں کے نتیجے میں مل جائے۔ بلکہ اسے یہ آرام و آسائش اس مسلسل خدمت کے نتیجے میں حاصل ہوگا جو وہ لوگوں کے لئے انجام دیتا ہے۔ تو ایسے شخص اور اس کے خاندان کے لئے معاشرہ قابلِ عزت روزگار فراہم کرتا ہے۔

لہٰذا ـــــ ہر میوزیشن کو اگر پیشہ کے طور پر اپنانا ہے تو اس میں ایک چیلنج ہے "یعنی اس فن سے فراہم ہونے والے مواقع بے انداز ہیں"۔ ـــــ ـــــ کہ ہر میوزیشن آپ کو کس قسم کی قسمت عطا کرے گی؟ ـــــ ـــــ اور ـــــ اے نوجوان (ہر میوزیشن کے طالب علم) تم ہر میوزیشن کو کیا دو گے؟

INTRODUCTION TO THE STUDY OF HOMOEOPATHY

باب ۲

ہومیوپیتھی کے مطالعہ کا تعارف

اگر ایک معالج کامیابی سے طب کی پریکٹس کرنے کا خواہاں ہے تو اسے جان لینا چاہیئے۔ اوّل یہ کہ دوا سے قابل علاج چیز کیا ہے اور دوم دوا کے اندر شفایابی کی کونسی خصوصیات ہیں؟

معالج کو دوا کی ہسٹری اور ارتقاء کا علم ہونا چاہیئے (بتدریج) ادویات پر تجربات کرنے اور تندرست انسانوں پر آزمانے اور عرصہ دراز تک محتاط مشاہدات کرنے کے بعد اعداد و شمار کس طرح اکٹھے کئے جاتے ہیں اور پھر ان نتائج کو بار بار تجرباتی آزمائش اور کلینکل آزمائش سے گزارا جاتا ہے اور ادویات کے عمل کی بنیاد جس مضبوط انداز میں ڈالی جاتی ہے وہ صرف اور صرف ہومیوپیتھک طریقہ علاج کا بنیادی جزو ہے۔

وقت گزرنے کے ساتھ جب معالج ان راہنما اصولوں سے کسی حد تک واقف ہو جاتا ہے۔ تو وہ اس قابل ہو جاتا ہے کہ اپنے طبی مستقبل کے ڈھانچے کو ایسی بنیادوں پر کھڑا کر سکے جن کو ہلانا ناممکن ہو اور جو طبی دنیا میں نمودار ہونے والے ہر نظریئے سے متاثر ہو کر تبدیل نہ ہو سکیں۔ اگر ہمہ اوست خود و خواص سے کئی سالوں کے میڈیکل لٹریچر کا مطالعہ کریں تو ہمیں میڈیکل سائنس کے آئے دن تبدیل ہوتے نظریات کا کلیڈوسکوپک منظر دکھائی دے گا۔

دوسری طرف ہومیوپیتھی ہے جس میں ارتقاء کی گنجائش موجود ہے، مگر اس کے قوانین تبدیل

نہیں ہوتے کیونکہ ہومیوپیتھی کی بنیاد اصولوں پر رکھی گئی ہے اور ان اصولوں کی بنیاد قوانین فطرت پر رکھی گئی ہے۔ یہ قوانین فطرت بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ قوانین پہاڑوں سے بھی زیادہ پرانے اور ازلی ہیں کیونکہ ان قوانین کے فارمولے تو ان پہاڑوں کے وجود سے بھی پہلے وجود میں آئے تھے۔

اگر کوئی شخص ہومیوپیتھی کے راستے پر گامزن ہوتا ہے۔ اور قوانین ہومیوپیتھی کی سختی سے پابندی کرتا ہے اور بیرونی دباؤ کے باوجود ان قوانین کا دامن مضبوطی سے تھامے رکھتا ہے تو یہی قوانین اس کی شخصیت کو متوازن بناتے ہیں اور اس کے کام کو اس کے لئے یقینی بناتے ہیں اس کی ثابت قدمی کو دائمی اور حاد (ACUTE) امراض میں یکساں طور پر قائم رہتی ہے۔ اس کے علاوہ شدید قسم کی صدمہ حال نامعلوم اسباب کی پیدا کردہ وباؤں مثلاً انفلوئنزہ۔ پولیو مائیلیٹس اور اسی طرح دماغی سوزش کی حالتوں میں بھی اس کی ثابت قدمی قائم رہتی ہے کیونکہ ہر قسم کی امراض کے لئے بنیادی قوانین اپنی جگہ اٹل رہتے ہیں اور یہ قوانین اس قابل ہوتے ہیں کہ وہ صحت کی جانب صحیح راہنمائی کر سکیں۔

ایک ایسا شخص جو ہومیوپیتھی کے طریقہ اپناتا ہے اسے تعصب سے پاک ہونا چاہیئے اور اُسے بیماری کی حالتوں کا نئے زاویوں سے مشاہدہ کرنا چاہیئے اور اسے بعض الفاظ کی اہمیت دینا ہوتی ہے۔ اس کی بیماری کو نہیں، اسے یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ وہ علامات جن کو معمولی ٹریٹمنٹ لوگ صرف اس لئے رد کرتے ہیں کہ وہ علامات الجھن پیدا کرتی ہیں اور انہیں خیرام کہہ کر رد یا نظر انداز کر دیا جاتا ہے، مگر ایک ہومیوپیتھک معالج کے لئے یہی علامات کیس کو سمجھنے اور آسان بنانے میں مدد دیتی ہیں اور معالج کے لئے یقینی مدد کی راہ ہموار کرتی ہیں۔

اس (معالج) کے اندر احساس ذمہ داری ہونا ضروری ہے اور اُسے اس قابل ہونا چاہیئے کہ وہ مریض کی عادات اور مریض کے حالات کی پیدا کردہ علامات اور نشانات کا مشاہدہ کر سکے اور ان علامات کی مدد سے اس کی صحت کو بحال کرنے کی تدبیر کر سکے۔

Scanned by CamScanner

دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسے ہومیوپیتھی نقطۂ نظر سے کیسز کا مشاہدہ کرنا اور پرکھنا چاہیئے۔ تشخیصی نقطۂ نگاہ جو کہ اسے اپنی ٹریننگ کے دوران متاثر کرتے رہے ہیں یہاں پر مختلف حیثیت حاصل ہونا چاہیئے اسے بیماری کے اصل سبب کا سراغ لگانے اور مریض کی مکمل تصویر کے پیش نظر موزوں دوا کا انتخاب کرنے کے لئے ہمیشہ مضبوط ترین قوانین فطرت سے مدد لینا چاہیئے۔

ہومیوپیتھی تو موقع فراہم کرنے کی ایک ایسی ٹھنڈی سڑک ہے جو قوانین فطرت کے ثبوت کے نئے نئے میدانوں کی جانب رہنمائی کرتی ہے کیونکہ اگر یہ قوانین بنیادی حیثیت رکھتے ہیں جیسا کہ ہمارا یقین ہے تو پھر ان کا اطلاق یونیورسل ہے اگر ہمارے پاس مشاہداتی نگاہ ہو تو ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ان قوانین کا اطلاق نہ صرف علم العلاج میں ہوتا ہے بلکہ قدرتی اور اپلائیڈ سائنس (APPLIED SCIENCE) کے تمام میدانوں میں بھی یہ قوانین کارفرما نظر آتے ہیں۔

ہومیوپیتھک طریقۂ علاج نے جو ٹھنڈی سڑک شفاء کے لئے کھول رکھی ہے وہ بہت وسیع ہے اور اس راہ سے حاصل کی گئی شفاء مریض کو بغیر کسی تکلیف برداشت کئے نہایت نرم طریقے سے حاصل ہوتی ہے۔ مگر اس شفاء کا تعلق مریض کے پورے جسم سے ہوتا ہے۔ ہومیوپیتھی وہ طریقۂ علاج ہے جس میں ہم کسی فرد واحد کے جسمانی نظام کی درستگی کو بحال کرنا ہوتا ہے اور اگر شفاء ممکن ہو سکتی ہو تو مریض کو شفایابی کی شاہراہ کی طرف گامزن کرنا ہوتا ہے۔ اگر ہمیں شفاء بخشنے میں ناکامی ہو جائے تو یہ ناکامی ہماری ذاتی ناکامی ہوگی کیونکہ اس صورت میں یا تو ہم کیس کا مکمل احاطہ کرنے میں ناکام رہے ہوں گے یا پھر ہمارے ادویاتی علم میں کمی ہوگی۔ اتنے وسیع میدان میں یہ بات ممکن ہو سکتی ہے کہ تمام کے تمام میسر ذرائع نہ ہمیں کچھ بھی تو فی الحال میں ہیں۔ اس کے علاوہ ہماری ذاتی قابلیت بھی ہمیں پہلے سے موجود اطلاعات کے استعمال کیلئے محدود کر سکتی ہے۔ لیکن وہ لوگ جو ہومیوپیتھی کا مطالعہ غیر متعصب ذہن سے کرتے ہیں اور اس ہومیوپیتھی کی پریکٹس مخلصانہ طور پر کرتے ہیں، وہ اس طریقۂ علاج کے عظیم شفا بخش تدبر کی تصدیق

کر سکتے ہیں کہ اس طریقۂ علاج کو ضمیر کی آواز کے ساتھ مریض پر آزمانے سے کیسے نتائج حاصل ہوتے ہیں
اگر اعلامات کی زنجیر اپنے مکمل اجزا (مختلف علامات) سے مرتب ہو تو پھر ہر جزو (علامت)
کو علیحدہ علیحدہ پرکھنا چاہیئے اور علامات کی مکمل زنجیر کی طاقت سے بیماری کو ہمیشہ کے لیے رخصت کر دینا چاہیئے
ہومیوپیتھی پریکٹس کی بنیادی خصوصیت نہ صرف انسان کو منفرد حیثیت کا مالک گردانتی ہے
بلکہ اُسے ایک مکمل یونٹ بھی تصور کرتی ہے جس کے تمام اعضاء مکمل اس کے جسم کو متوازن رکھتے
ہیں۔ اسلیئے ہومیوپیتھی کسی ایک عضو جسم کو بیمار تصور نہیں کرتی بلکہ اُسے کسی عضو جسم کے بیمار کو
تمام جسم کا بیمار تصور کرتی ہے۔

ادویات کا مقصد بیماریوں کو شفایاب کرنا ہے۔ اور انسان کی اس طرح تعمیر کرنا ہے اور اس
سلسلے میں مناسب حفظان صحت کے اصولوں اور صفائی کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا بلکہ متعلقہ
شخص کی انفرادی حیثیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے مزید گہرے مشاہدہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ شاید ہومیو
پیتھی دوسرے تمام طریقہ ہائے علاج کے مقابلہ میں مریض کے حالات اور ماحول کے اثرات
کو زیادتی اہمیت دیتی ہے۔ اس کے علاوہ نہ صرف مریض بلکہ مریض کی نزدیکی وراثت کے علاوہ
اس کے دور کے آباؤ اجداد کی جدوجہد کو بھی نظرانداز نہیں کرتی۔ ہومیوپیتھی مریض کو اس کے
وراثتی رجحانات کے بڑھتے ہوئے اثرات سے بچانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتی ہے اور۔
وراثتی رجحانات کے بڑھتے ہوئے اثرات سے بچانے کے لئے قوت حیات کو بیماریوں کیخلاف
قوت مدافعت فراہم کرتی ہے۔ ہومیوپیتھی مریض کی صحت کو نہایت قیمتی چیز تصور کرتی ہے اور اگر
قوانین ہومیوپیتھی پر عمل کیا جائے تو صحت کا حصول یقینی ہو جاتا ہے۔

ہومیوپیتھی ادویات کی آزمائش کے لئے تندرست انسانوں کو منتخب کرتی ہے اور ادنیٰ درجہ
کے جانوروں پر ادویات آزمانے کے حق میں نہیں کیونکہ صرف تندرست انسانوں پر ادویات آزما کر
ہی ہم اس قابل ہوتے ہیں کہ ان ادویات کو بیمار انسانوں کے لئے استعمال کریں۔ اس لیئے
ہومیوپیتھی دوسرے تمام طریقہ ہائے علاج کی رہبری کرتی ہے۔ کیونکہ کسی بھی طریقہ علاج

سنے اتنے لمبے عرصہ تک اتنے وسیع پیمانے پر ادویات کی آزمائش کے نتائج کو ریکارڈ کیا ہے اور نتائج کی انتہائی محتاط انداز میں کلینکل چیکنگ کی ہے۔ اس طریقہ کار کو حقیقی سائنسی طریقہ کار کہنا درست ہے کیونکہ نتائج کو بار بار چیک کیا جاتا ہے اور پھر اس کے بعد ہی ان نتائج کو ایمانی کے ساتھ قوانین کی پیروی کرتے ہوئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ہومیوپیتھی کا یک عام تسلیم شدہ نظریہ قانون مماثل۔ (LAW OF SIMILAR)

سے البتہ ہے انسائیکلوپیڈیا میں ہومیوپیتھی کے معنی ایک ایسے نظام علاج کے ہیں جو قوانین مماثل پر مشتمل ہے ہومیوپیتھی کی مختصر تعریف تو یہ ہو سکتی ہے لیکن ہومیوپیتھی "قوانین مماثل" کے علاوہ بھی بہت کچھ ہے اور مندرجہ بالا تعریف اس وقت تک نامکمل رہے گی اگر اس بات میں کا اضافہ نہ کیا جائے یا پھر اس کی بہتر تعریف ان الفاظ میں ہو سکتی ہے ہومیوپیتھی ایسا نظام علاج ہے جس کی بنیاد قوانین فطرت پر رکھی گئی ہے۔

ان قوانین کی قدر و قیمت جاننے کیلئے ہمیں ان کا مکمل اور جامع علم ہونا چاہیئے۔ شاندار نتائج حاصل کرنے کی امید، ہومیوپیتھی پر یقین کو نقصان پہنچا سکتی ہے کیونکہ ان قوانین کا ادھورا علم بعض اوقات ہمیں ہومیوپیتھی کے استعمال سے روک بھی سکتا ہے اور بعض اوقات ان قوانین سے لاعلمی کے باوجود ہم شاندار نتائج حاصل کر لیتے ہیں۔ یہ بات درست ہے مگر ہمیں اکثر ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے یعنی اگر ہم ان کی ہدایت پر عمل کریں اور بیماری کے اصل سبب کو دور کرنے کی کوشش نہ کریں جبکہ ظاہری طور پر وہ بیماری ایک کلینکل تکلیف کی صورت میں نظر آتی ہے۔ اس کے علاوہ ایسی بیماریاں جو مناسب غذا نہ ملنے کی وجہ سے لاحق ہوتی ہیں اور انہضام کی خرابی ان کی وجہ نہیں ہوتی تو ایسی صورت میں مناسب دوا کا علم ہونے پر ہومیوپیتھک دوا ہر گز نہیں ہو سکتی۔

دوسری طرف علم العلاج کے میدان میں ہر ایک شفائی خصوصیت رکھنے والی دوا کے کرنے اور اثر معلوم نہیں ہوتی۔ اور اس میدان میں بھی قوانین ہومیوپیتھی کی حکمرانی اعلیٰ ترین ہے۔

Scanned by CamScanner

ہومیوپیتھی زندہ جاندار میں مرض پیدا کرنے والے عوامل کو سمجھتی ہے اور یہ مرض اپنے پیدا ہونے کے سبب کے بغیر علامات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہومیوپیتھی کا تعلق عروقی اعصابی (VASOMOTOR) یعنی بیماری کے ابتدائی، فعلی یا ڈائینمک پہلو سے ہوتا ہے اور بیماری کے نتیجے یا بیماری کے اثر سے نہیں ہوتا، کیونکہ ان چیزوں سے ہمیں کوئی سروکار نہیں کیونکہ یہ مرض نہیں بلکہ مرض کے نتائج ہیں۔ اسلیئے ہمیں ابتدائی فعلی علامات (جو کہ مرض کے عوامل کو ظاہر کرتی ہیں) اور ثانوی علامات (جو بیماری کے نتائج ظاہر کرتی ہیں) میں فرق پہچاننا چاہیئے۔

فزیکل پیتھالوجی میں جیسا کہ پتے کی تھرمومیٹر کی صورت میں ہم تھرمومیٹر کی دوا تجویز نہیں کرتے بلکہ مریض کی دوا تجویز کرتے ہیں اور یہ دوا ان علامات سے مکمل نظام تجویز کی جاتی ہے جو قوت حیات کے عوامل میں گڑبڑ سے نمودار ہوتی ہیں اور یہ علامات ان عوامل سے پہلے اور ان عوامل کے ساتھ پیدا ہوتی ہیں جن کے نتیجے میں بالآخر تھرمومیٹر پیدا ہوتی ہیں۔

بیالوجی کے مطابق فعلی علامات ہمیشہ ساختی تبدیلیوں سے پہلے ظاہر ہوتی ہیں افعال ہی اعضاء کی تخلیق اور نشوونما کے ضامن ہوتے ہیں۔ بیماری کی حالت میں قوت حیات بدترین حالات میں بھی اپنے افعال انجام دینے کی کوشش کرتی ہے اور یہ عمل بیماری کے اظہار سے پہلے ہوتا ہے۔ ہومیوپیتھک معالج کے لئے علامات کا مجموعہ ہی مرض کہلاتا ہے۔ اور یہ علامات ہی مرض کی واحد پہچان ہوتی ہیں لہذا شفائی علاج کی واحد بنیاد بھی یہی علامات بنتی ہیں یہ علامات ہی قوت حیات کے اندرونی بگاڑ کا واحد بیرونی مظہر ہوتی ہیں جو بالآخر بیماری کی شکل اختیار کر لیتی ہیں اور جب یہ علامات دور کر دی جاتی ہیں تو بیماری کا وجود ختم ہو جاتا ہے

ہومیوپیتھی بیماری پیدا کرنے والے عناصر اور بیماری کے پیدا کردہ نتائج سے تعلق نہیں رکھتی۔ ماہرین دوا کے استعمال سے پہلے شفاء کے راستے میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنا ضروری سمجھتے تھے۔ اور ہومیوپیتھک دوا مریض کی علامات کے مطابق اور اس کی انفرادیت

کے پیش نظر منتخب کرتے تھے کیونکہ شفاء کے حصول کے لئے واحد یہی ایک طریقہ کار ہے۔
لہٰذا ہم اپنی تمام توجہ مریض پر مرض فعلی پہلو اور بذات خود مرض پر مرکوز کرتے ہیں۔
یہی وہ مقام ہے جہاں ہمیں ہومیوپیتھی کا دائرہ کار نظر آتا ہے۔ لہٰذا اس نقطۂ نگاہ سے بیماری
افعال کے اندر مسلسل تبدیلی اور منتقلی کو کہتے ہیں اور اس کا اندازہ زندگی کا آخر تک ساتھ رہتا
ہے ہم اس صورت میں خالصتاً روحانی (DYNAMIC) سلطنت سے تعلق رکھتے ہیں
کیونکہ یہ میدان منتشر قوت حیات سے متعلق ہے اور اس نے قوت حیات کے منتشر افعال اور
مریض کے سم میں سے بیماریاں رونما ہوتی ہیں۔ اور اس کے لئے بیماریوں کی وجہ یا بیماریوں کے نام
کی کوئی اہمیت نہیں کیونکہ یہ روحانی سلطنت (VITAL REALM) صرف قوانین حرکت
کے کنٹرول میں ہوتی ہے اس دائرہ کار میں ڈائنڈل افعال عمل کرتے ہیں۔ یعنی عمل اور ردعمل
برابر لیکن مختلف سمتوں میں ہوتے ہیں۔

ہانیمن اپنی کتاب آرگنین کے چوتھے پیراگراف میں کہتے ہیں:۔

"ایک غیر متعصب محقق جو ان قیاسات کے ناکارہ پن سے واقف ہو، یعنی وہ قیاس
جو عام فہم ادراک سے بالاتر ہوتے ہیں مگر تجربہ کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتے اور وہ اپنی تمام تر کوشش
کے باوجود کسی مرض میں سوائے جسمانی اور روحانی صحت کے اندر تبدیلیاں پیدا کرنے کے اور کچھ
نہیں کر سکتا ان تبدیلیوں کو جو اب مظاہر، حوادث یا علامات کا نام دیا جاتا ہے اور یہ علامات
ظاہری طور پر حواس خمسہ کے ذریعہ معلوم کی جا سکتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں وہ مرض کا
شکار ہونے والی فرد کی سابقہ تندرست حالت میں پیدا شدہ ان تبدیلیوں کا پتہ چلاتا ہے جو کہ مریض
خود محسوس کرتا ہے اور جن کا مشاہدہ مریض کے ساتھ رہنے والے بھی کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ
معالج مریض میں خود ان چیزوں کو معلوم کرتا ہے یہ تمام علامات اور احساسات مرض کی
مکمل حقیقت کا مظہر ہوتی ہیں۔ یعنی وہ مکمل طور پر مرض کی نہایت ہی اور واضح تصویر پیش کرتی ہیں۔"
مرض بذات خود نظر آنے والی چیز نہیں اور ہم تو صرف مرض کے اثرات کو دیکھ سکتے ہیں اور ہم

صرف علامات کا ریکارڈ رکھ سکتے ہیں۔ مرض بھی خیالات کی طرح تصوراتی چیز ہے جیسا کہ ہم خیالات کے وجود کو نہیں دیکھ سکتے، سوائے ان خیالات کے جو کسی فعل کی شکل اختیار کر لیں لہٰذا مرض کو بھی ہم اسی صورت میں پہچان سکتے ہیں جب وہ علامات کی شکل اختیار کرتی ہے۔ اندرونی مظاہر کی اصلیت ڈائنیمک ہوتی ہے اور ان کا بیرونی مظہر فعلی ہوتا ہے اگرچہ یہ سب کچھ صحیح ہے مگر اس کے باوجود ہم حقائق کے صرف مثبت پہلو سے تعلق رکھتے ہیں ــــ کیونکہ علامات حقائق کے ریکارڈ کا نام ہے ــــ اور علامات کی صورت میں نمودار ہونے والے حقائق قوت حیات کے مرض سے متاثر ہونے کے حقیقی عکاس ہوتے ہیں۔

ایک مرتبہ پھر ہانمن کی آرگینن کے حوالے سے اذیات میں تعاقبی خصوصیات کی موجودگی ضروری ہے اگرچہ اس کی اندرونی خصوصیات کو دیکھا نہ جا سکے اس کی بات نہیں لیکن اس کے بیرونی اظہار اور اثرات کی پہچان بھی تجربہ کی مرہون منت ہے۔

تمام علامات کے ختم ہونے کے بعد صحت بحال ہو جاتی ہے اور تب ہی بیماری ختم ہوتی ہے۔ ہانمن بیماری اور اس کی وجوہات اس کے ظہور اور اس کے نتائج کے درمیان فرق اس طرح بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہومیوپیتھی کا دائرہ کار اس ساختی تبدیلیوں تک محدود ہے جہاں سے مرض شروع ہوتا ہے۔ بعد ہومیوپیتھی صرف ڈائنیمک دائرہ عمل میں رہتی ہے ہومیوپیتھی بیماری کی طبعی وجوہات اور بیماری کے اثرات سے براہ راست تعلق نہیں رکھتی ہاں اس سے بالواسطہ تعلق ضرور رکھتی ہے۔ اس معاملے میں سوچا جا سکتا ہے لیکن اس کے باوجود بھی کئی سوالات باقی رہ سکتے ہیں۔ لیکن اگر اثرات سے گہری جڑیں ساتھ ہوں تو ان کو ختم سے ملایا جا سکتا ہے اور اگر ایسا کیا جا سکے تو سوال کیا جا سکتا ہے کہ وہ کیسے ہیں۔ اثرات محسوس نہیں کئے جا سکتے مگر ہمیں مرض کے اسباب اور مرض کے نتائج میں فرق معلوم ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہ دونوں چیزیں ٹانک کے خلاف پلڑوں کی سی حیثیت رکھتی ہیں ــــ اگرچہ مرض کے نتیجے والے بافتی (tissue) کے ڈیزیز مرض نہیں ہیں۔ لہٰذا ہومیوپیتھی طریقہ علاج سے ان کا تعلق نہیں مگر یہ بیماری پیدا کرنے

[illegible] ہومیوپیتھی کے [illegible]
[illegible] کیونکہ علاج کا وہ طریقہ جو مریض کی [illegible]
[illegible] کے بجائے [illegible] کے [illegible] کے [illegible]
[illegible] کی علامتوں کو [illegible] کرتا ہے [illegible] ہومیوپیتھی کے [illegible]
اصل شعاع کو [illegible] کے [illegible] کار میں حاصل ہو سکتی ہے اور [illegible] کی حالت صحت
کی بحالی کے ساتھ اس کے [illegible] میں ہم جنس علامات سے مشابہ دوا کے استعمال سے حاصل
ہوتی ہے۔ جیسا کہ شوارٹز لکھتا ہے کہ:

"ہومیوپیتھی کا حقیقی میدان یہ ہے کہ وہ امراض (اور ادویات) جو انسان کی صحت کو متاثر
کرتے ہیں اور جو ٹوکسیکولوجی، میکانیات اور نہ ہی بالتعین کے کیسوں میں ہیں اور یہ عوامل بیمار
آدمی کے مشاہدہ، بیماریاں اور صحت آدمی میں [illegible] حاصل ہوتی ہیں۔"

ٹنکے (TINCHE) نے ثابت کیا ہے کہ ایک بچے کی نشوونما اور بڑھنے اور پھوٹنے
کے عمل کے لئے بہت کچھ کیا جا سکتا ہے اور اس کے ان عوامل کو شواین سا جا سکتا ہے اس
لئے کہ اس بچہ کا قدرتی تعلق علم سے ہے۔ اس مقام پر قانون، مثل سے انتہا اہمیت رکھتا
ہے۔ کیونکہ یہ خصوصی طور پر عمل اور ردعمل کے قانون سے متاثر ہوتا ہے اور اسی طرح دوائے
بالمثل کا عمل بھی اس کی نشوونما اور بڑھنے پھولنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ہومیوپیتھی شدید اور جنسی حالات میں بر لیپل آف بیلی ایشن (PRINCIPLE OF [illegible]
[illegible]) کے تحت کام کرتی ہے۔ جیسا کہ ارگین کے پیراگراف ۷۰ میں بیان
فرماتے ہیں:۔

"سوائے انتہائی ہنگامی صورتوں میں جہاں مریض کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو اور فوری
موت کا خدشہ ہو، ہومیوپیتھک دوا کے استعمال کی عملت نہ ہے۔ ایسی صورت میں کئی قطرہ
ملک دوا کے استعمال کے اثر کا انتظار کرنا [illegible] میں [illegible] ہر جدت کا [illegible]

بھی خطرناک ہو سکتا ہے۔ مثلاً ہچکی کی حالت میں کھلی کے چھلکے سے سانس بند ہونے سے شدید سردی کے اثر سے یا پھر پانی میں ڈوبنے کی حالتوں میں۔ سکتہ کی عادت ہے مگر تشریح یہ ہے کہ سب سے پہلے مریض کو ہوش میں لایا جائے اور اس کو دوا کے ساتھ رابطہ بحال کیا جائے مثلاً مریض کو ہوش میں لانے والی دوا سنگھائی جائے۔ جسم میں حرکت پیدا کرنے کے لئے تیز قسم کے کھلی کے چھلکے دیئے جائیں۔ تیز قسم کی دوائی جائے جس کو ایمرجنسی کہا جائے۔ باہر جسم کو گرم کیا جائے ایسا کرنے سے قوت حیات کا عمل پیدا ہو جائے گا۔ سو یہ اس طرح کے کوئی بیماری تو رفع نہیں کی جاتی مگر صرف قوت حیات کو بڑھانے اور بیماریوں سے بچانے والا مقصود ہوتا ہے اس قسم کی حالتوں میں کئی دوائی بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ مثلاً سانپ کے زہر کے اثر کو تعدیل کے لئے اسکی استعمال کیا جا سکتی ہے۔ اسی طرح مختلف زہروں کے لئے مناسب دوائی استعمال ہو سکتے ہیں۔ دھاتوں سے زہر آلودگی کی صورت میں ہیپر سلفیورس استعمال کی جا سکتی ہے۔

افیم کے زہر کیلئے کافی اور کیمفر یا اپیکاک استعمال کرائی جا سکتی ہے

ہنگامی حالتوں کے علاوہ بھی بیماریاں ہو سکتی ہیں جن کی حالت ہم ہومیوپیتھک دوائی استعمال کر سکتے ہیں اور یہ علامات بھی دوا کے انتخاب میں اسطرح مدد دے سکتی ہیں جس طرح عام ہومیوپیتھک طریقے ان صورتوں میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ ان حالات میں پوٹینسی ڈوا زم مگر تیز قسم کی ہو، کی مدت زیادہ کیلئے تجویز ہوگی جگر تیز قسم کی، تبدیلیت ہو مر ہومیوپیتھک ہیں یہ ستر تا ۶ پیدا نہیں کر سکتیں۔ لہذا اس قسم کی ہنگامی صورتوں میں مشکلات کئی۔ مختلف وقفے سے پہنچنے والے صدمات اور حتیٰ کہ زہر خورانی ہو۔ اس قسم کی ہنگامی صورتوں میں ہر صورت سے ہاتھ ہومیو پیتھک ادویہ کے استعمال کرنے سے صحت۔ قسم کے تبدیلی روش کی نتائج حاصل ہوئے ہو کئی جا سکتے ہیں بچائی گئیں۔ ان حالات میں منتخب کردہ دوا نے نہایت تیزی سے جسمانی قوتوں کو بحال کیا ہے۔ اور جسمانی اذیت کی سرعت سے شدت کو کم کیا ہے۔ ہومیوپیتھک ادویات کی سرعت سے شدت کو کم نہیں کر سکتے۔

ایسی چیز جو ہمارے سامنے ہو اس کے بارے میں آسانی سے صاف اور واضح نظریہ حاصل کیا جا سکتا ہے استقرائی شعاع کے مناسب مقام کو پہچان کر ہم اصل معنوں میں تشریحی معالجہ بن سکتے ہیں اور مرد و زن کے حصول کے لئے کیرل ڈنہم کے اس قول کو مدنظر رکھیں جسے انہوں نے ہوسیوپیتھی کی سائنسی تعبیر بتایا ہے۔

ہوسیوپیتھی کی ترقی استقرائی استدلال کی رہین منت ہے

ہوسیوپیتھی کے نتائج اس کے مفروضات سے مطابقت رکھتے ہیں اور ان نتائج کی بنیاد تخلیق پر ہوتی ہے کیونکہ ہوسیوپیتھی کو طریقۂ علاج کی جو حیثیت حاصل ہے وہ حقائق و تجربات کے بغور مشاہدہ سے متعلق استدلال اور دیگر عام معلوماتی ماخذ و ثبوت کی بدولت ہے کیونکہ دوا کی آزمائش ہے لیکن شفایاب کرنے والی ادویات کے استعمال تک کے تمام عوامل استقرائی استدلال کے اصولوں پر کام کرتے ہیں۔

فنک (FUNK) اور وگنالز ڈکشنری میں FUNK & WAGNALLS STANDARD DICTIONARY) استقرائی استدلال کی تعریف مندرجہ ذیل ہے۔

استدلال کا استقرائی طریقہ وہ سائنسی طریقہ کار ہے جو استقراق سے نشوونما پاتا ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل چیزوں کی ضرورت ہے۔

(۱)۔ حقیقی مشاہدہ۔ (۲)۔ مشاہدہ کے لئے کئے حقائق کا صحیح انتخاب اور بعد میں ان حقائق باہمی حل کو سمجھنا اور ان کی درجہ بندی کرنا۔

(۳)۔ ان حقائق کی PERSONAL وضاحت اصطلاح کرنا کہ ان کے پیدا کرنے والے اسباب اور قوانین بھی نظر انداز نہ ہوں۔

(۴)۔ سائنسی ساخت یا ترتیب یعنی حقائق کو ایک دوسرے کے ساتھ اصطلاح مربوط کرنا۔ کرنے سے تشکیل پانے والا نظام حقائق کی تصدیق کرے۔

آیئے ہاہنمن کے اس مادے میں کئے گئے کام کا مشاہدہ کریں جو انہوں نے اپنی سائنسی بنیاد

توجہ کی نشوونما کے لیے درمیان و تعاون کرنے کے لیے اور قوانین فطرت کے مناسب استعمال سے
یہ کام انجام دیا۔

ان کے تجربہ کی ٹریننگ نے ان کے منطقی استدلال کو صلاحیتی اور ان کے حساس ذہن نے خاص طور
ان کے کام کے لیے موزوں تربیت دیا۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کی ابتدائی تربیت
ہی استخراجی استدلال پر منحصر تھی، لہٰذا وہ بیمار کے علاج کے لئے نامعلوم قوانین کو سائنسی بنیادوں
پر استوار کر لیتے تھے۔

۱۱۔ **حقیقی مشاہدہ**۔ (EXACT OBSERVATION)۔ اٹھارویں صدی میں بانیس نے
ایلوپیتھی طریقہ علاج میں ناکام ہونے کی اصل وجہ ان کا استدلالی ذہن اور مشاہدتی نظر رکھنے والی
خصوصیات تھیں۔ ان کی ابتدائی ٹریننگ اس بات کی متقاضی تھی کہ ادویات کے استعمال کے
لئے منطقی دلائل کو ڈھونڈیں اور جب دوا کو ایک مرتبہ استعمال کرایا جائے تو پھر اس کے ساتھ
خواہ نتائج کے حصول کی امید رکھی جائے۔

اس دور کے دوا منتخب کرنے کے بجائی طریقے صاف اور واضح نتائج کے لیے کوئی
مناسب گنجائش نہیں چھوڑتے تھے۔ بانیس دیکھتے تھے کہ اس دور کے معالجین، مریضوں کو شفایاب
کرنے میں اکثر کیوں ناکام ہوتے تھے! پھر وہ مریض کی حالت کو بدتر کر دیتے تھے۔ بانیس نے مشاہدہ
کیا کہ نہ صرف پیچیدہ امراض بلکہ سادہ قسم کی بیماریوں میں بہتر فی علاج میسر آنے کے باوجود صحت
کے نقرئی میں مبتلا رہتے تھے۔ ان وجوہات کی بناء پر بانیس ایلوپیتھی طریقہ علاج کو چھوڑ دینے پر
مجبور ہو گئے اور انہوں نے اپنی توجہ کیمیا کی طرف مبذول کی اور اس کے علاوہ متبادل ذریعہ کار جو کار
کے سوزی کھانے لگے۔ ایک دفعہ ترجمہ کرتے ہوئے وہ سکروی کی بیماری کی خصوصیات کے مطالعے
میں پڑھ کر بہت متاثر ہوئے کیونکہ سکروی کی علامات باری کے بخاروں کے بارے میں بتائی گئی تھی۔
بانیس خود بھی انہی دنوں باری کے بخار میں مبتلا ہوئے تھے۔ اپنے بانیس کے ذہن میں بیماری کی
مخصوص خصوصیات کے بارے میں تجسس پیدا ہوا اور ان کے تجربات ادویات کی خصوصیات کے

بارے میں تشریح ہو گئے انہیں کو پلاننگ کا نام دیا گیا)۔

یہاں ہمیں ملتی کی وہ کوشش نظر آتی ہے جس کی مدد سے انہیں نہ صرف بوجھ ملی جس سے ہدایات کے استعمال کے لئے استدلال سے کام لیے گئے۔ ان کے طریقہ کار کی بنیاد ادویات کے تندرست انسان میں علامات پیدا کرنے کی خصوصیات اور بیماروں میں ان ہی علامات کو شفا یاب کرنے کی خصوصیت پر رکھی گئی۔

لہٰذا اس مسئلے کا انہوں نے منطقی حل پیش کیا۔

CORRECT INTERPRETATION OF THE PHENOMENON
PRODUCED BY EXPERIMENT OR PROVING.

پروونگ اور تجربات کے پیدا کردہ مظہر کا صحیح ۔ اطلاق ست سے مگر یہ ادویات کا کردار ہے واقعی مشاہدہ کرنے پایا گیا۔ لہٰذا یہ ادویہ اعداد و شمار جمع ہونے کی وجہ سے کم اغلاط کم سے کم ہو گئے اور بنائے صحیح مشاہدات کئے گئے۔ یہ مشاہدات نہ صرف پیدا ہونے والے نتائج سے حاصل کئے گئے بلکہ ان مکمل حالت کرنے والی حالتوں سے بھی جو نتائج میں تصادم پیدا کرتی ہیں

3 - RATIONAL EXPLANATION OF THE PHENOMENON — اس مظہر کی معقول توجیہ۔ ہانیمن انہیں اصولوں سے متاثر تھے کہ اس مظہر کی معقول توجیہ ہندو سادھوؤں کے زمانے میں موجود تھی اور اسی طرح بقراط ہپوکریٹس کی۔ شامل وغیرہ اور میڈیکل کی پوری مشرق میں اسطرح کے خیالات کا اظہار ہوتا رہا کہ بیماریوں کو ایسی ادویات شفایاب کرتی ہیں جو ایسی قسم کی بیماریاں پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہوں۔ اگرچہ ان خیالات کو شاذ و نادر ہی عمل جامہ پہنایا گیا ہو۔ مگر ہانیمن وہ پہلے انسان تھے جنہوں نے سب سے پہلی مرتبہ اس خیال کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اسے عمل جامہ پہنایا کہ وہ ہر کیس جس میں کامیابی کا حصول درکار ہو، اسی اصول کے تحت جینا جا سکتا ہے۔ لہٰذا وہ پہلے انسان تھے جنہوں نے ادویات کو پہلی بار آزمایا اور اس مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے ادویات کی گروہ بندی کی۔

۴۔ حقیقی سائنسی ترکیب۔ TRUE SCIENTIFIC CONSTRUCTION

اپنی حقیقی سائنسی ترکیب سے ہانیمن نے اپنے انکوائری استدلال کے پیدا کردہ قوانین اور ان سے متعلقہ قرارات نے ہانیمن کو تندرست انسانوں کو ادویات استعمال کرانے کی ترغیب دی۔ ان اثرات کو احتیاط کے ساتھ ریکارڈ کرنے کی ترغیب دی یہ اثرات علامات کی صورت میں نمودار ہوتے (یعنی ضعوبی مرض) اور پھر ان ادویات کو مریضوں میں اسی قسم کی علامات کے علاج کے لئے استعمال کرتے۔ اس طرح انہوں نے اپنے کام یعنی ادویہ کی آزمائش شروع کی۔

یہ طریقہ یعنی استقرائی استدلال ایک کامیابی ثابت ہوا کہ سائنسی قوانین کی ایسی صداقت ہیں جو انہیں ظلمت پر مشتمل تھی ۔۔۔ لہٰذا استقرائی اصولوں کے طریقے سے ہانیمن کو ادویات کے مائشی یعنی علامات کی بنیاد پر ادویات استعمال کرنے اور دوا کی مقدار کو تدریجاً کم کرنے لگے کیونکہ دوا کے استعمال کے بعد اس کے اثرات نمودار ہوتے تھے۔ خوراک کی مقدار میں کمی ایک یقینی فارمولے کے تحت کی گئی اور یہی طریقہ آخر پوٹینسائیزیشن کے عمل سے توانائی کے اخراج کے اصول کی بنیاد بنا۔

پوٹینسائیزیشن کے اصول کی دریافت ہانیمن کا عظیم الشان سائنسی تحفہ ہے جس کی تمام اہمیت کے علاوہ طب میں سے بڑی اہمیت ہے اگر ہانیمن میں زبردست قوت متخیلہ، ہوش اور بصیرت مشاہدات کے اخلاق کے نہ ہوتی اس کے پاس حواس و صلاحیت نہ ہوتی تو وہ یہ شہرت ہرگز حاصل نہ کر سکتے تھے۔ جب ہم ہومیوپیتھک پریکٹس کی بوسوں پرانی باتیں سے بیشتر کی بنیاد پر شروع اور سائنسی ریسرچ کا مطالعہ کرتے ہیں تو پھر ہانیمن کی دریافتوں کی اہمیت کو سمجھنے لگتے ہیں تب ہمیں ہانیمن کی اضافی حدوں کو چھوتی ہوئی اور باقی تعمیر اور پوٹینسائیزیشن کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے اگرچہ ہم ان کے سخت استدلال کی پابندی کے لئے تیار نہیں ہو سکتے اور نہ ہی ان کے استدلال کی تنقید کے لئے تیار ہو سکتے ہیں۔

بہرحال شروع کرنے کے لئے ہومیوپیتھی کی تاریخ و صداقت کو دیکھنا اس کے مطالعہ ہوتے ہیں ممکن ہے کہ ہومیوپیتھی کی بنیاد ایک ایسی کلیہ ہے جو کہ حقائق کی چٹان سے نکلوں سے بنی ہے اور

جن کڑیوں کو قوانین قدرت کے سیٹ سے جوڑا گیا ہے اور اس بنیاد پر ہومیوپیتھی کی عمارت اس
طرح مضبوطی سے کھڑی کی گئی ہے کہ وہ اپنی بنیاد سے کسی صورت الگ نہیں ہو سکتی۔
اس سے ہمیں حقائق کے ہومیوپیتھی سے تعلق رکھنے کا پتہ ملتا ہے یہ معلومات اور علم ہیں استدلال
کے عمل کے اس خاکے سے حاصل ہوتا ہے جس پر ہومیوپیتھی کی بنیاد رکھی گئی اور اس کی تعمیر کی گئی۔
لہٰذا ہر اس کیس میں استعمال ہو سکتی ہے جس کے لئے ہومیوپیتھک طبیب کو طلب کیا جائے۔ اس
سلسلے میں استعمال ہونے والے اصول ایک ہی ہیں۔ جیسے مریض کا مشاہدہ یا پھر ادویات کی آزمائش
کا ریکارڈ رکھنا علامات کا تجزیہ اور ان سے نتائج اخذ کرنا۔ پھر دوا کا انتخاب یہ تمام باتیں،
اصولوں کے تحت انجام پاتی ہیں۔ اور ان کی تکمیل کے لئے جو منظم طریقہ استعمال کیا جاتا ہے
وہ منطقی استدلال پر مبنی ہوتا ہے لہٰذا ہم اندازہ لگاتے ہیں کہ مریض کے اندر اور دوا کے اندر
کون سی خصوصیت موجود ہے اور یہ خصوصی علامات ہمیشہ مریض کی جنرل علامات ہی ہوا کرتی ہیں۔
جو بات ایک علامت پر صادق آتی ہے وہی بات پورے مریض کے لئے صادق آتی ہے جیسا
کہ جسم کے مختلف حصوں اور نظاموں کا درجہ حرارت کے خلاف ردِ عمل کا اظہار۔ جب ہم علامات
کے کل مجموعے کی تصویر بنانے کی کوشش کریں تو ہمیں مریض کے پورے جسم یا پھر کیس کی نوعیت
کے مطابق اس کے جسم کے مختلف حصوں کی علامات مجتمع کرنے کی اہمیت کو سمجھنا چاہیئے جیسا کہ کنور
CLOSE اپنی کتاب جینئس آف ہومیوپیتھی (GENIUS OF HOMOEOPATHY) میں لکھتے ہیں
منطقی کیس کی علامات کی کلی تصویر جانچنے میں معاون ہوتی ہے کیونکہ منطق تمام
جزیات کو مجتمع کر کے ایک کل کی تشکیل کرتی ہے دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے منطق
ہر تفصیل کو اسکی مناسب اہمیت اور مقام بخشتی ہے اور مطرح کیس کو وہ شعوری صورت بخشتی ہے جسے
ذہن مکمل طور پر سمجھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔
علامات کا حقیقی کل صرف حسابی اور اضافی کل ہی نہیں ہوتا کیونکہ یہ کچھ خاص علامات
کو جو اس وقت کیس کے ساتھ منطقی نقطہ نگاہ سے تعلق نہ رکھتی ہوں اس مجموعے سے خارج کر

جاسکتا ہے۔ ایسی علامات کو حادثاتی علامات کہا جاتا ہے اور ان علامات سے دوا کے انتخاب کو متاثر نہیں ہونے دینا چاہیئے۔ علامات کا کل یا کلی علامات اس شعوری شکل کو کہا جاتا ہے۔ جب کہ علامات منطقی طور پر ایک دوسرے سے تعلق رکھتی ہوں اور اپنی انفرادیت کا اس طرح اظہار کریں کہ ہر وہ شخص جو علامات کو جانتا ہو اور ادویات اور امراض کے اثرات کو سمجھتا ہو ان کو فوراً پہچان لے۔

ہومیوپیتھی طریقۂ علاج میں دوا کا انتخاب مریض کی کلی علامات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے (ایسا کہ دوا منتخب کرنے والے اپنے نقطۂ نگاہ سے علامات کو پہچانتا ہے)۔ ایک کامیاب دوا کا انتخاب اس بات پر منحصر نہیں کہ دوا منتخب کرنے والا تشخیص امراض کا ماہر ہے، اسے جن ہے یا پھر تھاوجسٹ (ماہر امراض) ہے۔ جبکہ علامات کا اظہار مختلف ہوتا ہے اور علامات کی اقسام بھی مختلف ہوتی ہیں دوا کا انتخاب صرف انہی علامات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے جن سے مشابہ علامات میٹریا میڈیکا میں موجود ہوں۔

ہر کیس میں مریض کی انفرادیت کو اہمیت دی جاتی ہے۔ ایک محتاط انداز میں مشاہدہ کیے گئے کیس کے لئے تین باتیں بڑی ضروری ہیں، مریض کا مشاہدہ، مریض کی علامات کا ریکارڈ۔ اور میٹریا میڈیکا کا مطالعہ۔

جب یہ تینوں اقدام منطقی انداز میں کر لیے جائیں اور ان کا تجزیہ کر لیا جائے تو پھر منطقی طریقے کے نتیجے میں کیس کی جنرل صورت حال کی طرف راہبری ہوتی ہے۔ کیونکہ جنرل علامات مخصوص (PARTICULAR) علامات کا مجموعہ ہوتی ہیں۔ جنرلائیزیشن کی قدر و قیمت کا انحصار ان معلومات پر ہوتا ہے جن سے جنرلائیزیشن اخذ ہوتی ہے۔ کیونکہ کلینیکل کا ایک قول ہر کہ بالکل حقیقت ہے یہ ہے کہ "ایک جنرل (عام) سچائی مخصوص (PARTICULAR) سچائیوں کا مجموعہ ہوتی ہے۔ یعنی یہ ایک ایسا جامع منظر ہے جس سے لاتعداد انفرادی حقیقتوں کی تصدیق یا نفی ہوتی ہے۔"

ہم اسوقت تک مریض کی علامات کی جنرل تصویر حاصل نہیں کر سکتے جب تک ہم اس کی

خاص اور منفرد علامات کا تجزیہ کرلیں اور ان علامات کو مریض کے پورے جسم سے الگ کر لیں۔ نہایت معمولی اور مخصوص علامات انتہائی بڑی علامات بن سکتی ہیں اور یہ انتہائی بڑی علامات مکمل کیس کے محور اور مکمل نظریے کی شکل اختیار کرلیتی ہیں۔ ایسی ہی بڑی بڑی علامات کا مجموعہ سمیلیا سمیلی بس کو رینٹر" کہلاتا ہے جو کہ انفرادی حقائق کے استقراء سے بنائی گئی انتہائی مکمل اور موثر کیس جنرلائیزیشن ہے۔

جنرلائیزیشن کی قدر و قیمت اصل معنوں میں اُن معلومات پر منحصر ہے جن سے اس کا استخراج کیا جاتا ہے لہٰذا وہ تمام حقائق بالکل صحیح اور مکمل ہونے چاہئیں۔

جب ہمیں بھی کسی مریض کی صاف اور واقع ذہنی علامات ملتی ہیں تو وہ علامات جنرل ہی ہوتی ہیں کیونکہ یہی وہ علامات ہیں جو مریض کے مخصوص احساسات کی ترجمان ہوتی ہیں۔ ہیٹیز ہمیشہ جنرل علامات ہی ہوتی ہیں کیونکہ یہی اس کیس کے قدرتی ترمیم کنندگان ہوتی ہیں۔ کینٹ کہتے ہیں۔ " جہاں جنرل علامات نہ ہوں گی تو پھر وہاں شفاء کی اُمید بھی نہیں ہوگی۔"

بوننگھسن (BOENNINGHAUSEN) نے اپنی ریپرٹری (REPERTORY) میں لکھا ہے کہ تکلیف میں زیادتی اور کمی کی حالتیں موڈیلیٹیز کہلاتی ہیں۔ لہٰذا یہ جنرل علامات میں شمار ہوتی ہیں۔ کلوز CLOSE کہتا ہے کہ یہ REPERTORIAL ریپرٹوریل کام ہمارے سٹرکچر میں تجزیے۔ تقابل اور جنرلائیزیشن کا ایک عظیم شاہکار ہے۔ موڈیلیٹیز کو صرف مخصوص علامات تک محدود کرنے کی کوشش میڈیکل پریکٹس میں کامیاب نہ ہوئی۔ لہٰذا بوننگھسن کے ان موڈیلیٹیز کو جنرل علامات میں شامل کرنا منطقی استدلال کا عظیم شاہکار ہے۔ موڈیلیٹیز جن کو وہ جنرل علامات میں شمار کرتا ہے۔ ان کے بارے میں وہ کہتا ہے۔ ان علامات میں سے یہ علامات اسموڈیلیٹیز سب سے بڑھ کر قابل اعتماد ہیں اور ان کو اتنے زیادہ تجربات سے ثابت کیا گیا ہے کہ ان کا مقابلہ کوئی اور علامات نہیں کر سکتیں لہٰذا ان سے اہم ہو سکتی ہیں ان کا نوٹ کرنا نہایت فائدہ مند ہے اسلئے ان کا تعلق نہیں کسی کیس کی کسی ایک آدھ علامت سے نہیں بلکہ تو تمام

[illegible] کی طرح دوا کی مقدار معلوم کرنا بھی ہے اور اس [illegible] کے اعتبار سے [illegible] کا مظہر ہوتی ہیں۔

ہالمن ـــــ ان تمام تحقیق اور تجربات کے بعد اپنے پیش کردہ نظریے کے متعلق لکھتا ہے "یہ نظریہ حسی خصوصیتوں پر مبنی ہے"

لہٰذا ہم دیکھتے ہیں کہ ہومیو پیتھی قانون مماثل سے علاوہ بھی بہت کچھ ہے۔ علاج طریقہ شفا کا وہ سائنسی طریقہ ہے جس کی بنیاد قوانین فطرت پر رکھی گئی ہو۔ مصنف اسٹاپ نے اس کی توضیح کی ہے یہ تمام تفصیل ہاہمن کی آرگینن سے مجموعہ ۲ اقتباسات میں موجود ہے

ہاہمن فرماتے ہیں:۔

"اگر علاج واضح طور پر ہوتا ہے کہ امراض میں بیماری کی علامتوں میں کیا تبدیلی کا مداوا درکار ہے امراض کا علم مرض یا مرض کے علامات کے لئے جانا (کہ علاج واضح طور پر جانا ہے کہ ادویہ میں کون سے شفا بخش خواص ہیں) ہمیں ادویہ کے ان خواص کا علم ہو (علم خواص الادویہ کی اہمیت) اور اگر اس میں طے شدہ اصولوں کے تحت ادویہ کے معلوم شدہ خواص اور مریض کی تعیینی طور پر دریافت شدہ تکالیف میں مطابقت حاصل کی جائے (یہ اہمیت ہے تاکہ مریض کی یقینی طور پر صحت بحال کی جائے اس کے ساتھ ہی اگر علاج مریض کی تکلیفوں کے مین مطابق موزوں ترین دوا کا علم رکھتا ہو (علامات کے مطابق دوا کا انتخاب کر سکتا ہو) دوا کی تیاری کا طریقہ جانتا ہو (دوا کی متعلقہ خصوصیات کی توانائی) کو بڑھانے کا علم رکھتا ہو اور آخر میں یہ ہے کہ دوا دینے کے بارے میں حالات مثلاً غذا اور پرہیز کا علم ہو تو وہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس نے فن کو سمجھ لیا ہے اور شفا بخش مستقل نتیجوں پر حاصل کی جانے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ صحیح معنوں میں علاج وہ ہے جو جلد، محفوظ اور مستقل طور پر شفا بخش ہو۔ یہ علاج سے حاصل ہوتا ہے۔"

ایک معالج کو کیا چاہیے کہ پیش کرے اسے کن باتوں کا علم ہونا چاہیے؟

Scanned by CamScanner

۱۱۔ جواب ۔ دوا میں کون سی شفا بخش خصوصیات موجود ہیں اور دوا سے کن علامات کا حل نکلتا ہے۔

۱۲۔ ایک معالج کس طرح معلوم کر سکتا ہے کہ دوا کے اندر کون سی شفا بخش قوتیں موجود ہیں؟

۱۳۔ ہومیوپیتھی کی اہمیت کا کرانک اور حاد امراض کی صورت میں مقابلہ کریں۔؟

۱۴۔ ایک ہومیوپیتھک معالج الجھن پیدا کرنے والی علامات سے کیسے نمٹتا ہے؟

۱۵۔ ہومیوپیتھی مقامی تکالیف کا کس طرح لحاظ سے جائزہ لیتی ہے۔؟

۱۶۔ ہومیوپیتھی ادنیٰ درجے کے جانوروں پر تجربات کرنے کے کیوں خلاف ہے؟

۱۷۔ ہم کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ادویات اور ان کے عمل کا مجموعی ریکارڈ رکھنا ہومیوپیتھی کو خالص سائنسی علوم میں شامل کرتا ہے؟

۱۸۔ ہاہنیمن کہتے ہیں، شفا کے راستے میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کریں اس سے آپ کیا مطلب سمجھتے ہیں؟۔

۱۹۔ مرض اپنا اظہار کس طرح کرتا ہے؟

۲۰۔ ہم بیماریوں کے بارے کس قدر معلومات حاصل کر سکتے ہیں؟۔

۲۱۔ ہم زہر خورونی اور دم کشی جیسے ایمرجنسی حالات میں کیا رویہ اختیار کرتے ہیں؟

۲۲۔ قدرتی مرض اور مصنوعی مرض سے کیا مراد ہے؟۔

Scanned by CamScanner

باب ۳

قوّتِ حیات

VITAL FORCE

معالجین ۔ اور عام لوگوں میں ہومیوپیتھی کے بارے میں ایک عام غلط فہمی پائی جاتی ہے معالجین سمجھتے ہیں کہ جراحی کے لئے صرف میٹریا میڈیکا کا علم رکھنا ہی ضروری ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ میٹریا میڈیکا کا مکمل علم اور مطالعہ ہر دور کی ضرورت ہے، مگر جب تک ہومیوپیتھک معالج کو علامتی کا مفہوم معلوم نہ ہو اور اس کو دوا کے استعمال کرانے کے لئے استدلال نہ آتا ہو تو وہ کبھی بھی محتاط ہومیوپیتھک معالج نہیں بن سکتا۔

شاید صرف میٹریا میڈیکا کے مطالعے نے ہانیمن کے ہمعصر معالجین کو الجھن میں نہ ڈالا ہو، بلکہ یہ الجھنیں اور پریشانیاں تو اس وقت شروع ہوئیں جب ہانیمن نے اپنے طریقۂ علاج کے بنیادی اصولوں کی تشہیر کی اور پھر اس کے مخالفین ان کے خلاف صف آرا ہو گئے جس طرح ہر کسی انقلابی فکر کے ساتھ ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا ہومیوپیتھی کو سمجھنے اور اپنی اوقات کو استعمال کرانے کے مفہوم سے آگاہی حاصل کرنے کے لئے ہمیں ہانیمن کے اصولوں کا مفہوم ذہن نشین ہونا چاہیئے جس کی ایک ہومیوپیتھک معالج کو سخت ضرورت ہوتی ہے۔

ایک اور اہم اور انتہائی ضروری چیز جس کا علم ہومیوپیتھک معالج کے لئے ضروری ہے معالج کے

Scanned by CamScanner

قسم کی توانائیوں کے بارے میں حاصل معلومات کی بنیاد پر موزوں ترین طریقہ علاج سے ان
منتخب ہو سکتی ہے۔ ہانیمن اپنی کتاب "آرگینن آف میڈیسن" میں لکھتے ہیں۔

حالت صحت میں وہ روح حیات جو ہادی جسم کی روح ہوتی ہے۔ لامحدود قوت سے حاکم
حکمران رہتی ہے اور جسم کے تمام اعضاء کے افعال اور احساسات کی کارکردگی کو تابع میں رکھتی ہے۔
ہماری باطنی ذی فہم ذہین زندہ اور تندرست جسم کو ہماری ہستی کے اعلیٰ مقاصد کی تکمیل کے لئے
استعمال میں لا سکے۔

دیانے طب کے لئے زندگی کے معقول مفہوم کے لئے یہ بہتر تعارف تھا جو زندگی کو تین حصوں
کی شکل میں پہچانتے ہیں۔ یعنی جسم، ذہن اور روح" یہ ایک تثلیث ہے جو تمام انسانوں کی زندگی
کے اندر موجود ہے اور کسی نہ کسی شکل میں ہمارے وجود کے ہر حصے میں بھی یہ موجود ہے۔
آرگینن کے پیراگراف ۲۲ کی رو سے۔

"کوئی عضو کوئی بافت، کوئی خلیہ، کوئی سالمہ، اس لحاظ سے خود مختار نہیں، کیونکہ یہ سب
ایک دوسرے کے افعال سے وابستہ رہتے ہیں۔ لیکن ان عناصر میں سے ہر ایک کی زندگی ایک دوسرے
میں ملغم ہو کر تمام جسم کی زندگی کی شکل اختیار کرتا ہے۔ اس لئے کہ انسانی جسم کی اکائی نہ تو کوئی تنہا
عضو، بافت، خلیہ، سالمہ یا ایٹم ہوتا ہے بلکہ خود جسم خود انسان کی تشکیل کرتا ہے"

ہم زندگی کو اوپر بیان کردہ تین اکائی تشکیل کردہ تثلیث سمجھتے ہیں لیکن ہمیں یہ بھی یاد رکھنا
چاہیئے کہ اپنے منفرد وجود کے لحاظ سے زندگی ایک مکمل جسم ہے۔ جب عالمین میں سے دونوں کے
سیل آپس میں ملاپ کرتے ہیں تو مائیٹل پرنسپل یعنی قوت حیات پہلے ہی سے موجود ہوتی ہے اور
مکمل خلیہ کی اصلیت ایک مرتبہ اس عمل سے شروع ہو جانے کے بعد ہی سے ہوتی ہے۔ سیل کے
نشوونما کے عمل کی خصوصیت موجود ہوتی ہے کیونکہ اس کے اندر تمام جسم کو کنٹرول کرنے والی قوت حیات
موجود ہوتی ہے۔ اس کے اندر علامت اعصاب دماغ وغیرہ کی نشوونما کی ذاتی قوت موجود
ہوتی ہے گویا کہ اس سیل میں اپنی انفرادیت کے ساتھ مستقبل کے متعلق کچھ عناصر موجود

موجود ہوتی ہیں تاہم۔ سب پھر مل ملا کے جسم کے ایک [illegible] حیثیت رکھتی ہیں۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ ہر انسان کے اندر نشوونما کی لامحدود قوتیں موجود ہیں لیکن یہ سب کچھ کسی صورت میں ممکن ہو سکتا ہے اگر ان قوتوں کو اس کی مناسب حالتوں میں طاقتور بنا دیا جائے تو پھر ہی وہ نشوونما کرنے کے قابل ہوگی ورنہ نہیں۔ کیونکہ وٹامن اور دیگر قوت حیات کے بغیر ہر ایک خلیہ ہو خواہ پورا جسم وہ بے حال ہو جائے گا یعنی مر جائے گا۔ یک جسم ہر ایک انسان اسی صورت میں زندہ کہلاتا ہے۔ جس کے اندر قوت حیات موجود ہے۔ اور اسی کی موجودگی میں وہ زندگی کے تمام افعال جسمانی و ذہنی انجام دینے کی صلاحیت رکھتا ہے اور روحانی قوتوں کو اپنے کنٹرول میں رکھنے کے قابل ہوتا ہے۔

اس دنیا میں کہیں بھی دو انسان ایک دوسرے سے بالکل مشابہ نہیں ہو سکتے کیونکہ ہر ایک کے اندر قوت حیات کی نشوونما دوسرے سے فرق ہوتی ہے ہر شخص کی جداگانہ شخصیت ہوتی ہے کیونکہ یہ چیزیں وراثت اور ہمایوں سے متاثر ہونے کی خصوصیات پر منحصر ہوتی ہیں۔ ہر شخص کی نشوونما کا عمل قدرتی طور پر کام کرتا ہے اور اس کام کے لئے ہر شخص کو اپنی جسمانی توانائی۔ اپنی قوت حیات سے متعلق توانائی (جس کا اظہار خارج میں ہوتا ہے) اور اپنی روحانی توانائی پر انحصار کرنا پڑتا ہے توانائی کے یہ مختلف مظاہر اپنے کام کی نوعیت کے لحاظ سے بھی ایک دوسرے سے فرق ہوتے ہیں۔ اگرچہ قانون تو ہر شخص کے لئے ایک ہی ہے ان تمام توانائیوں کا ایک دوسری کے ساتھ مل جانا ہی انسان کی مکمل شخصیت کہلاتا ہے اور جب توانائی ان تمام مظاہر میں اپنا فعل مطابق احسن انجام دے رہی ہو تو تبھی اس شخصیت کی نشوونما کا عمل بڑے ربط کے ساتھ ہوتا رہتا ہے۔ کیونکہ توانائی ہی وہ پاور یا قوس ہے جو تمام حرکت کے لئے تمام جسم اور مکمل انسان کی نشوونما کے لئے ضروری سامان فراہم کرتی ہے جب توانائی اپنا فعل صحیح طریقے سے انجام نہ دے رہی ہو تو اس کے نتیجے میں جسم کے بعض حصوں میں نشوونما کا عمل تیز ہوتا ہے اور بعض حصوں میں کم اور اس کا نتیجہ غیر متناسب شخصیت کا وجود ہے۔

Scanned by CamScanner

یہ ایک مشاہداتی حقیقت ہے کہ سیاروں کی گردش کا زمین کے ساتھ یقینی تعلق ہے چاند کی کشش سے مدوجزر کا پیدا ہونا ایک قدیم مشاہدہ ہے۔ سورج اور زمین کے تعلق کو کون نہیں جانتا ہے اور یہی مثال سیاروں کے اثرات کی وضاحت کے لئے کافی ہے۔ زمانہ قدیم سے معلوم ہے کہ چاند کی مختلف حالتوں کا ذہنی حالتوں اور اعصابی تکلیفوں سے کیا تعلق ہے اور رائٹ نے مثال کے طور پر "Insane" نامی بیماری کو کہ ذہنی انتشار سے متعلق ہے یقینی طور پر چاند کی

مختلف حالتوں سے منسلک ہے۔ مرگی کے مرض کا بھی چاند کی گردش سے تھوڑا بہت تعلق ہے،
دوسرے الفاظ میں ان خلاف معمول (Abnormal) حالتوں میں عام کردہنی اور
اعصابی بیماریوں سے وقتاً فوقتاً ہمیں اس بڑی حقیقت کا سراغ ملتا ہے (کہ سیاروں کی حرکت زمینی
کو متاثر کرتی ہے) - (Science of medicine) ادویات کی سائنس کے برعکس
دوسرے سائنسی میدانوں میں دائروی حرکت کے مظاہر کو سمجھنا زیادہ آسان ہے۔ مثلاً علم فلکیات
کو اگر تو ہمارے نقطے سے دیکھیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ پرانے زمانے میں علم فلکیات کو بھی بہت ابھی
پیروی اور توہمات کا سامنا رہا ہے اور ان توہمات کی علامت (جس شہادت خرافات معلا) کے بارے
میں کہے جاتے انہیں پس پشت ڈالا گیا، تاہم علم فلکیات (علم نجوم) ان آزمائشوں سے گذرنے کے بعد
علم ریاضی کی طرح نہایت درست اور حقیقی ثابت ہوا۔ اگرچہ آج تک بہت سی باتیں درست ہے کہ نہایت احتیاط
کی گئی پیمائشوں کے نتائج مختلف نقطۂ نظر کے مطابق ایک دوسرے سے مطابقت رکھتے ہیں پھر بھی
علم فلکیات موجودہ سائنسی علوم میں سے کسی سائنس سے

یہاں پر گنیس ایم کلارک اپنی کتاب "The concise knowledge of MISTARY" میں لکھتے ہیں
اس حقیقت کا چاند پر اطلاق اس وقت ہوا جب چاند کے بارے میں یہ سمجھا گیا
ایک سائنس دان نیلی نے ۱۹۶۲ء میں ہمیں کہا کہ سے معلوم کیا کہ چاند کی سالانہ حرکت کے
دوران مسلسل لیکن نہایت معمولی قسم کے سراغ سے دوچار ہے یعنی اس کی رفتار مسلسل لیکن
نہایت ہی معمولی طور پر زیادہ ہوتی ہے اور اس چیز کا تجزیہ ثبوت اگر بہت پرانا بھی تو ۲۰۰ قبل از
مسیح کے چاند گرہنوں کے ریکارڈ سے ملتا ہے اور اب بھی اس اصلاح کے ختم ہونے یا رکنے کے امکانات
نہیں ہیں اسلئے ایک نہایت خوفزدہ کرنے والا سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو
ایک نہ ایک دن زمین اور چاند آپس میں ٹکرا جائیں گے تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر اس کائنات میں کسی حد
قوانین کشش کی بے اصولی کارفرما ہے جس کے نتیجے میں بالآخر زمین اور چاند تباہ ہو جانے کی ؟

۱۹۸۰ء میں ہیلس (۱۹۷۰-۱۹۷۷ء) نے اس سوال کا جواب دیا۔ اس نے کہا کہ

"چاند کی رفتار میں اضافے کی وجہ سے بھنوری مدار میں بہاؤ یا معمول سی کمی آجاتا ہے۔ یہ صورت مستقل نہیں رہے گی، بلکہ عرصہ دراز کے بعد ایسی تبدیلیاں آئیں گی جو زمین کے بھنوری مدار کی سابقہ حالت بحال کرنے کی مزید تر آں بھی سکتی ہیں کسی ترمیم اور تباہ کن اثرات کی حامل نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مرکزی جسم (سورج) اور اس کے ذیلی سیاروں کی جسامتوں میں بہت فرق ہے اور ان کی حرکات میں باقاعدگی اور تسلسل اس بڑے جسم کے کنٹرول میں ہے اس لئے گردشی نہایت معمولی تبدیلیاں ہی ظاہر ہو سکتی ہیں اور اسی طرح کسی نمایاں تبدیلی کے نمودار ہونے کیلئے لاکھوں سال درکار ہوں گے۔ گویا یہ مشین نہایت تناسب خود درستگی کے نظام سے آراستہ ہے اور اسکی درستگی اس کے مختلف حصوں کے باہمی عمل اور ردعمل سے خود بخود وجود میں آجاتی ہے، یعنی وہ قوت جو اس میں خلل پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے وہ آخرکار اسی تبدیلی کو ختم کر کے اصل صورت بحال بھی کرتی ہے۔"

[illegible] کے [illegible] سورج [illegible] اور اس کے [illegible] قوانین کی روشنی میں پرکھیں [illegible] سسٹم کے نظام سے اطمینان آراستہ ہے کہ اس کے مختلف حصوں کے باہمی [illegible] سمت [illegible] ہے۔

[illegible] ایسے [illegible] ہیں جن سے [illegible] کی رفتار میں کچھ سطح ہوں گے۔

"وہ قوت جو حساس نظام کو بات حق ہے وہی آخرکار اسکی درستگی بھی کرتی ہے"

اس آخری مشاہدہ کی تصدیق تمام سائنسی علوم میں سے زیادہ صحیح علم کے مشاہدات اور نتائج سے ہوتی ہے۔ یہ نتائج علم دائروی حرکتوں میں سے اہم ترین حرکت کے مشاہدہ سے حاصل کرتا ہے اور اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ قوت حیات کی موجودگی اور بہاؤ [illegible] مخصوص قوانین کے تحت

ہوتا ہے۔ یہ نتیجہ انتہائی اہم اور بنیادی ہے کہ اس کو قانون کا درجہ دینا غلط نہیں۔ یہ قانون ریاضی کے کسی قانون سے بے حد مشابہ ہے جسے ذیل کے الفاظ میں مختصر طور بیان کیا جا سکتا ہے "قدرت میں کسی بھی تبدیلی کے پیدا ہونے کیلئے ضروری عمل کی مقدار ہمیشہ کم سے کم ہوتی ہے۔"

یہ اُن قوانین میں سے صرف چند ایک قوانین ہیں جن کو ہم نے ان وسائل و ذرائع سے اکٹھا کیا ہے جن پر ہمارا اختیار ہے اور ان سے ہم یہ عملی طور پر ثابت کرتے ہیں کہ ہومیوپیتھی ان قوانین کے تحت کام کرتی ہے جو عالمگیر ہیں۔ ایسے ہومیوپیتھی اس کائنات، فطرت اور اصولوں کا بنیادی حصہ ہے۔ اگر ہم بیالوجی، ریاضی اور علم نجوم کے مشہور قوانین کا اطلاق کر سکتے ہیں، تو پھر ہم کائناتی عوامل کے کسی بھی متعلقہ شعبے کے ثابت شدہ قوانین کا اطلاق بھی کر سکتے ہیں۔

یقیناً مستقبل میں کسی وقت ہم اُن قوانین کو ماورلا کی تسلی دینے میں کامیاب ہو جائیں گے جو قوت حیات اور اس کے جسم انسانی میں عمل دخل کو کنٹرول کرتے ہیں۔ یہ قوت حیات جو ہماری جسمانی حیثیت کا سورج ہے اس کا عالمگیر دائمیل انرجی سے بڑا واضح تعلق ہے۔ یہ قوت حیات ہی ہے جو ہومیوپیتھی کو شفاء کے عمل کے لئے سائنسی طریقہ نظر بخشتی ہے اور اس معنے کر ہم اس حد تک سمجھتے ہیں کہ قوت حیات کا بگاڑ ایسی حالت ہے جس کو سدھارنے اور اس کے توازن کو بحال کرنے کی ہومیوپیتھی زیادہ سے زیادہ اُمید دلاتی ہے اور یہ بھی قوت حیات پر کسی جبر یا تشدد کے نتیجے میں حاصل نہیں ہوتی بلکہ قوت حیات کو اس طرح سوک کیا جاتا ہے کہ وہ قوت جس نے اسے منتشر سے دوچار کیا ہوتا ہے وہی اسکو سدھارنے کا کام کرتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ مناسب حالات کے تحت قوت حیات بگاڑ پیدا کرنے اور بگاڑ کو درست کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہم اکثر ہومیوپیتھی کے قوانین کا اندھا استعمال کرتے ہیں ـــ گویا ہم ان قوانین کے عظیم تناظر سے اچھی طرح واقف نہیں ہیں۔ ایسے ہم نے ان قوانین کے اندھے استعمال کے لاتعداد تکلیف دہ کیسز بھی دیکھے ہیں۔

آپ [illegible] بیماری، بیماری اور بگاڑ کے ساتھ ان سادہ حقیقتوں کی جو ہمارے سامنے

مامنے میں ایک دوسرے سے ٹوٹا ہوا ہے اور ہمارے اس خیال کو ہومیوپیتھی کو سمجھنے میں بہت
کرنے کیلئے ناکافی ہے اور ان بنیادی قوانین کی پیروی کرنی ہوگی جو ہومیوپیتھی اور ایلوپیتھی
کو کنٹرول کرتے ہیں۔

ہومیوپیتھی کے قوانین۔

۱۔ شفاء کا قانون LAW OF CURE.

سمیلیا سمیلی بس کیورینٹر SIMILIA SIMILIBUS CURENTUR.

شفاء کا عمل اوپر سے نیچے کی طرف اندر سے باہر کی جانب۔ اور زیادہ اہم اعضاء رئیسہ
کی طرف ہوتا ہے اور علامات اپنے ظہور ہونے کی الٹی سمت میں غائب ہوتی ہیں

۲۔ عمل کا قانون LAW OF ACTION.

عمل اور ردعمل کے برابر لیکن سمت میں مخالف ہوتے ہیں۔

۳۔ مقدار دوا (خوراک) کا قانون QUANTITY AND DOSE.

(۱)۔ دوا کی مطلوبہ مقدار مشابہت کے بالعکس قانون سے طے ہوتی ہے۔ (یعنی جتنی زیادہ علامات ہوں گی
دوا کی مقدار اتنی ہی کم ہوگی)

(۲)۔ کسی بھی تبدیلی سے پہلے جس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور جس مقدار ہمیشہ قلیل ترین
ہوتی ہے۔

معیار دوا کا اصول۔ QUALITY.

ہومیوپیتھک دوا کا معیار اثر کی مقدار سے سمت رکھتا ہے (یعنی کم مقدار زیادہ پُر
اثر ہوتی ہے)

استعمال کا قانون۔ USE.

دوا کی مقدار اور دوا کی خوراک جو کہ جسم میں جذب ہو کر تبدیلیات کو متاثر کرے وہ مقدار
ہوگی جو اس فرد کے افعال کو متاثر کر سکتی ہو۔

Scanned by CamScanner

زندگی کی نشوونما کا اصول :- OF BIOLOGICAL DEVELOPMENT.

اضداد ہی اعضاء کی پیدائش اور نشوونما کا باعث بنتے ہیں۔

بیماری پیدا ہونے کے کا اصول - OF DISEASE DEVELOPMENT.

قوتِ حیات، فعلی علامات ساختی تبدیلیوں سے پہلے پیدا ہوتی ہیں۔

ادویات کی آزمائش کے قوانین - OF PROVING.

(۱) - وہ دوا جو قدرتی حالت میں قوتِ حیات کو متاثر کرتی ہے۔ اس کی آزمائش اربنی پوٹینسیوں کی شکل میں کرنی چاہیئے۔

(۲) وہ دوا جو اپنی قدرتی حالت میں قوتِ حیات میں انتشار پیدا کرتی ہو جس کے نتیجے میں فعلی علامات نمودار ہوں تو ایسی دوا کو ڈائلوٹڈ شکل میں آزمائی جائے۔

(۳) - وہ دوا جو اپنی قدرتی حالت میں قوتِ حیات کو تباہ کن حالتوں تک متاثر کرے اُسے صرف پوٹینٹائزڈ شکل میں آزمانا چاہیئے۔

بیمار دنگ دہرانے کا اصول - OF REPETITION.

جب تک علامات نمودار ہو رہی ہو تو دوا کی خوراک مت دہرائیں۔

شفاء کے لیے دہرانے کا اصول۔ (شفاء کیلئے) OF REPETITION.

۱۔ اس وقت تک دوا نہ دہرائیں جب تک یہ عمل کرتی رہے۔

Scanned by CamScanner

ہماری ادویات پر اثر کیوں ہیں؟

OUR REMEDIES WHY THEY ACT ?

ہم اپنے مضمون میں بیان کر چکے ہیں کہ ہومیوپیتھی بنیادی طور پر سائنس ہے اور یہ سائنس قوانین فطرت پر مبنی ہے۔ اس سلسلے میں ہم نے اصلی سائنس کی دوسری شاخوں کی دریافتوں کے حوالے سے یہ ثابت کیا ہے کہ ہومیوپیتھی کے قوانین ان ادویات سائنسی شاخوں سے کس طرح مربوط اور ہم آہنگ ہیں۔ مختصر طور پر دوبارہ بیان کرتے ہوئے کہ یہ معلومات علم نجوم علم ریاضی اور حیاتیات سے متعلق ہیں۔ اور ان علوم کا مقابلہ ہومیوپیتھی میں استعمال ہونے والی ادویات کے بارے میں دریافتوں (معلومات) سے کیا گیا ہے۔

نمبر ۱:۔ کہ اگر طاقتور ادویات (صحت مند شخص) کو استعمال کرائی جائیں تو وہ بیماری کی سی علامات پیدا کر دیں گی۔

نمبر ۲:۔ اور بیمار شخص کو استعمال کرائی جائیں تو صحت بحال کر دیں گی۔

آئیے! ہم ان نتائج پر ذرا دوبارہ غور کریں جو ہم نے قوت حیات اور خاص طور پر ڈائنیمل انرجی کے عالمگیر استعمال کے بارے میں پچھلے باب میں اخذ کیے ہیں تاکہ قوانین ہومیوپیتھی اور اصول ہومیوپیتھی کا سائنس کی ان شاخوں کی تحقیقات و دریافتوں سے مقابلہ کر کے یہ بات کر سکیں کہ ہومیوپیتھی نے کس طرح سائنس کے دوسرے شعبوں کے قوانین سے سائنسی علم العلامات یعنی

Scanned by CamScanner

ہومیوپیتھی کی تشکیل کی ہے ——— یہ (ہومیوپیتھک ادویاتی) مادے (جنہیں پوٹینائزیشن کے عمل سے تیار کیا جاتا ہے)، عالم حیوانات، عالم نباتات اور معدنیات تمام ذرائع سے حاصل کئے جاتے ہیں ہم یہ بات حتمی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ یہ معدنیاتی مادے اپنے اندر قوت حیات رکھتے ہیں۔ لیکن ہم یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ یہ مادے اس سیارے (زمین) کے حصے ہیں جس میں کسی شکل میں واٹیل انرجی موجود ہے یا پھر یہ سیارہ قوت حیات سے اس طرح متاثر ہوتا ہے کہ یہ اپنی حرکت ایک قانون کے تحت جاری رکھتا ہے لہذا ہمارے معالجات کو صحیح طریقے سے اس طرح تیار کرتے ہیں کہ ہم ان کا استعمال زندگی کی نقاہت کے لئے نہیں بلکہ زندگی کو متاثر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں کہ زندگی اس سے سہ رخہ ترقی پائے یعنی جسمانی لحاظ سے ذہنی لحاظ سے اور جسمانی لحاظ سے اس کے نتیجے میں انسان موت اور بیماری سے محفوظ ہوجاتا ہے۔

ہم قوت حیات کی موجودگی کو مشاہدات کی شواہد کے مدد دیکھ سکتے ہیں اسلئے کہ شفا و نشو و نما کے متعلق اصول کے مطابق [illegible] قوت حیات مادے کے قوت کے طور پر موجود ہوتی ہے عالم حیوانات کے اندر اس قوت کی [illegible] سے کہہ سکتے ہیں۔

اگر [illegible] اس بات پر اعتماد رکھتا ہے کہ ہومیوپیتھی ایسے بنیادی قوانین پر مستقل ہے جس [illegible] اس کی ساخت اور نشو و نما کا انحصار ہے تو پھر [illegible] بیماری [illegible] تک بھی رسائی ممکن ہے۔

[illegible] (ACTIONS) [illegible] کے عمل بھی ہونا چاہیے [illegible] ہے کہ جس کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔

ملتی کان [illegible] (MELIKAN) [illegible] کے مصنف [illegible] کے کتاب "[illegible]" (Homeopathy and the New Energy Medicine) [illegible] کے سلسلے میں [illegible]

Scanned by CamScanner

اس بیان میں وہ اپنے بیان کو اس طرح لکھتے ہے:

"وہ تمام علوم بہت مفید ہیں جو ہمیں اس کائنات کو سمجھنے کا بہتر موقع دیں۔ کیونکہ ہمیں اس کائنات کے بارے میں علم کی ضرورت اب پہلے سے بھی زیادہ ہے اور یہ ضرورت آنے والی صدیوں تک موجود رہے گی۔ کیونکہ ہی ہمیں اس قابل بناتے ہیں کہ ہم اپنی زندگیوں کو زیادہ دانشمندانہ اور زیادہ بہتر طریقے سے گزارنے کے لئے کریں۔ کیونکہ ہم نے مسلسل ترقی پذیر رہنے والی دنیا میں یا پھر حسابی اور معاشی تماشوں کا بھائی بننے میں ضائع کریں۔"

اگر یہ بات ایک عام آدمی کے لئے اہم ہے کہ وہ سائنس اور ٹیکنالوجی سے متعلق تعلیم حاصل کرے تو پھر یہ بات اس شخص کے لئے کتنا زیادہ اہم ہوگی جو سائنس سے حاصل شدہ ایپلیکیشن کے عمل سے تیار شدہ ادویات کو دوسرے لوگوں تک پہنچانے کا کام کرتا ہے۔

آیئے ڈاکٹر سبیکن [illegible] سے بعد ادویات جو ہمیں سائنس کی مدد سے ملی ہیں ان پر غور کریں۔

تحریکی طور پر [illegible] ہم جانتے ہیں کہ کائنات کا پھیلاؤ [illegible]

نمبر ۱۔ [illegible] ہے مگر یہ ہائیڈروجن کی ہے محض یہ [illegible] نمبر ۲۔ علمیات کائنات وہ یہ بھی بتاتا ہے کہ سیسیم کی مقدار بہت زیادہ ہے اور [illegible] دور تک پھیلا ہوا ہے اس کے پھیلاؤ کی وجہ اس کا مکان اور دوسرے عناصر کے ساتھ یہ خاصیت ہے اس کی غیر عاملیت ہے اس حد تک بھی ہوئی ہے کہ اس کے ایٹم تیس میں ملاپ سے بھی غیر عامل ہیں۔ دنیا میں یہ عنصر بہت سونے کے بعد ہے لیکن اس کے باوجود یہ بات بہت اہم ہے کہ اس کے مرکز میں موجود بھارتی [illegible] ہے [illegible] بھی سیسیم کے ذرات پر مشتمل ہوتی ہے۔ لہذا سیسیم ریز کے بھاری عناصر کے مدر کچھ [illegible] کی مقدار

میں موجود ہے۔

کیلیفورنیا یونیورسٹی کے ڈاکٹر آئی لیس براؤن نے فیولیئم کا بھی اسی طرح حل کیا ہے یہ عنصر جو اجرام فلکی میں کثرت سے پایا جاتا ہے دراصل آکسیجن اور مائیٹروجن پر مشتمل ہے آکسیجن قشر زمین اور دیگر سیاروں کا ۵۰ فیصد حصہ ساتی ہے۔ اس لحاظ سے آکسیجن اور مائیٹروجن ملکر ہم اپنے موجودہ مقصد کے لئے یک واحد عنصر تصور کر سکتے ہیں دونوں ملکر تیسرے بڑے عنصر کی حیثیت اختیار کر لیتی ہیں۔ یہ بات یاد رہنی چاہیئے کہ سلیکیم اور آکسیجن کے درمیان کوئی اور عنصر جو کثرت سے پایا جائے۔ اگرچہ کاربن اپنے ایٹمی وزن کے لحاظ سے آکسیجن اور مائیٹروجن کے قریب تر ہے لیکن ہم اسکو آکسیجن کا ایک کمزور اور نہایت معمولی ساتھی کہہ سکتے ہیں۔

نمبر ۴:- تمام سیاروں کے وزن کا ۹۵ فیصد حصہ آکسیجن (۵۴ فیصد) میگنیشم (۱۴ فیصد) سلی کون (۱۵ فیصد) اور آئرن (۱۲ فیصد) پر مشتمل ہے۔ قشر زمین کا ۷۶ فیصد حصہ ان عناصر آکسیجن (۵۵ فیصد)، سلی کون (۲۶ فیصد) اور المونیم (۵ فیصد) پر مشتمل ہے۔ زمین میں ان کے علاوہ کسی اور عنصر کی مقدار ۲ فیصد سے بڑھے نہیں پاتی۔ لوہا ۱۲۵ فیصد، قشر ارضی میں پایا جاتا ہے اور زمین کے اندرونی حصے میں اس کی مقدار کچھ زیادہ ہے اپنے ایٹمی وزن کے لحاظ سے ایک درمیانے کے قریب ہونے کی حیثیت سے میگنیشم، سلیکیم اور سلی کون (۲۸-۲۷-۲۴) ہمارے موجودہ مقصد کیلئے یک واحد عنصر تصور کئے جا سکتے ہیں۔ ہائیڈروجن کے نقطۂ نظر کے لحاظ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ [illegible] ہے اور ان دونوں سے بڑا عنصر سلیکیم [illegible] سلی کون اور آئرن سے تشکیل پائی ہے۔ اگر بنی نوع انسان کو آئندہ یہ کھوج لگانا پڑے کہ سورج کب تک اپنی حرارت پہنچاتا رہے گا تو وہ اپنی ضرورت کے لئے ہی پوری کرنے کے قابل ہوگا جس طرح وہ اپنی ضروریات آج پوری کر رہا ہے۔ اور یہ عناصر یا تو چار عناصر ہائیڈروجن آکسیجن، سلی کون، اور آئرن سے کرے گا۔ یعنی ہوا، پانی، مٹی اور لوہے سے۔

اپنی ادویات کو سمجھنے اور انکے عمل کو سمجھنے کے لئے ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم ان ادویات کے

ماخذ کی طرف توجہ دیں۔ ورن کی قدرتی حالت میں ان کے جوہر کا مشاہدہ کریں۔

جیسا کہ ہم ادویات کے ماخذ کو تین قسموں جیوانی، نباتی اور معدنیاتی میں تقسیم کرتے ہیں یا پھر ہم ان کی درجہ بندی دوائم میں بھی زندہ اور بے جان میں کر سکتے ہیں۔

سر۔ جے سی بوس، اپنی کتاب " ٹاٹے ٹرانس اینڈ دیئر ریسپانس ویلیشن "Plants autographs and their revelation" میں لکھتے ہیں کہ:۔

" کسی زندہ اور بے جان چیزوں کے درمیان ہمیں تمام مادی، سیاہ کی حالت اور مستقل خصوصیات کے بارے میں نہیں بتاتے۔ کیا یہ دونوں گروپ میں مابین بنیادی بنیاد ڈالنے کی تحریک کا عمل زندہ اور بے جان چیزوں میں یکساں طریقہ سے رد عمل پیدا کرتا ہے اور ہماری کل عوامل خفی عوامل کے ساتھ اس طرح مربوط ہیں کہ ان سے الگ کسی بھی ان میں سے کوئی عمل نہیں ہوتا بلکہ وہ ایک ہی قانون کے مسلسل آگے بڑھنے کے مختلف مرحلے ہیں۔ [illegible] اور عالم تمام کے تمام احساسات رکھتے ہیں۔ [illegible] ان کو جو علاج کی دھنوں میں بجھے ہوئے ہیں، جانوروں کے طور پر ستہ دار ماں کے متبادل اجسام قرار دے سکتے ہیں۔ [illegible] ایک گہرا ستہ تاریخ ہے اور یک ارتقائی مستقبل۔

اور ایک مرتبہ کچھ طبیعات و کچھ فرما جی سے ہمیں حد بندی کے بارے میں تحقیق کے میری ابتداء نہ رہی جب میں نے اس حد بندی کو حائل ہوتے ہوئے پایا اور مجھے زندہ اور بے جان چیزوں کے درمیان رابطہ اور تعلق دکھائی دیا۔ دھاتیں بھی تخریب سے متاثر ہوتی ہیں مثلاً کئی ادویات ان کو بری طرح متاثر کرتی ہیں اور زہر دھاتوں کو ختم کر دیتے ہیں مارکیٹ میں

ہم اپنی آسانی کے لیے موسیو مچھلی کی ادویات کی تیاری کے لئے استعمال ہونے والے مادوں کو تین قسموں میں تقسیم کر سکتے ہیں مثلاً حیوانی، نباتی اور معدنی۔ [illegible] سب سے پہلی قسم کی تحریک ہمیں جانوروں میں دیکھنے کو ملتی ہے، ہمیں یہ بھی معلوم ہے جانوروں کی کئی اقسام [illegible] ہے دل کا درد [illegible]

نظام موجود ہے، لہٰذا ہم جانتے ہیں کہ سانپ کا زہر دوسرے جانوروں کے لئے بہت خطرناک ہے۔
ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ جب اس زہر کی بہایت تھوڑی تھوڑی مقدار بھی تیار کی جائیں تو پھر بھی
ان کا جانوروں کی زندگی پر گہرا اثر ہوتا ہے۔"

سرے سی ہوں نے کوبرا کے زہر (جسے NAJA کو سانپوں اور پودوں پر آزمایا ہے ہوں
نے دیکھا کہ اس کا زہر کا C.O.S محلول جس کی مقدار ہزار میں ایک تھی (۱:۱۰۰۰) جب سے ایک
پھلی کے جسم کے اندر ٹیکہ کے ذریعہ داخل کیا گیا تو ۲ منٹ کے اندر مچھلی کے دل کی حرکت رک گئی۔
یہی تجربہ پودوں پر آزمایا گیا اور محلول کی طاقت [illegible] استعمال کی گئی، پودے میں فوراً ہی
پھر پودے کے اندر [illegible] (Pulse beat came to a

[illegible]

[illegible]

ہماری ہو [illegible] موجبی [illegible] سے [illegible] کر [illegible] تھی کہ
زہر کی قلیل المقدار [illegible] خاص طور پر [illegible] ہوتے ہوں۔

[illegible]

[illegible]

بات سے وہ لوگ ہرگز [illegible] جنہوں نے [illegible]

لہٰذا ہم پودوں کی زندگی کو [illegible]
سے شدید ردعمل کی توقع رکھتے ہیں جو [illegible]
رکھتی ہیں۔ کہ رس جیسی [illegible]
کیا جائے یا پوٹیشیم [illegible]

ایسے تمام پودوں کی تعداد جو جسم انسانی پر [illegible]

Scanned by CamScanner

[illegible] میں ایسے افراد پودے شامل ہیں جو خصوصیات میں ایک حد تک مختلف ہوتے ہیں یعنی کیڑے کوڑے کھاتے ہیں مثلاً ڈیاسیرا (DROSERA) اور سارسینیا (SARRACENIA) جیسے پودے ہیں۔ اور دوسری طرف شاذ و نادر قسم کے پودے مثلاً سفنکٹا پٹوریا (SPHAGNUM PALUSTRE) اسفیگنم کی طرح پائے جاتے ہیں ان کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔

عالم نباتات میں سے ہر ایک جانور کے لئے پودوں کی ایک لمبی لسٹ ہے کہ کیا کھائے اس کے بارے میں لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسلئے ہم اپنی توجہ ان پودوں کے مشاہدے کے لئے مرکوز کرتے ہیں جو حقیقی معنوں میں بے جان ہیں۔ لیکن بے جان ہونے کے باوجود جاندار کی تشکیل میں حصہ لیتے ہیں اور جس میں ہم بھی شامل ہیں۔

زہروں سے بھی زیادہ گہرا اثر کرنے والے معدنی اور کیمیائی مادے ہیں۔ نباتاتی زندگی کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ ان مادوں کو سادہ تر اجزاء میں تبدیل کر کے معدنیاتی ذرائع سے بنایت قریبی رشتہ استوار کر لیتی ہے اور یہیں سے یہ مادے جانداروں کے جسم میں جذب ہوتے ہیں یا پھر ان مادوں کی شکل بن جاتی ہے جو زیادہ حاصل ہوتی ہے۔ پلسٹیلا کا جسم فسفانی پر زیادہ تر اسی قسم کی مثال ہے ڈن ہل لکھتا ہے کہ پلسٹیلا ایک جڑی بوٹی ہے جو کہ کھیتوں میں استعمال ہونے والی بنایت تیز اور طاقتور کیمیائی مادہ ہے زمین اپنے اندر موجود معدنیاتی مادوں کو کیمیائی کر کے یا ملا کے ان کی تعمیر کرتی ہے اور اس طرح وہ معدنیاتی مادے وجود میں آتے ہیں جن کا جانداروں کی زندگی پر بنایت گہرا اور بھیانک اثر ہوتا ہے۔

عام نباتاتی ادویہ پر اگر تنقیدی نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ تر کیمیائی مادوں سے بہت تعلق رکھتی ہیں اور ان کا تعلق نامیاتی عناصر سے کم ہی دیکھنے میں آیا ہے۔

جیمز ملی کن (MILLIKAN) لکھتا ہے:-

"عناصر کی بہت زیادہ تعداد جو ہماری زمین کا بیس سے زیادہ حصہ نہ ہے پہلے ہی سے ایک متوازن حالت میں ہیں"

اُن کے اندر طاقتور توانائی موجود نہیں ہوتی جو وہ تقریباً ایٹم توڑ کر اُس کے مرکزے کو توڑ سکیں۔ ملا اس کو ہم صرف اسی صورت میں مزید توڑ سکتے ہیں اگر ہم بیرونی طور پر ان کو توانائی سپلائی کریں ہو سکتا ہے کہ ان مادوں کو توڑنے میں کامیاب ہو جائے لیکن ایسا کرنے کے لئے اُسے سخت محنت کرنا ہوگی۔

جیسا کہ ایٹم کو توڑ کر توانائی حاصل کرنے کا ذریعہ ڈھونڈ لیا گیا ہے۔ مگر اس مقصد کے لئے استعمال ہونے والے مادے جو تابکار ہوتے ہیں ان کی مقدار بہت کم ہے لہٰذا ایک وقت آئیگا جب ایٹموں کو توڑنے کی بجائے ایٹموں کو جوڑنے سے توانائی حاصل ہوگی۔

ابھی کچھ مزید بحث کہ کونسی شعاؤں (COSMIC RAYS) پر حال ہی میں کام ہوا ہے اس نے اس کائنات میں ہونے والے عمل پر روشنی ڈالی ہے کیونکہ پہلے ڈاکٹر کیمیرن اور پھر میں نے حال ہی میں کونسی شعاؤں کی تین بیٹریاں دریافت کی ہیں جن کا تعدد نا ہے کہ ان کی قوت جاذبہ تابکار عناصر سے حاصل ہونے والی شعاؤں کی قوت جاذبہ سے ۱۰۰-۱۲۵ گنا زیادہ ہے۔ ان پٹی میں سے سب سے زیادہ تعدد رکھنے والے میڈ کی قوت جاذبہ اتنی ہے کہ ۴۰۰۰ فٹ گہرے پانی ۱۸ فٹ موٹے سیسے میں سے گزر کر پھر جذب ہوتی ہیں جبکہ گیما شعاؤں کو سیسے کی دو تین انچ موٹی دیوار جذب کر لیتی ہے۔ کونسی شعاؤں کے اندر شعاؤں کی اس پٹی کی دریافت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ شعاعیں ایکسرے کی طرح وجود میں نہیں آتیں جبکہ یہ شعاعیں مسلسل ایٹمی تبدیلی کا عمل ہے اور اس کے نتیجے میں جو توانائی خارج ہوتی ہے وہ تابکاری کے عمل سے پیدا ہونے والی توانائی سے کہیں زیادہ ہے۔

آئن سٹائن کی مساوات اور آسٹن کے کرو (CROWE) کو اپنی رہنمائی کے لئے سامنے رکھتے ہوئے ہم دیکھتے ہیں کہ کسی بھی ایٹمی تبدیلی کے نتیجے میں اسقدر قوت جاذبہ رکھنے والی شعاعیں پیدا نہیں ہو سکتیں سوائے ان مادوں کی تخلیق کے جن کی مقدار زیادہ ہے مثلاً سیسہ آکسیجن، سلی کون اور آئرن کے۔ اب ہم اس مرحلے پر پہنچ گئے ہیں کہ ہمارے پاس کافی مواد

ثبوت ہے کہ وہ کائنات شناسی جو ہمارے مشاہدے میں آتی ہے وہ اس کائنات میں ارتقا کے نشریاتی سلسلے کی حیثیت رکھتی ہے اور بتاتی ہے کہ عام عناصر کس طرح بعد ترقی یافتہ اور پیچیدہ صورتوں سے وجود میں آتے ہیں۔

اسی سے ہمیں معلوم ہوا کہ کس طرح ہماری زمین کے دو عام عناصر آکسیجن اور سلی کون کی تاریخ ابتدائی زمانے میں بے پناہ قوتوں کے اظہار ہوتے ہیں (سلی کون اس مضمون میں ایٹم اور سیلیکون کے سلی کون کے نزدیک ترین کہتا ہے کیونکہ ان کے ایٹمی ذرات ایک دوسرے کے قریب ہیں) ہم جانتے ہیں کہ ان عناصر کی ٹرانسفارمیشن کے دوران اگر یہ عمل دیر تک جاری رکھا جائے اور حرارت بھی دیتے جائیں تو پھر کسقدر توانائی کا اخراج ہوتا ہے۔ عام بناوٹ اور ان کا کیمیائی تجزیہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں ایک دو زمینی مادے ملے ہوئے ہوتے ہیں اور پھر وہ ٹوٹ کر اسطرح سادہ اجزاء کی شکل اختیار کر لیتے ہیں کہ پودوں کی زندگی ان پر منحصر ہوتی ہے۔ لائیکوپوڈیم کلوروفلم کے مشاہدے سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے اندر یہ عنصر موجود ہوتا ہے۔ اس عنصر کے بارے میں سوچیے جو جانداروں کی افزائش پر اثر انداز ہوتا ہے اور جب ہوسپر بیلک پوٹینشیاں بنانے کے دوران اس کی توانائی خارج ہوتی ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ جب پودا اسے ہضم کرتا ہے تو پھر اس کی توانائی کا کچھ حصہ تو پراثر عمل کے لئے خارج ہوتا ہے اور مزید توانائی کا اخراج اس وقت ہوتا ہے جب اسے ٹوکسیکوریشن کے عمل سے گزارا جائے۔

لائیکوپوڈیم کی تاریخ مزید دلچسپی کا باعث ہوگی اور ہمیں اس کے پراثر ہونے کی مزید داستان سنائے گی۔ زندگی کی قدیم شکلوں میں جو سب سے زیادہ عرصہ اس زمین پر قائم رہیں لائیکوپوڈیم ان میں سے ہے کیونکہ کائیاں MOSSES قدیم زندگی کی شکل ہیں جو آج بھی موجود ہیں اور لائیکوپوڈیم کا تعلق ان کا ثبوت ہے ان کائیوں سے۔ خانہ لائیکوپوڈیم زندگی کی قدیم ترین شکلوں میں سے ہے۔ (جو پانی اور زمین دونوں پر انحصار کرتی ہے) اس نے گزشتہ دور کی تمام تبدیلیوں اور حالتوں کو برداشت کیا اور ان بدلتے ہوئے حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے اپنا حلقہ کم رکھ کر بچاؤ پیدا کیا اس برداشت کے مقابلے میں صرف ایک چیز آتی ہے اور وہ ہے یورینیم۔ آپ

([illegible]) زندگی کی بہ حسن اسے ملنے ہوئے حالات سے مقابلہ کرنے میں کام آتی ہے اور اس کی بھی کمتی اور توانائی اس وقت کام آتی ہے جب یہ کسی بھی ہارمون کی ہوتی ہے۔

اسی طرح Hormone Gonadal میں سیکس ہارمون موجود ہوتا ہے اور مگنیشیم بھی۔ تجزیئے کے دوران سیکس ہارمون کی مقدار ۰٫۱۵ فیصد سے لیکر ۲٫۱۴ فیصد تک ہوتی ہے اگر پیدائش کے دوران ماں میں جتنی توانائی موجود ہوتی ہے اسی کا سیکس شعاعیں ظاہر کرتی ہیں، تو کیا اس توانائی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو ماں میں اس وقت پیدا ہوتی ہے جب پودے انہیں جذب کرتے ہیں اور پھر جب پودوں سے دوائیں تیار کریں تو ان کی پوٹینشیز میں کتنے ہیں، پھر ان کے اندر جو توانائی کس قدر رہ جاتی ہے۔

جب ہم حیوانی، نباتاتی اور معدنی مادے کو پوٹینشیائز کرتے ہیں تو ان کے اندر ایٹمی ریشو کی وجہ سے مزید توانائی پیدا ہو جاتی ہے اور جب یہ ادویات استعمال کی جاتی ہیں تو پھر یہ توانائی جاندار پر براہ راست عمل کرتی ہے۔ یعنی ان مادوں کی ٹوٹ پھوٹ کے دوران ناکارہ توانائی کا اخراج ہوتا ہے جو جانداروں کی قوت حیات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اسی ناکارہ قوت کی وجہ سے پوٹینسی پر اثر پڑتا ہے۔

لہٰذا ہم ایسی دھاتوں اور مادوں کو جنہیں ہم بے جان تصور کرتے ہیں ان میں سے مختلف قسم کی شفاؤں کے اخراج کو پہچانتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ وہ مادے اسی قوت سے تحریک قبول کرتے ہیں جس طرح (زندہ اجسام) پودے اور جاندار کرتے ہیں۔ تحریک قبول کرنے اور ردعمل کا اظہار کرنے میں نہ صرف وہ اپنی سادہ ترین شکل میں اس خصوصیت کا اظہار کرتے، بلکہ جب ان کو ہم کچلا جائے یا ان کو ٹوٹ پھوٹ کا عمل ہو یا پھر ان کی تعمیر نو کا عمل مختلف جانداروں کے جسموں کے اندر ہوتا ہو یا پھر پودوں کے جسم کے اندر ان کی سادہ ترین اجزاء میں تبدیلی یا پھر پودے کے اندر ان کی دوبارہ پیچیدہ شکل میں تعمیر ہوتی ہو۔ تاکہ (پودے جب ادویات بنائی جائیں) پوٹینشیائزیشن کے عمل سے گزرنے کے بعد وہ تمام زندہ مادوں پر اپنا قوی اثر مرتب کر سکیں۔

ہمیں معلوم ہے کہ وہ عناصر جن کے ایٹمی وزن زیادہ ہیں وہ ناکارہ ہیں۔ وہ اپنی مختلف شکل

اور مختلف قوت جاذبہ رکھنے والی تعاملوں کا خرچ کرنے لگتے ہیں اور اپنے اس تعامل سے توانائی کے اخراج کے نتیجے میں وہ مدت عود تبدیل ہو جاتے ہیں

آئن سٹائن کہتا ہے کہ جب یہ عناصر تبدیل ہو کر دوسرے عناصر میں تبدیل ہوتے ہیں تو نئے بننے والے عناصر کی مقدار مادہ کم ہوتی ہے اور جتنا مادہ کم ہوتا ہے وہ توانائی میں تبدیل ہو جاتا ہے، لہذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ تبدیلی سے پہلے والے عناصر اور تبدیلی کے بعد پیدا ہونے والے عناصر کی مقدار مادہ (کمیت) برابر ہوتی ہے۔

مندرجہ بالا مثال میں کمیت سے مراد جسم ہرگز نہیں۔ درحقیقت کمیت سے مراد وہ مادہ ہے۔ جس کے ابدل جانے) نتیجے میں توانائی پیدا ہوتی ہے یا وہ توانائی پیدا کرنے کے قابل ہوتا ہے یا توانائی اس کا حصہ ہوتی ہے، جیسا کہ حساب کے سوالوں میں اگر ایک مقدار میں سے دوسری مقدار کو منفی کیا جائے تو جواب ہمیشہ منفی کی جانے والی رقم سے چھوٹا ہوتا ہے اور تفریق کرنے کے عمل کو ہم اس وقت تک جاری رکھ سکتے ہیں جب تک وہ رقم ختم نہیں ہو جاتی جسمیں سے ہم دوسری رقم تفریق کر رہے ہیں۔

لہذا ہم جانتے ہیں کہ یورینیم اور تھوریم عرصہ دراز تک شعاعوں کے اخراج کے بعد وہ شکل اختیار کر لیتی ہے جسے ہم ریڈیم (Radium) کہتے ہیں اور ریڈیم اپنی ناسکاری کے بعد سیسہ (Lead) بن جاتا ہے۔ مثال کے طور پر یورینیم سب سے بھاری عنصر ہے اور اس کا ایٹمی نمبر ۹۲ اور ایٹمی وزن ۲۳۸٫۱۳ ہے، تھوریم کا ایٹمی نمبر ۹۰ اور ایٹمی وزن ۲۳۲٫۱۲ ہے۔ یہ یورینیم سے کسی حد تک مشابہ ہے اسلئے کہ یہ بھی یورینیم کی طرح ریڈیم بننے کا ذریعہ ہے ریڈیم کا ایٹمی نمبر ۸۸ اور ایٹمی وزن ۲۲۵٫۹۰ ہے۔ سیسے کا ایٹمی نمبر ۸۲ اور ایٹمی وزن ۲۰۷٫۲۲ ہے ان عناصر کے مختلف ایٹمی اوزان آئن سٹائن کے بیان کی تصدیق کرتے ہیں کہ ایٹمی وزن کی تبدیلی مساوی مادے کے توانائی میں تبدیل ہو جانے کے باعث ہے

ہم اس سے پیشتر بہس میں بیتھی بنیادی قوانین پر مشتمل ہے اور یہ بات دراصل اسی بنا کے

جنوت کیلئے مزید نتائج پیش کرنے کی ایک کوشش ہے۔

ہمیں مندرجہ بالا حقائق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہم قدرتی قوانین یا قوانین فطرت کو سمجھنے کے لئے جو قدم اٹھاتے ہیں وہ ہمیں کائناتی قوانین کا نہایت واضح اور صاف منظر دکھاتا ہے۔ اگرچہ کائناتی قوانین کا نہایت واضح اور صاف منظر دکھاتا ہے اگرچہ یہ کائناتی قوانین تعداد میں صرف چند ایک ہیں لیکن ان قوانین کے انظہار بے شمار ہیں۔ اگرچہ ہوسپیتھیس نے متعلقہ قوانین فلاہر سائنس کی دوسری شاخوں سے متعلق نظر نہیں آتے۔ لیکن ان قوانین کے علم سے ہم پر یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ یہ قوانین اپنے مظہر کے لحاظ سے تو مختلف نظر آسکتے ہیں لیکن اپنی اصلیت اور حقیقی اثر (ESSENCE) کے لحاظ سے ہرگز مختلف نہیں ہیں۔ ہمیں اس قابل ہونا چاہیے کہ ہم ان قوانین کی اصل روح اور اُن کے ظاہر اظہار میں فرق کر سکیں کہ سرسری نظر سے دیکھنے اور گہری نظر سے دیکھنے میں فرق ہے اور گہرا اور بغور مشاہدہ ثابت کرتا ہے کہ یہ قوانین باسکل ایک جیسے ہیں۔

سر۔ جے۔ سی۔ بوس جن کی قیمتی انکشافات کا ہم نے وقتاً فوقتاً حوالہ دیا ہے وہ قدیم ہندو فلسفہ سے ایک ہلچل مچا دینے والی حقیقت آشکارا کرتے ہیں جو ایک ایسی لازوال سچائی ہے جس کی جانب ہر سچے ہوسپیتھیسٹ معالج کو رجوع کرنا چاہیئے۔

"وہ لوگ جو اس بدلتی ہوئی کائنات میں سے صرف ایک چیز کی حقیقت کو پہچان لیتے ہیں وہ یہی لوگ ہیں۔ لافانی سچائی جن کی ساتھی ہے۔ ان کے سوا اور کسی کی نہیں۔ اور کسی کی نہیں۔"

کیس ٹیکنگ

CASE TAKING

(اس سلسلے میں آرگنین کے پیراگراف ۸۳ ، ۱۰۴ کا مطالعہ ضروری ہے)

کیس ٹیکنگ کے لئے ایک ہومیوپیتھک معالج کے سامنے دو مقاصد ہوتے ہیں۔

نمبر ۱۔ تشخیص کا مسئلہ اگرچہ تشخیص کا مسئلہ ہومیوپیتھک معالج کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ مسئلہ تو ایلوپیتھی کے معالج کا ہے۔ جہاں تک ہومیوپیتھک معالج کا معاملہ ہے وہ مرض کی تشخیص کو معالجاتی مقاصد کیلئے استعمال نہیں کرتا بلکہ وہ علامات کی تشخیص کرتا ہے تاکہ وہ ان علامات کو ایک گروپ کی شکل دے کر ان سے دوا کا انتخاب کر سکے۔ ایک ہومیوپیتھک معالج کبھی بھی تشخیص مرض کو اپنے علاج کے لئے استعمال نہیں کرتا اور اسی بات میں وہ ایک ایلوپیتھی معالج سے مختلف ہوتا ہے۔ جو تشخیص مرض کو اپنے مطلوبہ علاج کے لئے راہنما سمجھتا ہے۔ کیونکہ ان کی تشخیص جن چند اجتماعی شرائط کی پابند ہوتی ہے اگر وہ اجتماعی شرائط پوری ہوں تو پھر وہ اس تشخیص کو اپنے علاج کے لئے استعمال میں لاتا ہے۔

ہومیوپیتھک معالج کسی گروہ بندی کو معیار علاج ہرگز نہیں بناتا بلکہ اس طریقۂ علاج میں انفرادیت کو اہمیت دی جاتی ہے۔ ہر فرد واحد علم تشخیص امراض کی رُو سے خواہ کسی بھی گروہ سے تعلق کیوں نہ رکھتا ہو اُسے فرد واحد کے طور پر مشاہدہ کی کسوٹی پر پرکھا جاتا ہے اور معالجاتی اقدامات اس کی علامات کے پیش نظر کیے جاتے ہیں۔

نمبر ۲۔ دوسرا اہم اور عظیم مقصد جو case taking سے متعلق ہے۔ وہ مریض کی حقیقی حالت

کا تخلیہ ہے اور ان علامات کو اس طرح ترتیب دینا ہے کہ مریض کی مکمل اور صحیح تصویر معالج کے سامنے آجائے۔

اگرچہ کیس ٹیکنگ کے دوران بہت سی باتیں ایسی بھی سامنے آتی ہیں جو غیر اہم ہوتی ہیں مگر ایک چیز جس پر ہومیوپیتھی بہت زیادہ انحصار کرتی ہے وہ کیس کے پس منظر کی جامع تصویر حاصل کرنا ہے جس کی مدد سے کیس کا تجزیہ آسان ہو جاتا ہے۔ کیس اس طرح سامنے آنا چاہیئے کہ کیس کی مکمل تصویر آنکھوں کے سامنے آجائے کیس ٹیکنگ کے لیے ہم اپنی یادداشت پر انحصار نہیں کر سکتے اور مریض کی تصویر کے اہم نقوش ہمارے سامنے ہونا چاہیئے اور ان نقوش کو اسطرح محفوظ ہونا چاہیئے کہ کسی اہم علامات کے نظر انداز ہونے کا خطرہ نہ رہے اور جب چاہیں کسی ایک علامت یا علامتوں کے گروپ پر غور کرنا چاہیں تو کر سکیں۔

اسلیئے کیس ٹیکنگ کی سب سے پہلی ضرورت یہ ہے کہ آپ کے پاس کیس کا ریکارڈ ہونا چاہیئے تاکہ آپ اپنے کیس کا اندراج کر سکیں، آپ کو اپنے ہی کیس کے ریکارڈ پر انحصار کرنا ہے۔ لہذا آپ کے لیئے ضروری ہے کہ آپ اپنے ریکارڈ کا اندراج ضرور کریں۔

دوا کے انتخاب کے لیئے یہ ریکارڈ بہت ضروری ہے۔ اور اسی طرح مزید دوائیں منتخب کرنا پڑیں یا کیس کو دہرانا پڑا تو پھر بھی اس ریکارڈ کی بہت ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح علامات کا تسلسل اور علامات کے غائب ہونے کا عمل اسی صورت میں صحیح طور پر پیش نظر رہ سکتا ہے اگر کیس کے ریکارڈ تک ہماری مکمل رسائی ہو۔

معالج کا رویہ نہایت پرسکون اور نرم ہونا چاہیئے اور معالج کے ذہن میں پہلے سے کوئی نظریہ نہیں ہونا چاہیئے اور نہ ہی دل میں کوئی حسد وغیرہ ہونا چاہیئے۔ معالج کو نہایت خاموشی سے سننے کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے۔ اور کیس ٹیکنگ کے دوران معالج کے ذہن میں پہلے سے کسی دوا کا فکر نہیں ہونا چاہیئے کہ مریض کو فلاں دوا دینا ہے۔ کیونکہ اگر وہ یہ سوچے گا تو اس سے اس کی قوت فیصلہ متاثر ہوگی۔

سب سے پہلے مریض کا نام نوٹ کریں۔ اس کے بعد عمر، جنس، پیشہ اور اگر ممکن ہو سکے تو اس کا مشغلہ

بھی معلوم کریں، ایک اور بات جو معالج کے لئے بہت معاون ہوتی ہے، وہ مریض کے خاندان کے بارے میں معلومات حاصل کرنا ہے۔ اس سلسلے میں مریض کے والدین کی صحت اور اگر وہ وفات پا چکے ہیں تو ان کی موت کا سبب جاننا ضروری ہے۔ خاندانی معلومات میں والدین کے علاوہ بھائی بہنوں کے متعلق معلومات بھی ضرور حاصل کریں اور ان کی بیماریوں کے بارے میں بھی پوچھنا چاہیئے۔ اس طریقے سے اکثر بہت خاندانی رجحانات کی تصویر سامنے آتی ہے اور اگر ممکن ہو سکے تو یہ بھی معلوم کرنے کی کوشش کریں کہ آیا خاندان کے دوسرے افراد کی رشتے موجود تھے۔ خونی رشتوں کے درمیان شادیاں درآنق رجحانات میں اہم مثال ادا کرتی ہیں، اس کے علاوہ دوا کے انتخاب میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

اس کے بعد مریض کے ذاتی ریکارڈ کی طرف پیشرفت کرتے ہیں کیوں نہ ہم مریض کی گذشتہ صحت اور علالت کی نوعیت کے بارے میں سوالات سے آغاز کریں۔ خاص طور پر اس بات کو نوٹ کریں کہ آیا مریض گذشتہ بیماری سے صحت یاب ہو گیا تھا یا وہ گزشتہ بیماری سے تاحال صحت یاب نہیں ہوا۔

اب مریض سے کہیں کہ وہ آپ کو خود بتائے کہ وہ کس طرح بیمار ہوا تھا اور اب وہ کیسا محسوس کرتا ہے اس کو باتوں کے دوران ہرگز نہ ٹوکیں کیونکہ ایسا کرنے سے آپ اس کے تسلسل کو توڑیں گے جب آپ کیس ریکارڈ کریں تو علامات کے درمیان جگہ چھوڑ دیں تاکہ جب آپ دوبارہ مریض سے علامات کی تصدیق کریں تو اس کے دوران اگر کوئی اور نئی بات مریض سے سنیں تو اسے خالی جگہوں پر لکھ سکیں۔ اگر علامات اور اپنی حالت بیان کرتے ہوئے مریض کچھ کہنے سے بچکچائے تو آپ اس سے دریافت کریں۔ اس کے علاوہ اور یہ سلسلہ اسی طرح جاری رکھیں۔ حتیٰ کہ مریض اپنی ہسٹری بتاتے بتاتے تھک جائے۔

اس کے بعد آپ کیس پر غور کرنے کیلئے تیار ہو جائیں، مگر آپ کو چاہیئے کہ ذیل میں بیان کی گئی باتیں آپ ہرگز نہ پوچھیں۔

جبراً۔ ہمیشہ راہنمائی کرنے والے سوالات سے احتراز کریں۔ مثلاً ایسے سوالات ہرگز نہ کریں جن سے مریض ایسے جوابات دینے کی کوشش کرے جن کا جواب آپ کے سوال کے اندر موجود ہو یعنی مریض اندازہ لگائے کہ آپ اس قسم کے جواب کی توقع کرتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

نمبر ۱۔ کبھی بڑے سخت سوال نہ پوچھیں (AVOID ASK DIRECT QUESTIONS)
یعنی ایسے سوالات جن کا جواب ہاں یا نہیں ہو۔

نمبر ۲۔ کبھی متبادل سوال نہ پوچھیں AVOID ASK ALTERNATE QUESTIONS

نمبر ۳۔ ۔ دوا کی سمت رہنمائی کرنے والے سوالات نہ کریں۔ بعض اوقات مریض سے بیان سے۔ معالج کے ذہن میں یہ بات آجاتی ہے کہ اس مریض کو فلاں دوا دینا ہوگی ایسا خیال ذہن میں ہو تو معالج کو اس سمت میں سوالات کا رخ ہرگز نہیں موڑنا چاہیئے بلکہ مریض کو اس کے سوالات کا رخ بیماری کی سمت میں موڑنے پر عبور نہ کریں۔

نمبر ۵:۔ جب آپ کسی ایک علامت کے بارے میں متوجہ ہوں تو اپنے آپ کو پوری طرح اس علامت کی طرف ہی رکھیئے، وہیں کہ ایک علامت کو چھوڑ کر تیسری کی طرف رجوع کریں کیونکہ ایسا کرنے سے ذہن پریشان ہو جاتا ہے، اُلجھ کے رہ جاتا ہے اور معالج کا خیالات کا تسلسل بھی بکھر جاتا ہے۔

اب آپ علامات کو اسطرح سمیٹیں کہ ان کی مکمل تصویر ریکارڈ میں آجائے۔ آپ دیکھیں گے کہ کئی علامات تو مکمل اور جامع ہوں گی، جبکہ بعض بہت نامکمل ہوں گی۔ ہمیں یہ علامات ہر ممکنہ طریقے سے مکمل کرنا ہوں گی اور اس مقصد کے لئے سوالات کا بنایت احتیاط سے پوچھا جانا ضروری ہے ہر علامت کو اسطرح مکمل کیا جائے کہ وہ علامت کس وقت اور کس جگہ پر نمودار ہوتی ہے۔ درد کس طرح کا ہوتا ہے اور مریض کے احساسات اس وقت کس طرح کے ہوتے ہیں۔ اس علامت کی کمی بیشی اور مریض کے خیال کے مطابق اس تکلیف کی وجہ معلوم کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔ کمی بیشی سے مراد یہ ہوگی کہ تکلیف میں اضافہ اور کمی کے بارے میں پوری پوری معلومات حاصل کی جائیں اور مریض کے جذباتی ردعمل کے بارے میں بھی سوالات پوچھنا ضروری ہیں۔

اگر ہم اس طریقے سے علامات کا ریکارڈ تیار کریں گے۔ تو ہمیں مریض کے پورے جسم کی علامات حاصل ہوں گی اور علامات کی مکمل تصویر ہمارے سامنے ہوں گی۔ یعنی ہمیں کوئی چیز مکمل معلومات حاصل کئے بغیر نہیں چھوڑنی چاہیئے۔ اس سلسلے میں ہو جائے کہ مریض کے خاندان والوں سے بھی

Scanned by CamScanner

کی تشخیص کرسکیں لیکن اس سلسلے میں ۔ [illegible] سے [illegible] قابل اعتماد اور مکمل ہونا ضروری ہے۔

[illegible] ہے کہ ہدایت احتیاط سے مارکے گئے رکارڈ اور ہدایت محت طلب سوالات سے [illegible] ہم اس قابل ہوسکیں کہ مریض کی مکمل تصویر حاصل کرسکیں اور صرف ایسا مکمل ہی حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکیں، اس قسم کے حالات سوائے حاذق اطباء کے کیسے پتہ چل سکتے ہیں۔ ہم اس کے اگلے باب میں بیان کریں گے۔

حاد مرض کی صورت میں شدید علامات کا رکارڈ نہایت احتیاط سے کرنا چاہیئے تاکہ مرض کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کی جائیں۔ اسی طرح مزمن مرض کی صورت میں تمام گزشتہ علامات کا سراغ لگائیں اس سلسلے میں زیادہ سے زیادہ پرانی علامات کا کھوج لگائیں اور ان علامات کی مکمل تصویر حاصل کرکے اُن کو بنیاد بنا کر دوا منتخب کریں۔ لیکن اگر آپ ایک حاد مرض کا علاج کر رہے ہوں تو اپنے دائمات ہدایت کو صرف حاد علامات تک ہی محدود رکھیئے اور اس دوران مزمن علامات کا کھوج لگانے کی کوشش کریں، کیونکہ حاد مرض کا اظہار نہایت صاف اور واضح ہوتا ہے۔ اور اگر ہم ان علامات میں مزمن علامات کو بھی شامل کرلیں گے جو گزشتہ مختلف اوقات میں نمودار ہوتی رہی ہیں تو اس سے کیس کی تصویر واضح نہیں رہے گی۔

ہمیں یہ بات کبھی فراموش نہیں کرنی چاہیئے کہ ہمیں کلی علامات کی مکمل تصویر حاصل کرنا ہوتا ہے نہ کہ کسی ایک علامت کی حاد مرض کے پھوٹ پڑنے کی صورت میں مزمن تصویر مکمل طور پر پیچھے چھپ جاتی ہے ایسے وہ تصویر جو مکمل اور واضح نظر آرہی ہو (حاد مرض) اسی کا علاج کرنا ضروری ہوتا ہے اور اس دوران مزمن تصویر حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ حاد مرض کے خاتمے پر ہمیں مزمن کیس دوبارہ ہمیں اور ان علامات سے نپٹنے کا موقع اس وقت ہوتا ہے، حاصل مزمن علامات کا اس طرح واضح اور نمایاں ہو جانا حاد مرض کے خاتمے پر ہی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا حاد مرض سے اچھی طرح نپٹ لینے کے بعد اور اس مرض کے ختم ہو جانے کے بعد ہی ہم اس قابل ہوتے ہیں کہ مزمن مرض کی مکمل تصویر دیکھ سکیں۔ حاد مرض کے خاتمے پر مزمن مرض کا ظاہر ہونا حاد مرض کے اثرات ہرگز نہیں ہوا کرتے جیسا کہ ہومیوپیتھی دینے والے

Scanned by CamScanner

بلکہ حقیقتاً یہ اظہار تو اس پرانے مرض کا ہوتا ہے جو عرصہ سے جسم کے اندر چھپا ہوا ہوتا ہے

تمام علامات " TOTALITY " پر غور کرتے وقت یہ ضروری ہیں کہ ہر علامت کے بارے میں مکمل معلوماتی تفصیل حاصل کی جائے مگر علامت کے علاوہ بعد، علامات کی نوعیت اور علامت کی کمی بیشی کے بارے میں معلومات اشد ضروری ہیں۔ کیونکہ کمی بیشی سے متعلقہ علامات نہایت اہم ہیں اس کے بعد اہم علامات کا تعلق مریض کے احساسات (SENSATIONS) سے ہے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سب سے اہم معلومات جنرل علامات ہی ہوا کرتی ہیں کیونکہ ان کا تعلق مریض کے پورے جسم سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد تکلیف میں زیادتی (AGGRAVATION) اور تکلیف میں کمی (AMELIORATION) سے متعلقہ علامات ہوتی ہیں۔ ذہنی علامات بے حد اہم ہیں کیونکہ دراصل یہی علامات اصلی انسان کا اظہار کرتی ہیں اور ان علامات کو بھی جنرل علامات میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

مریض کا ہر زاویے سے مکمل معائنہ کرنا ضروری ہے، نہ کہ صرف اس نقطۂ نگاہ سے جس سے صرف تشخیص اور حفظانِ صحت کو ملحوظ خاطر ہوں۔ شفاء کے نقطۂ نگاہ سے ہمیں وہ تمام ممکن ذرائع استعمال کرنے چاہئیں جو دوا کے انتخاب میں مددگار ثابت ہوں۔ خاصی (SUBJECTIVE) اور معمولی (OBJECTIVE) علامات کا جاننا اور ان کا ریکارڈ رکھنا ضروری ہے۔ معالج کیلئے علامات کی مناسب تصویر پیش کرنے کیلئے اس کی عادت اور اس کا مجموعہ ہی سے کام آتا ہے۔ مکمل مریضوں کا مشاہدہ جلدی جلدی ہرگز نہیں کرنا چاہیئے۔ ہمیں ایک اچھے سننے والے (GOOD LISTNER) کا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ ہوشیاری سے مریض کو ہر طرح باتوں میں لگائیں کہ وہ علامات کے بارے میں باتیں کرتا رہے اور ادھر ادھر کی فضول باتیں نہ کرے۔ پھر انتہائی [illegible] مجتمع کریں اور اپنی قوتِ مشاہدہ کو بھی طرح عمل میں لائیں تاکہ مریض کی بتائی گئی ہر چھوٹی بڑی تفصیل سے آپ مریض کی عادات اور علامات کی مکمل تصویر بنا سکیں۔ کہا جاتا ہے کہ ہومیوپیتھ کے دکھ کا شعبہ طب سے تعلق ہونا چاہیئے، یہ بات نہایت ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ہومیوپیتھک معالج بہترین ماہر ثابت

Scanned by CamScanner

[illegible]

[illegible] ہے علاج
[illegible] ہے [illegible]
[illegible] ہے [illegible]
[illegible] ہے [illegible]

میں کمی بیشی آرام کی حالت یا حرکت سے تبدیلی پہلے سے بیماری میں [illegible]
درد دور کرنے سے علاوہ اور کھڑے ہونے یا لیٹنے اور [illegible] سے
سے علامات پر کیا اثر پڑتا ہے آیا کھانے سے تکلیف میں کمی ہوتی ہے یا بیماری کس کس علامت
سے تکلیف رکھتی ہے جسم پر ویکسین یا ایرم کے داخلے سے کیا اثر پڑتا ہے سانس سے کیا اثر پڑتا
ہے، عرض بلد کی تبدیلی کے کیا اثرات ہوتے ہیں ساحلی اور پہاڑی مقامات سے کیا اثر پڑتا ہے،
دن اور رات کے دوران کتنے گھنٹوں کی مفارقت پڑتی ہے رحم حامل ہونے کی رفتار کیا ہے آیا بعض سے
جسم میں خون ہوتا ہے یا نہیں۔ دوسرے لوگوں کی موجودگی مریض پر کیا اثرات مرتب کرتی ہے۔ آیا وہ
تنہائی پسند ہے یا پھر دوسروں کی کمپنی میں رہنا پسند کرتا ہے یا پھر تنہائی یا دوسروں کی کمپنی سے تکلیف میں
اضافہ کرتا ہے

مریض کے جسم کے درجہ حرارت کی کیا حالت ہے؟

آیا اس کا جسم عام یا خاص حالات یا بدلتے ہوئے ماحول سے گرم یا سرد ہو جاتا ہے یا پھر اس کے
جسم کے درجہ حرارت میں تبدیلی آتی رہتی ہے۔ یہ تبدیلی پورے جسم یا جسم کے مخصوص حصوں تک محدود
ہوتی ہے۔ اس کی جلد خشک رہتی ہے یا نمدار اگر اسے پسینہ آتا ہے تو کن حالات میں؟ پسینہ زیادہ آتا ہے
یا کم۔ پسینہ پورے جسم پر آتا ہے یا پھر چند ایک حصوں پر۔ کیا پسینہ سے ناگوار بو آتی ہے پسینہ سے تازگی
آتی ہے؟ پسینہ چپکنا۔ گرم یا ٹھنڈا ہے؟ آیا پسینہ آنے سے پہلے یا پسینہ آنے کے بعد وہ بہتر محسوس
کرتا ہے یا بدتر پسینہ سردی لگنے یا گرمی لگنے وقت کہاں تک رکھتا ہے۔ آیا سردی (یا گرمی) جسم کے
مخصوص حصوں تک محدود ہوتی ہے یا پھر پورا جسم اس سے متاثر ہوتا ہے۔ آیا کپکپی پورے جسم میں
محسوس ہوتی ہے یا صرف چند ایک حصے کانپتے ہیں؟ اور کیا یہ کپکپی سردی کے ساتھ محسوس ہوتی ہے؟
پیاس محسوس ہوتی ہے؟ پیاس کا سردی۔ گرمی یا کپکپی کے ادوار سے کیا تعلق ہے؟

مریض کن باتوں یا چیزوں سے نفرت کرتا ہے اور کن چیزوں کی خواہش رکھتا ہے؟

اس کی نیند اور اس کے خوابوں کی کیا حالت ہے سوتے وقت جسم کی کیا پوزیشن ہوتی ہے مریض بستر سے

کس طرح بیدار ہوتا ہے اور جاگنے پر کیا محسوس کرتا ہے۔ بعض دفعہ عورت، اناٹی ضمنی
انارمیلیٹیز ANOMALITIES، کو ضرور نوٹ کرنا چاہیئے اس کے علاوہ علامات نوٹ
کی جائیں جو مخصوص ہوں عجیب و غریب ہوں اور ناقابل توضیح ہوں۔

میں نے کیس ٹیکنگ کے بارے میں جتنی ضروری باتیں بتائی ہیں ان میں ایک آخری مگر اہم
بات ذہنی علامات کا مجموعہ تیار کرنا ہے۔ دراصل یہ وہ علامات ہیں جن کا مشاہدہ مریض سے
روبرو سے کیا جاتا ہے۔ ان علامات کو آخر میں زیر غور لانے کا مقصد یہ ہے کہ کیس ٹیکنگ کے
مکمل دور سے گزرنے میں آپ مریض کو اپنے اعتماد میں لا چکے ہوں گے اور مریض اس اعتماد کے زیر اثر
مکمل طور پر اپنے اعتماد کا اظہار کریگا۔ آپ یہ معلوم کرنے کی کوشش کریں کہ ذہنی علامات تصورات
کی پیداوار ہیں یا پھر کسی مخصوص نظریئے کی۔ مریض کے ڈر اور خوف کو نظر انداز نہ کریں خصوصاً ایسے ڈر
اور خوف جو مستقل ہوں۔ مریض کن باتوں سے خفا ہوتا ہے اور کونسی باتیں اس کے رویے کو تبدیل
کرتی ہیں۔ اگر آپ مریض کے جذبۂ حسد اور ذہنی غیر حاضری کو تلاش کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو
پھر ان باتوں پر بہت غور و خوض کریں۔ غم کے نتیجے میں پیدا ہونے والی افسردگی اور بیماریاں، خوشامد
اچانک خوشی یہ سب باتیں بہت اہم ہیں۔ کیا مریض زندگی سے متعلقہ چیزوں اور معمولی باتوں کی
زیادہ پرواہ کرتا ہے مثلاً حد سے بڑھی ہوئی صفائی یا اس کے برعکس اگر آپ ہوشیاری سے کام لیں تو
آپ کا مریض نہایت اہم باتوں کو آپ پر آشکار کریگا مگر شرط یہ ہے کہ آپ نہایت ہوشیاری سے اپنے
اعتماد میں لائیں۔

میں آپ کو ڈکسٹر پیٹرشمٹ کے حیرت انگیز سوال نامہ کو پڑھنے کی ہدایت کروں گا۔ یہ سوال نامہ آپ
کو مطلوبہ معلومات کے حصول میں بہت مدد دیگا۔ اگر آپ اس کا مطالعہ دھیان سے کریں گے تو یہ آپ
کے لئے نہایت قیمتی گائیڈ ثابت ہوگا اور جب مریض آپ کو اپنی تمام حالت بتا چکے گا تو یہ آپ کی مریض
سے سوالات کرنے میں راہنمائی کرے گا۔

میں اس ہدایت کو دوبارہ دہرا رہا ہوں کہ مریض کو اس وقت مت ٹوکیئے جب وہ آپ کو اپنی

حالت سے آگاہ کر رہا ہو سوائے اس وقت جب مریض موضوع سے ہٹ رہا ہو۔ معالج کے سوالات کرنے کا مریض کے بیان کے بعد شروع ہوتا ہے اور اسی دوران معالج کو مریض کی مکمل تصویر حاصل ہوتی ہے۔

سوالات

سوال :۔ کیس ریکارڈ کرنے کے لوازمات کیا ہیں ؟

جواب :۔ جنرل سسٹم وکی بیشی واحساسات اور CONCOMITANTS۔

سوال :۔ ہر کیس کا تحریری ریکارڈ رکھنا کیوں ضروری ہے ؟

جواب :۔ (۱)۔ تاکہ ہم کیس کو مکمل شکل میں دیکھ سکیں اور مطالعہ کر سکیں۔

(۲)۔ آئندہ علاج کے لئے کیس کا حوالہ ضروری ہے تاکہ ہم شفاء کے عمل میں ترقی کو دیکھ سکیں۔

سوال :۔ ایک حاد مرض کی صورت میں ہمیں کرانک مرض کی علامت کو کیوں اہمیت نہیں دینی چاہیئے۔

جواب :۔ ہمیں کیس کو مکمل توجہ دینا چاہیئے اور جب مرض حاد ہوگا تو کرانک مرض کی علامات عموماً پس منظر میں چلی جاتی ہیں، اسلئے ہمیں دوا کا انتخاب اُن علامات کے مطابق کرنا ہوتا ہے جو بحیثیت مجموعہ موجود ہوں۔

سوال :۔ کرانک علامات کب اور کس وقت صاف اور نمایاں طور پر نظر آتی ہیں ؟

جواب :۔ حاد حملے کے خاتمے پر جبکہ کرانک علامات نمایاں طور پر ظاہر ہوتی ہیں، اس دوران وہ جتنی دفعہ واضح ہوتی ہیں کسی اور وقت نہیں ہو سکتیں۔ لیکن ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ حاد حملے کے بعد پیدا ہونے والی حالتیں حاد حملے کا نتیجہ ہرگز نہیں ہوتیں بلکہ وہ دراصل یہ ہوتی ہے کہ قدرت حاد مرض کی وجہ سے مریض کو کم وبیش عرصہ تک بہت سی علامات سے صاف کر دیا ہوتا ہے اور پھر کرانک مرض کی صاف تصویر نظر آتی ہے۔

Scanned by CamScanner

باب ۹

کیس کا تجزیہ

ANALYSIS OF THE CASE —•

کیس کے تجزیئے کے لئے کئی لحاظ سے علامات کی اہمیت پیش نظر رکھی جاتی ہے۔ مریض کی شخصیت اور اس کی انفرادیت علامات کی تصویر میں سب سے نمایاں مقام رکھتی ہیں۔ اس مقصد کیلئے علم علامات کی مدد سے مریض کی مکمل شخصیت و انفرادیت کی جامع تصویر حاصل کی جاتی ہے اس تصویر کی مکمل تکمیل کے لئے، صرف مریض کی جسمانی خصوصیات بلکہ اس کی ذہنی اور جذباتی خصوصیات بھی شامل کی جاتی ہیں۔

جیسا کہ جنرل علامات کیس کے لئے بنہایت اہمیت کی حامل اور جنرل علامات کے لغیر — SIMILIMUM) تجویز نہیں ہو سکتی، ذہنی اور جذباتی علامات بھی بہت اہمیت کی حامل ہیں کیونکہ ان کا تعلق مریض کی حقیقی شخصیت کے عکس سے ہوتا ہے۔ فاعل علامات (SUBJECTIVE SYMPTOMS) کا تعلق مریض کی طبعی یا جسمانی خصوصیات سے ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اُن تمام تکلیفوں سے ہوتا ہے جن کا انحصار مریض کی شخصیت سے ہو سکتا ہے۔ اسلئے یہ تمام علامات بھی اہم ہیں۔

مفعولی علامات (OBJECTIVE SYMPTOMS) کم از کم تغیر پذیر ہوتی ہیں۔ لیکن یہ اس لحاظ سے اہم ہوتی ہیں کہ یہ مریض کے اپنے ارادے سے تبدیل نہیں ہو سکتیں۔ اسلئے

احساس تک نہیں ہوتا کہ وہ اس علامات کا اظہار کر رہا ہے اس لئے یہ علامات کیس کے متعلق حقوق کی نہایت اچھی تصویر کشی کرتی ہے

ایک محتاط مشاہدہ کرنے والے شخص کے لئے مفعولی علامات ایک بچے کی زندگی میں ایک بالغ انسان کے مقابلے میں زیادہ اہمیت رکھتی ہیں - کیونکہ ان ہی علامات کی مدولت ہم بچے کی حالت اور اس کی خواہشات کا اظہار دیکھ سکتے ہیں - ایسے بہت سی علامات جو دیکھنے میں مفعولی نظر آتی ہیں لیکن انہیں فاعلی علامات تصور کیا جا سکتا ہے یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم علامات کو ان کی صحیح نوعیت کے لحاظ سے سمجھیں علامات کسی بچے کی صورت میں تو مفعولی علامات کے طور پر بھی ہو سکتی ہیں اگرچہ پروان کے دوران وہ فاعلی علامات کے طور پر ہی ظاہر کیوں نہ ہوئی ہوں -

کیس ٹیکنگ میں ہمیں بیماری کی نوعیت اور اس کی عام اقسام کو ضرور ذہن میں رکھنا چاہیئے - پُر اثر نظام پہنچانے کے لئے ہمیں صحیح طور پر بیماری کا علم ہونا چاہیئے - اگرچہ اتفاقیہ طور پر کبھی مریض صحتیاب ہو جاتا ہے لیکن صرف حادثاتی طور پر یعنی اتفاقاً ہی ہوتا ہے اسلئے ہمیں ہر فرد کے اندر بیماری کے مکمل اظہار کا علم ہونا چاہیئے اور ہمیں ہر فرد کی مکمل علامات کو کبھی بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے -

کیس ٹیکنگ کے علم کا تعلق ایک دوسری چیز سے بھی ہے یعنی ہمیں اس ذرائع کا علم ہونا چاہیئے اور ہمیں وہ طریقے اپنانے چاہئیں جو آرام و سکون پہنچانے کے قابل ہوں - اس علم کے بغیر علامات کے بارے میں کوئی دوسرا علم بیکار ہے -

زمانہ قدیم سے ہی تحقیق کرنے والوں نے بیماریوں کے بارے میں بہت سی معلومات حاصل کی تھیں اس علم میں شناختی علامات کے لحاظ سے ترمیمات ہوتی گئیں - اس طریقہ کار میں خامی یہ ہے کہ بیماریوں کو مختلف ناموں سے پکارا جانے لگا اور ان ناموں کے لحاظ سے علاج کیا جانے لگا جبکہ علاج دراصل علامات کا ہونا چاہیئے یعنی اس طریقے سے بجائے مریض کے علاج کرنے کے مرض کا علاج کیا جانے لگا چونکہ علامات کی کئی تصویر کے مطابق (Totality of the symptoms) ہی دوا تجویز کرنی چاہیئے - اسلئے ہمیں بہت سی معلومات درکار ہوتی ہیں تاکہ مریض کی انفرادیت کے مطابق اس کی تشخیص

کا مکمل اظہار کرتی ہوں

لہذا یہ تشخیصی علامات ایک ہومیوپیتھک معالج کے لیے دوا کے انتخاب میں کوئی اہمیت نہیں رکھتیں حقیقت تو یہ ہے کہ شناختی علامات سے دوسرے مماثل (SIMILIMUM) ہرگز منتخب نہیں ہو سکتی۔ دوا کے انتخاب کے لئے اگر ان شناختی علامات کو اہمیت دی جائے تو اسکا واحد عملی فائدہ یہ ہو سکتا ہے کہ اُن تمام ادویات کو زیر غور لسٹ سے خارج کر دیا جائے جو مرض کے اصل سبب سے تعلق نہیں رکھتیں بلکہ انسان کے جسم کے دوسرے حصہ سے اثر رکھتی ہیں۔

اگر ہم اپنے آپ کو تشخیص مرض کی طرف مائل کر لیں اور اس کو دوا کے منتخب کرنے میں استعمال کریں تو ممکن ہے کہ ہم الجھن میں پڑ جائیں اور اپنے مریض کی کوئی مدد نہ کر سکیں ہمارے سامنے نہایت خطرناک مرض کی شناخت کا معاملہ بھی ہو سکتا ہے مثلاً نمونیا کی خطرناک حالت گہرے پھوڑے اندرونی جریان خون یا پھیپھڑے کی بیماریاں تو ایسی صورت میں تشخیص مرض کی رُو سے منتخب شدہ دوا غالباً مکمل طور پر ناکام رہے گی مگر مریض کی علامات ایک قابل اعتماد راہنما کی حیثیت رکھتی ہیں اور مریض کی حالت جتنی نازک ہوگی یہ علامات اتنی ہی واضح ہوگی اور یہ دوا کے انتخاب میں راہنمائی کریں گی اگر ہم ان علامات سے راہنمائی حاصل کریں گے تو غالباً ہم مریض کو بچا لینے میں کامیاب ہو جائیں۔ خواہ علامات کی جامعیت کے پیش نظر منتخب کی گئی یہ دوا اس سے پہلے اسی قسم کی تشخیصی حالت کے لئے کبھی بھی منتخب نہ کی گئی ہو۔

مقامی علامات SYMPTOMS OF LOCATION

عموماً مخصوص قسم کی علامات ہوا کرتی ہیں اور ان پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیئے کیونکہ ہر دوا فیصلہ کن طور پر بیمار کے خاص خاص حصوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ اس قسم کے اختلاف اکثر مقامی علامات میں دیکھنے میں آتے ہیں۔ اور یہ توجہ طلب ہوتے ہیں مثلاً رسولیوں کا پیدا ہونا لیکن اس کا تعلق بھی اُن بیماریوں سے ہے جو جسم کے خاص حصوں میں نمودار ہوتی ہے مثلاً گنٹھیا باؤں کے انگوٹھوں میں نمودار ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود ان کی ابتدا ایک واضح نظام سے ہوتی ہے۔ ان تمام علامات کو اہم

خیال کرتے ہوئے اُن کے تمام اظہار کے باوجود برقرار رہتی ہے یہ علامات اور بھی اہمیت رکھتی ہیں اگر ان کا تعلق جسم کے دائیں یا بائیں حصے سے ہو۔ یہ علامات اگر پھیپھڑے سے تعلق رکھتی ہوں تو ان کی اہمیت اپنے جانے دقوع کی حیثیت سے اور بڑھ جاتی ہے مثلاً کیا وہ پھیپھڑے کی بیاد پھیپھڑے کے آخری حصے یا درمیانی حصہ سے تعلق رکھتی ہیں؟ اور پھر یہ بات بھی غور طلب ہے کہ تکلیف کس سائیڈ سے شروع ہوتی ہے اور کس سائیڈ کو منتقل ہوتی ہے، اور پھر کس مقام پر اپنے آپ کو محدود کر لیتی ہے، مثلاً گلے کی تکلیف کی صورت میں تکلیف بائیں طرف سے شروع ہو کر دائیں طرف کو جاتی ہے یا پھر دائیں طرف سے شروع ہو کر بائیں طرف کو۔ یا پھر مسلسل سمتیں تبدیل کرتی ہے ؟

یہ تمام چھوٹی چھوٹی باتیں ہومیوپیتھی کے لئے نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ مگر ہومیوپیتھی طریقہ علاج میں ان کی کوئی اہمیت نہیں حتیٰ کہ زیادہ تر لوگ حیران ہو جاتے ہیں جب ہم اُن سے علامات کی (LOCALIZATION) کے بارے میں پوچھتے ہیں یہ تمام باتیں ہومیوپیتھی کے لئے ضروری ہیں اور دوا کے انتخاب میں بہت معاون بنتی ہیں۔ علامات کا جسم کے خاص حصہ یا حصوں تک محدود ہو جانا۔ بعض اوقات بیماری کے نتیجے میں پیدا ہونے والی حالتوں سے قبل نہایت واضح علامت کی شکل میں نمودار ہوا کرتا ہے اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ علامات اتفاقی طور پر نمودار ہوتی ہیں مثال کے طور پر گلے کے غدود کی بیماریاں میں جسے (TONSELLITES) کہا جاتا ہے یا پھر نمونیا کی حالت سے متعلق علامات کا مجموعہ ظاہر ہوتا ہے۔ اگر اسی وقت درست دوا استعمال کرادی جائے تو بیماری نمودار نہیں ہوتی۔ ان حالات میں علامات کی (LOCALISATION) ہومیوپیتھک معالج کے لئے نہایت اہم ثابت ہوتی ہے

ہومیوپیتھک معالج کا سب سے عظیم مقصد اسی یقینی دوا کا انتخاب ہے جو ہر افراد کی کیس پر مکمل اور پوری طرح جاوی ہو یا دوسرے لفظوں میں دوا [illegible] ہم اکثر (Treatment) کے بارے میں اتنا زیادہ سنتے رہتے ہیں کہ بعض اوقات ہم یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ یہ سب کیا ہے۔ ہومیوپیتھک معالج ایک ایسے آرٹسٹ سے مشابہ ہے جو ایک خوبصورت تصویر بنا رہا ہو۔ اس تصویر میں وہ تمام خصوصیات نمایاں کرتا ہے جو خصوصیات صاحب تصویر کے اندر [illegible]

ہوتی ہیں۔ علاوہ ازیں وہ تمام حصے بھی رہتا ہے جو ہر چہرے پر موجود ہوتے ہیں مثلاً آنکھیں، ناک ہونٹ
خدوروں سے متعلقہ حالتوں کے لئے سب اہم اور مناسب علامات (Indications) پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ بہت سی علامات کے گروہوں میں پلسٹلا موجود نہیں ہوتی اور اگر یہ موجود ہو بھی تو نہایت پچھلے درجے میں ہوتی ہے لیکن یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ لائیکوپوڈیم راہنما دوا کی حیثیت میں موجود ہوتی ہے۔ لائیکوپوڈیم زمانہ قدیم کے زندہ بچ جانے والے پودوں میں سے اور اس کی شکل و صورت میں (وقت کے ہاتھوں) بہت کم تبدیلیاں آئی ہیں یہ پودا اسلئے زندہ بچ گیا کہ اس کے اندر وہ تمام وراثتی خصوصیات موجود ہیں جو زندگی کی نشوونما کے لئے ضروری ہیں اور اسی لئے زندگی کے افعال پر اس کا گہرا نفی اثر ہوتا ہے۔

شاذ و نادر ہی کوئی فعل یا عضو ایسا ہو جو عظیم ترین پولی کریسٹ ریڈی سلفر سے متاثر نہ ہوتا ہو۔ ہیرنگ کے زمانے میں خدوروں سے متعلقہ جتنی حالتیں معلوم تھیں۔ ہیرنگ نے سلفر کے اثر کو ان حالتوں کے لئے مفید پایا۔ ہم پیمانہ فرق کے بچوں کی نشوونما کے لئے اس کا ذکر کر چکے ہیں یہ دوا ان گہرائیوں میں پرشیدہ تکالیف کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتی ہے۔ جو ظاہری علامات کے دب جانے سے رونما ہوتی ہیں۔ اس کی افادیت ذیابیطس نکری میں مسلمہ ہے سلفر کی افادیت کو مختصر طور پر بیان کرتے ہوئے ہم اس کے ایک نہایت اہم فعل کی نشاندہی کرتے ہیں اور وہ فعل یہ ہے کہ سلفر ان حالتوں کے اظہار کے لئے اور ان علامات کے پیدا ہونے کے لئے نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے جبکہ بہت سی بظاہر بالمثل ادویات ناکام ہو چکی ہوں اور جبکہ شدید اور کم شدید قسم کے عارضے بار بار عود کر آتے ہیں اور جہاں ہر مریض شفاء کی جانب گامزن ہوتے وقت بار بار پرانی تکالیف کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

فاسفورس اپنی بہت سی علامات میں افادیت کے لحاظ سے سلفر سے مشابہ ہے لیکن اپنی کیمیکل ساخت کے لحاظ سے یہ سلفر سے قطعی مختلف ہے۔ سلفر اپنے عمل میں سست ہے جبکہ فاسفورس انتہائی سریع العمل ہے اور بہت سی جنسی علامات (Genitals) پیدا کرتی ہے اور اسی طرح جنس سے متعلقہ علامات کے اظہار میں بے قاعدہ بھی ہے۔ یہ علامات گندے اور فحش خیالات سے لیکر حیض کے نعم البدل (Vicarious - Menstruation)۔ انتہائی ناتوانی اور اعصابی

Scanned by CamScanner

دردزہ کی علامات کی شکل اختیار کر سکتی ہیں۔ فاسفورس بچے کی جسمانی نشوونما کرتا ہے اور بچے کو اپنی ذہنی صلاحیتوں کے مرکوز کرنے میں معاون و مددگار بنتی ہے اور سلفر کی طرح بڑے لوگوں کے جسمانی افعال کو نارمل بنانے میں مدد دیتی ہے۔ جسم سے مائعات سے اخراج اور جذباتی اور جسمانی دباؤ کے تحت توانائیوں کا تباہ ہو جانا، فاسفورس کی مخصوص علامات ہیں، اسطرح عام جسمانی طاقت کا سلب ہو جانا سلفر کے دائرہ عمل میں آتا ہے۔

پیشاب میں شکر کی موجودگی اور دیگر غدودی تکلیفوں کے لئے فاسفورس اور فاسفورس ایسڈ کے استعمال پر غور کرنا ضروری ہے ـــــ نائیٹرک ایسڈ غدودوں کے فعل میں نقص کے لئے نہایت سریع العمل دوا ہے۔ خاص کر جب تکلیف کی بنیاد سفلس ہو، اگرچہ نائیٹرک ایسڈ انتہائی سورک اور ایٹی سفلیٹک بھی ہے۔ اس دوا کی سب سے اہم علامت انتہائی برہمی ہوئی حس ہے۔ یعنی سر اور متاثرہ حصے چھونے جھٹکا لگنے۔ اچانک حرکت کرنے یا حرکت کی رفتار تبدیل ہونے سے بے انتہا متاثر ہوتے ہیں ایسے لوگوں میں ٹھنڈ لگنے کی خصوصیت عام ہوتی ہے۔ سردی اور موسم کی تبدیلی بھی ان کو متاثر کرتی ہے خون کے نظام دوران میں بہت زیادہ خلل واقع ہو جاتا ہے۔ انگلیاں اور ناخن سیاہی مائل نیلے ہو جاتے یا پھر اکثر زرد اور ٹھنڈے مُردوں کی طرح ہو جاتے ہیں، متاثرہ حصوں میں پھانس کی سی چبھن (خاص کر گلے کے غدودوں میں) محسوس ہوتی ہے۔ یہی حالت ارجنٹم نائیٹریکم میں بھی پائی جاتی ہے اور اس کے علاوہ ہیپر میں بھی، نائیٹرک ایسڈ میں جنسی اعضاء میں خلل اور ان کے فعل میں فتور، فاسفورس سے مشابہ ہوتا ہے۔ اور بعض اوقات تو فاسفورس کی حد تک کے نحش خیالات بھی پائے جاتے ہیں۔ عام طور پر تحریک شدید مگر جلد ختم ہو جانے والی ہوتی ہے۔ وہ عمر رسیدہ لوگ جنہیں اس دوا کی ضرورت ہوتی ہے ان میں توانائی شدید حد تک تباہ ہو گئی ہوتی ہے۔

وینجیٹیبل سلفر یا لائیکوپوڈیم تین عظیم ادویات کی تکون (TRIO) (سلفر۔ کلکیریا اور لائیکوپوڈیم) سے تعلق رکھتی ہے۔ اس دوا کے بارے میں کلارک (Clarke) کہتا ہے کہ باقی کے تمام سیٹریا میڈیکا کی گروہ بندی اس دوا کے لحاظ سے کی جا سکتی ہے انکون کی باقی ادویات کی طرح اس میں بھی غدودوں کی سوزش موجود ہوتی ہے اور یہ دوا خصوصی طور پر ان چند ادویات میں شامل ہے جو گلہڑ کے لیئے دی جا سکتی ہیں۔ انتہائی شدید غدودوں کی

Scanned by CamScanner

تکلیف دہ میں طرف سے شروع ہو کر بائیں طرف کو جاتی ہے۔ یہ میٹریا میڈیکا میں بیان کی گئی ان چند ادویات میں سے ہے۔ جس میں ہڈیوں کی بافتوں کے بڑھانے کی خصوصیات موجود ہوتی ہے جبکہ فاسفورس کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ ہڈیوں کی بافتوں کو توڑا کرتی ہے۔

لائیکوپوڈیم کے مریض کے چہرے اور پیشانی پر سلوٹیں ہوتی ہیں، چہرہ، سینہ اور گردن پتلے ہوتے ہیں جبکہ جسم کا نچلا حصہ موٹا ہوتا ہے یا پھر اوپر سے نیچے کی جانب تدریج کے ساتھ بالی جاتی ہے۔ بہت زیادہ تھکان اور تھکاوٹ خاص طور پر ذرا سی محنت سے ٹانگوں میں اور جسمانی حرارت میں کمی۔ نائیٹرک ایسڈ کی طرح انگلیاں اور ہاتھ مُردہ مریض محسوس کرتا ہے جیسے دوران خون رُک گیا ہو۔ ذہنی طور پر وہ فاسفورس اور کالی (Kalis) کی طرح خوفزدہ نائیٹرک ایسڈ اور ہیپر کی طرح غمزدہ ہوتا ہے۔ جلن والے درد میں سلفر اور فاسفورس کی خصوصیات کی جھلک دیتے ہیں، غالباً لائیکوپوڈیم بہترین ریاحی دوا ہے لیکن اگر سینے میں جلن زیادہ ہو (Heart Burn) تو پھر کاربو ویج کی دوا ہوگی۔

ذہنی یاس اور عام غمزدہ حالتوں کے لئے تو میٹرم گروپ مخصوص اہمیت کا حامل ہے اور ذہنی یاس اور غم کی کرانک حالتوں کے لئے تو یہ اور بھی اہم ہے۔ ایسے لوگ دوسرے لوگوں کی زندگی کا ایک پہلو دکھا کر غمزدہ کر کے خود خوشی محسوس کرتے ہیں۔ تنہائی و تنہائی سے نفرت کرتے ہیں لمحاتی خوشی اور غم کی حالتیں یکے بعد دیگرے طاری ہوتی ہیں۔

یہ نمکیات ہوٹینا ٹیزیشن کے عمل سے پیدا شدہ طاقت کا خزانہ کہنا اظہار کرتے ہیں کیونکہ اس شکل میں یہ نمکیات مائعات کیمیٹری، ذہنی حالت، جسمانی افعال اور اعضاء کی پیچیدگی پر انتہائی گہرے اثر ڈالتے ہیں۔ اچانک طاقتوں کا سلب ہو جانا۔ جسم سے اچانک مائعات کا غیر ضروری اخراج۔ جنسی اعضاء کا اچانک خالی ہو جانا (Nocturnal Emissions) جس کی وجہ بڑھی ہوئی تحریک ہوتی ہے۔ خون میں تیزی سے تبدیلی آنا۔ اچانک بہت زیادہ لاغری ہو اکثر موٹاپے کے بعد واقع ہوتی ہے۔ نیٹرم میور کے مریض کی گردن کمزور ہوتی ہے خواہ وہ بہت زیادہ خوراک کھاتا ہو۔ ادویات کا یہ گروپ تھائیرائیڈ غدود کو بہت زیادہ متاثر کرتا ہے اور اکثر دباؤ کا احساس پایا جاتا ہے گویا حلق میں کوئی چیز پھنسی ہوئی ہے نیٹرم میور میں ایسا محسوس

Scanned by CamScanner

ہتوائے گویا تھائیرائیڈ غدود کو انگلیوں اور انگوٹھے کے درمیان رکھکر دبایا جارہا ہے نیٹرم کارب میں گلے کے اندر سخت سوزش ہوتی ہے۔ اپنی ڈکشنری میں کلارک ہمیں بتاتا ہے کہ نیٹرم کارب فیملی گروپ کی خصوصیات کا اظہار کرتی ہے جبکہ اس گروپ کی سب سے اہم دوا نیٹرم میور ہے جو کہ پولی کریسٹ رمیڈیز میں شامل ہے۔

یہ ادویات سردی سے بہت زیادہ حساس ہوتی ہیں۔ ان میں نیٹرم کارب ایسی دوا ہے۔ جو سردی کے لیے سب سے بڑھ کر حساس ہے۔ اس دوا کا مریض خشک سالی اور سرد ہوا برداشت نہیں کرسکتا۔ سردی محسوس کرنے کے باعث کپڑے تبدیل کرنا برداشت نہیں کرتا اور سردی کے باعث ٹھنڈے مشروب اور ٹھنڈا پانی استعمال نہیں کرسکتا۔ اس کے باوجود نیٹرم کارب کا مریض دھوپ برداشت نہیں کرسکتا اور آسانی سے ہیٹ سٹروک کا شکار ہو جاتا ہے (یعنی اُسے آسانی سے لُو لگ جاتی ہے)۔ اس کے اندر جسمانی قوت برداشت نہیں ہوتی۔ وہ ذہنی اور جسمانی کام کرکے بہت جلد تھکان محسوس کرتا ہے۔ اس دوا کے خاندان کی خصوصیات کی مانند وہ تھوڑا سا پیدل سفر کرنے سے تھک جاتا ہے نیٹرم کارب زیادہ مطالعہ کرنے کے بعد کمزوری محسوس کرتا ہے اگرچہ اس کا اعصابی نظام کمزور ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود اسے ہسٹیریا ہوسکتا ہے۔ اسی طرح جنسی اعضاء کے حد سے بڑھکر محرک ہونے کے باعث نامردی اور بانجھ پن ہوسکتا ہے۔

اسکی اور اہم علامات نظام اعصاب کا حد سے بڑھا ہوا احساس موسیقی ہے جو شدت اختیار کرلیتا ہے اور ایسے طوفان جن میں برق کی چمک بھی ساتھ ہو، اُن سے پہلے اور ان کے دوران بھی تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ تمام نیٹرم کی طرح انمیں بھی خون کی کمی سُرخ ذرات کی تعداد میں کمی اور سفید ذرات کی تعداد میں زیادتی ہو جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی لاغری اور سوزش ہو جاتی ہے بچے آسانی سے چلنا نہیں سیکھتے کیونکہ اُن کے ٹخنوں میں سلفر سے بھی زیادہ کمزوری ہوتی ہے وہ پڑھائی کی طرف ایسے توجہ نہیں دیتے کہ یاد کو بہت تھکا دیتی ہے۔ وہ اعصابی مزاج اور تقریباً ہسٹیرک ہوتے ہیں۔ جسم کی رنگت زرد کمزور اور جلد تھک جانے والے آسانی سے ٹھڈے کھا جانے والے یہ بچے اپنی انگلیاں، ناک اور کانوں میں ڈالتے رہتے ہیں کیونکہ اسطرح انہیں

سکون ملتا ہے۔ نیٹرم کارب کے بالغ مریض بھی اسی قسم کی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں اگر مریض مرد ہو تو اس کے عضو مخصوص میں مسلسل استادگی (Priapism) پائی جانے کا رجحان ہوگا اور اگر عورت ہے تو مباشرت کے بعد میوکس اور سیمن (Semen) خارج ہوں گے اور اس کے نتیجے میں بانجھ پن پیدا ہوگا۔ اگر وہ حاملہ ہے تو دردِ زہ نہایت ہلکی اور بے اثر ہو جاتی ہے۔ اور مریضہ اکثر التجا کرتی ہے کہ اس کا مساج کیا جائے۔ نیٹرم کارب کے مریض میں اکثر ٹخنے اور کلائی اور گھٹنے میں سوج آجاتی ہے۔ یا پھر جوڑ اپنی جگہ سے ہل جاتا ہے۔ اسی طرح کمر کا کوئی پٹھا بھی کھچ جاتا ہے۔

نیٹرم ہائیپوکلوروسم (Natrum Hypochlorosum) اس فیملی کے دوسرے ارکان سے اس طرح مختلف ہے کہ اس میں پانی بھری بوٹری کی وجہ سے تیزی سے جسم لاغر ہو جاتا ہے۔ بوٹری پیریٹونیم کے پچھلے حصے میں اس طرح پانی میں ڈوبی ہوتی ہے گویا یہ ابھی جسم سے باہر نکل کر گر پڑے گی۔ اس کے ساتھ ہی ایک بار گولا بوٹری سے سینے کی جانب اٹھتا محسوس ہوتا ہے۔ بھوشی۔ کمزوری اور تکان کے باعث مریض جب بھی بیٹھتی ہے سو جاتی ہے۔ مریضہ کا جسم پانی کی وجہ سے پلپلا ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس دوا کی نمایاں علامت (Leucorrhoea) یعنی حوض کے سفید رطوبات کی ٹرٹ پھوٹ بھی ہے۔

نیٹرم میور کی مختصر تعریف تک محدود ہونا بہت مشکل ہے۔ کلارک بتاتا ہے کہ نیٹرم میور (اس قسم کی قبض جس میں خون کی کمی ہو) مریض سردی محسوس کرے (عام طور پر کمر سے نچلے حصے میں) پاؤں سرد۔ غذا ہضم نہیں ہوتی۔ قبض کے ساتھ اداسی اور غم اسی طرح جس طرح نیٹرم سلف میں غم اور قبض ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔

آنسو، نیٹرم میور کی نمایاں علامات میں سے ہیں، جذباتی مایوسی کے نتیجے میں آنسوؤں کا آجانا، ہنسی کے ساتھ بھی آنسوؤں کا نکل آنا کیونکہ وہ ان باتوں پر روتی ہے جو بالکل مذاحیہ نہیں ہوتیں۔ کالی کھانسی اور زکام کے ساتھ بھی آنسوؤں کا نکل آنا۔ چھوٹی کی طرح میلا اور چکنا، حاملہ کی قے اور متلی میں نمک کی زبردست خواہش۔ بالغوں میں خصوصوں کے فعل میں عدم توازن ملیریا کی بیماری کے ساتھ اور کونین کے استعمال کے بعد نیٹرم میور کیس کی گتھی سلجھا سکتا ہے۔

Scanned by CamScanner

اور شفایاب بھی کر سکتا ہے۔ نیٹرم میور کا بچہ باتیں کرنے اور چلنے میں سستی کا مظاہرہ کرتا ہے، اناملک اسطرح کھاتا ہے جس طرح دوسرے بچے میٹھا کھاتے ہیں اور جب بھی گھر سے باہر جاتا ہے تو مٹی کھاتا ہے۔ ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ نیٹرم میور اگنیشیا کا کرانک ہے۔ یقیناً نیٹرم جذباتی خاندان (انیرام گروپ) جذباتی دباؤ اور جذباتی صدمات کا اسی طرح اظہار کرتا ہے جسطرح اگنیشیا اور کلینیم ایک ایسی دوا ہے جسے ہم اکثر جذباتی صدمات کے نتیجے میں پیدا ہونے والی شکر (ذیابیطس) میں اکثر نظر انداز کر جاتے ہیں۔

نیٹرم فاس کے مریض بچے نشوونما کے لحاظ سے کمزور رہتے ہیں کیونکہ ان کے غذا میں لیکنگ ایسڈ کی زیادتی ہوتی ہے اس دوا کو جتنا استعمال کیا گیا ہے اس کی نسبت اس کے حلقۂ استعمال کو اور وسیع ہونا چاہیئے، فاسفورس کی طرح ذیابیطس میں اس کا استعمال پُراثر ہے لیکن یہاں پر یہ اپنا تعلق نیٹرم گروپ سے ظاہر کرتی ہے، کیونکہ ذیابیطس جگر کے فعل کی خرابی کا نتیجہ کسی ہے نیز کاس کے مریض کے جنسی اعضاء میں بہت خلل واقع ہو جاتا ہے، کمر کمزور ہو جاتی ہے، ہاتھ پاؤں کانپتے ہیں، خاص طور پر گھٹنے اور کانپنے کا عمل مباشرت کے بعد یا پھر رات کے وقت غیر شعوری طور پر اخراج ہونے سے ہوتا ہے۔ نیٹرم کاربہ کے کمزور جگر ڈیسلے خصلات کی بجائے انہیں خصلات پختے ہوتے ہوتے ہیں۔ مریض اپنے آپ کو کتابوں کی طرف مبذول نہیں کر پاتا اور کوشش کرے بھی تو ناکامی ہوتی ہے۔

نیٹرم سلف کا مریض انتہائی غمگین ہوتا ہے۔ یہ مریض پانی سے حساس ہوتا ہے۔ پانی اور نمی سے تکلیف میں اضافہ ہو جاتا ہے، پانی سے اس قدر حساس ہوتا ہے کہ وہ ایسی چیز نہیں کھا سکتا جو فصل زمین پر اگائی گئی ہوں۔ وہ کسی قسم کے پانی کے قریب سکون سے نہیں رہ سکتا۔ نیٹرم سلف گلوٹر پر کم اثر رکھتا ہے لیکن اسمیں بھی گلے میں گھٹن کی محسوس ہوتی ہے جو اس کا اس میدان میں استعمال ظاہر کرتی ہے، یہ جگر اور تلی کے بڑھ جانے میں بڑی افادیت رکھتی ہے اور پرانے ملیریا میں نیٹرم میور کی طرح فائدہ مند ہے، سر میں چوٹ آجانے سے خلیوں کے فعل میں عدم توازن کے لیے بہت اہم ہے۔ دراصل یہ سر کی چوٹوں میں مخصوص دوا ہے حتیٰ کہ صدمے سے کافی دیر بعد تک بھی اسکا استعمال مفید ہے، جوں پر اس کا بہت نمایاں اثر ہوتا ہے اور لیکوریا اندام نہانی میں اس کی بہت افادیت ہے۔

اپنی ڈکشنری میں کلارک نے ایکسیز[12] کا لیز (ونلہ K) کا ذکر کیا ہے اور اُن میں سے اکثریت کی پروٹنگ بڑی اچھی طرح ہو چکی ہے۔ ٹی۔ ایلیٹ۔ ایلیٹ کہتا ہے کہ کالی نکیات بہت گہرے اندرونی اثرات کے حامل ہیں اور ہر عضو کو تباہ کر سکتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ خودکشی کے فعل میں خرابی کے لئے انہیں استعمال کیا جاتا ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس گروپ کی ادویات کا غالب ترین اثر اینٹی سفلیٹک ہے۔ یہاں سفلس کے ابتدائی درجوں کی علامات کا اظہار ہوتا ہے، لعاب دار جھلیوں میں زخم بن جاتے ہیں، کئی ہڈیاں مثلاً ناک کی ہڈی تباہ ہو جاتی ہے اور اسی طرح اس میازم کی اور علامات بھی ملتی ہیں۔ اس کے علاوہ نمایاں سائیکوٹک رجحان بھی پایا جاتا ہے ناک اور دیگر لعاب دار جھلیوں سے نزلہ کی اخراج اس کے علاوہ شدید قسم کا سوراک بھی اس میدان میں پایا جاتا ہے۔

کالی کے کرانک مریض سائیکوسس کے مخصوص ڈیل ڈول کا اظہار کرتے ہیں، یہ مریض قد میں لمبے نہیں بلکہ چھوٹے گٹھے ہوئے جسم سے موٹاپے کی طرف مائل اور خون کی کمی کا شکار ہوتے ہیں۔ اینڈوکرائن غدودوں کے فعل کے عدم توازن کے لئے ہم مکمل ہومیوپیتھک میدان کی طرف رجوع کر سکتے ہیں، کیونکہ یہاں پر ذہنی علامات بہت کثرت سے ملتی ہیں جو کند ذہنی اور یادداشت کے کھو جانے سے لیکر یہاں تک شدید قسم کی ذہنی علامات ہوتی ہیں کہ مریض اپنے ذہن کا استعمال ہی نہیں کر سکتا اور دماغ نرم ہوتا ہے، اور اعصاب میں شدت کی تحریک کی تمام حالتیں پائی جاتی ہیں (جن میں ذانت کی موجودگی یا عدم موجودگی ہو سکتی ہے۔ اس میں انتہائی قسم کی محدود بندھی ہوئی شخصیت کے لوگ موجود ہوتے ہیں جو پاگل اور خبطی ہوتے ہیں۔ یہ لوگ تھوڑے سے شور سے چونک جاتے ہیں۔ خوفزدہ اور اندیشوں میں گھرے ہوئے موت سے ڈرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ جلد مر جائیں گے۔ یہ کبھی تو نیٹرم میور کی طرح خوفزدہ لیکن اکثر نیٹرم سے زیادہ خوفزدہ ہوتے ہیں، نیٹرم کے مریضوں میں ذہنی محنت سے تکلیف بڑھتی ہے لیکن کالی کے مریض تو اپنا ذہن ہی اتنا مرکوز نہیں کر سکتے کہ مریض میں شدت آئے۔

علاج کے لئے مندرجہ ذیل مختصر خلاصہ غدودوں کے فعل میں نقائص کے لئے مفید ہے اور یہ مزید مطالعے کی ضرورت کا اظہار بھی کرتا ہے

کالی اسٹیکم ذبایطس۔ کالی آرسینیکم۔ دیگر تھیلک گائیٹر کے لئے [illegible] آنکھیں، سر، گردن

آتی ہیں) یہ مریض جھگڑالو غیر ملنسار اور حاسد ہوتے ہیں۔ ان کے ذہنی علامات ہر تیسرے دن لوٹ آتی ہیں۔

کالی برومیٹم اور کالی فاس ـــــ دونوں کالی گروپ کی ذہنی تنزل کی دوائیں ہیں۔ ان دونوں کی کلینکل تصویر میں دماغ کا نرم ہو جانا پایا جاتا ہے۔ ان دونوں ادویات نے پسماندہ ذہن کے بچوں اور بڑوں میں بہترین نتائج پیدا کیے ہیں۔ لڑکپن کے زمانے میں نکلنے والے کیلوں کے لئے کالی برومم اکثر مفید رہی ہے۔ کالی برومم، ذیابیطس میں بھی مفید ہے۔ مادوں کے اخراج میں (Emissions) عضو مخصوص کی بیکاری (Impotence) اور اپنی تباہی اپنے ہاتھوں (Masturbation) کے گئے حالات میں اور عورتوں کے خصیۃ الرحم کے عارضوں میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ کالی برومم کی مخصوص ذہنی علامات میں یہ علامت نمایاں ہوتی ہے کہ مریض سمجھتا ہے کہ چلنے کے دوران ایک مخصوص مقام سے آگے نہیں گزر سکے گا۔

کالی فاس میں نمایاں طور پر چہرہ کا سرخ ہو جانا پایا جاتا ہے۔ (خاص طور پر جوانوں میں) اور یہ لوگ کبھی تو سرخ اور کبھی زرد ہو جاتے ہیں اس کی وجہ گھبراہٹ ہوتی ہے اور یہ گھبراہٹ، اعصابی دباؤ کو بڑھا دیتی ہے۔

اس میں نمایاں خون کی کمی اور حیض کے فعل میں خرابی ہو جاتی ہے۔ مردانہ جنسی اعضاء میں کمزوری۔ عورتوں میں زبردست جنسی خواہش (Nymphomania) جنسی جذبات میں ہلچل جس کی وجہ یا تو کثرت مباشرت ہو سکتی ہے یا پھر جذبات کو دبانا۔

کالی کارب وہ پولی کرسیٹ ریمیڈی ہے کہ اس کے بیان کو اگر مختصر کر دیا جائے تو اہم نکات نظر انداز کر دیے جائیں گے۔ بہر حال اس کی مریضہ اس قدر تکان محسوس کرتی ہے کہ وہ فوری طور پر لیٹ جانا چاہتی ہے خواہ جگہ گلی ہی کیوں نہ ہو۔ یہ ستی یاس میں بہت مفید ہے۔ زمانۂ حمل اور حیض کی خرابیوں کے لئے مفید ہے اس کی مریضہ میں خون کی کمی ہوتی ہے اور وہ موٹی ہوتی ہے اور اس کے عضلات کمزور ہوتے ہیں۔

کالی نیرو سائنیٹم (Kalmia Angustifolia) جنسی استعمال ہوتی ہے اس سے کہیں بڑھ کر اس کو استعمال کیا جانا چاہیئے۔ جیسل (Bell) نے اس کی پروونگ بڑے اچھے طریقے سے کی تھی، اس نے معلوم کیا کہ یہ پیشاب کے دائرہ عمل میں سیپیا کی رقیب ہے۔ جو مریض بیری مائل زرد

Scanned by CamScanner

رنگت والے (Chlorotic) (ہیضہ کے دورے پڑنے والے) اور نہایت کمزور ہوتے ہیں۔
ان میں (Dysmenorrhea) تکلیف دہ حیض پایا جاتا ہے۔ بدہضمی (Dyspepsia)
اور دل کی جریان کے ڈھل جانے کی تکلیف بھی پائی جاتی ہے یعنی ایلین کے اس خاندان کی ادویات
کے بارے میں لگائے گئے اندازے کے عین مطابق علامات موجود ہوتی ہیں۔

کالی آیوڈائیڈ — ہماری ان عظیم ادویات میں سے ہے، جو گلٹہ کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔
اکیس مردانہ خصیے (TESTES) اور عورتوں کے پستان سوکھ (ATROPHY) جاتے ہیں۔ ایسے
مریض کے لئے زندگی کو سنبھالنا مشکل ہوتا ہے، وہ رات کو بیدار ہو جاتا ہے اور صبح ہونے کے خوف میں
مبتلا رہتا ہے۔

اس خاندان کی اہم ترین دوا کالی میور ہے جو سڑے ہوئے خلیوں میں استعمال ہوتی ہے،
خاص طور پر سوزش اس کی نمایاں علامت ہے یہ جوڑوں کے بعد پیدا ہونے والی سوزش، کٹے ہوئے زخموں
اور دوسرے زخموں کے لئے اہم ہے۔ یہ ڈیکسی نیٹس (ٹیکہ لگوانے) اور جوزخ کن (HOSPITAL
DISEASE) کی بیماری کے مابعد کے اثرات کے نتیجے میں خلیوں کی تکلیف میں استعمال ہوتی ہے۔
کالی ادویات کی یہ خصوصیت ہے کہ وہ لعاب دار جھلیوں کو سفید کرتی ہے اور اس علامت کی اہم ترین دوا
کالی میور ہے۔

سلیشیا — جسم کے ڑھنے، اس کی نشوونما اور جسمانی اور ذہنی افعال کے لئے اس قدر اہم ہے۔
کہ اس کے بیان کو مختصر کرنا بڑا مشکل ہے۔ یہ دانتوں اور ہڈیوں کی نشوونما کو متاثر کرتی ہے اور
آپریشن اور زخم کے بعد ہاتھوں کے پنپنے میں مدد دیتی ہے۔ اس کے علاوہ جسم سے اجنبی ہاتھوں
کے اتارنے میں کام آتی ہے۔ اس کا خون پر بڑا گہرا اثر ہوتا ہے اور غدودوں کی سوزش پیدا کرنے
کی خصوصیت کے ساتھ یہ پیپ پیدا کرنے کی کلید ہے۔ ریڑھ کی ہڈی کی کمزوری، دماغی تھکاوٹ
کمزور دوران خون، ہڈیوں کا گلنا سڑنا۔ پھوڑے اور ناسور، ہر نیا حتیٰ کہ نوطوں میں پانی بھر جانا۔
(HYDROCELE) جیسی علامات اس دوا کے گہرے اور وسیع عمل کی ترجمان ہیں۔ یہ اُن
ادویات میں بھی شامل ہے جو فیل پا میں استعمال ہوتی ہیں۔ یاد رکھئے کہ ڈیکسی نیٹس اور پاؤں
کے پسینے کے دب جانے سے آپ میں سلیشیا کی علامات پیدا ہو سکتی ہیں۔ اور آپکا سلیشیا کا

Scanned by CamScanner

مریض بچہ ہمیشہ آپ کے لیے مسئلہ بنا رہتا ہے۔

ان حالتوں میں کلکیریا گروپ کا مطالعہ بھی ضروری ہے کیونکہ کلکیریا کارب میں سلیشیا کے بچپن کی تمام خصوصیات موجود ہیں جہاں سلیشیا کی خصوصیات میں غدودوں میں ہیپ پیدا کرتا ہے وہاں کلکیریا کارب میں غدودوں کو سخت کرنے کی خصوصیات ہے۔ کلکیریا میں پیٹ موٹا ہوتا ہے۔ لیکن اکیس سلیشیا جیسی گھڑی ہوئی بھوک ہوتی ہے۔ (Behaved Appetite) ہڈیوں اور دانتوں کے بڑھنے اور نشوونما کی خصوصیات سلیشیا جیسی ہیں، اس کے علاوہ کلکیریا میں خون اور عام کررپڑھ کی ہڈی کی تکلیفیں سلیشیا سے مشابہ ہیں، اکیس بھی بچوں کے گھٹنے کمزور ہوتے ہیں، اور بچہ دیر سے چلنا سیکھتا ہے۔ بچہ موٹاپے، راکٹ کی علامات لیے ہوئے زرد موٹا ہوتا ہے۔ اس کے سر پر پسینہ بہت زیادہ آتا ہے۔ کلکیریا کے جنسی اعضا کا نشو و نما رک جاتا ہے جبکہ سلیشیا کے ریفی جنسی اعضا (جنسی اعضا) سے متاثر ہوتے ہیں۔ کلکیریا میں بالغ مریض موٹاپا (Corpulent) ہوتا ہے اور اس کا پیٹ بہت موٹا اور نیچے کی طرف لٹکا ہوتا ہے۔ اسی طرح اس مریض میں گلہڑ اور گردے کی پتھریاں بھی نیچے کی طرف لٹکی ہوتی ہیں۔

غدودوں کی تکلیفوں میں ہمیں کارسن ادویات کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے۔ مثلاً کارباورنیم، کارباینیلس گریفائیٹ اور سیپیا اہم نوسوڈز اس سلسلے میں مزید مطالعے کے متقاضی ہیں۔ درحقیقت ہماری بہت سی پولی کریسٹ اور کئی ایک نزدیکی پولی کریسٹ اینڈ وکرائن کے بگاڑ میں بہت معاون ہو سکتی ہیں لیکن یہ اسی صورت میں ممکن ہے اگر ہم ان کو تلاش کریں۔

ہومیوپیتھک معالج کی حیثیت سے ہم نے ایک ایسے کام کا بیڑا اٹھایا ہے جو انتہائی دلچسپ ہے۔ لیکن ہم اس کام میں کامیابیاں اسی شرح سے حاصل کرتے ہیں جس شرح سے ہم ان کا کھوج لگاتے ہیں۔ ہمارے رسائل ایلوپیتھی معالجین سے کہیں زیادہ وسیع ہیں۔ ہم نے اس سلسلے کی ادویات کی پروونگ کی ہے اور انہیں پوٹینسیوں کے حل سے فعال بنایا ہے۔ یہ پوٹینسیاں مختلف طاقتوں میں اسطرح تیار کی گئی ہیں کہ ہر شخص انہیں اپنی ضروریات اور تجربے کی بنا پر استعمال کر سکتا ہے۔ ہماری مشابہ ادویات اینڈوکرائن نظام کی رطوبتوں کے افراز کو متاثر نہیں کرتیں، کیونکہ یہ ادویات

Scanned by CamScanner

جسم انسانی کے اُن اعضاء کو نہیں چھیڑتیں جن کے عمل میں توازن موجود ہو۔ دوسرے لفظوں میں ہماری ادویات براہِ راست قوت حیات کو متاثر کرتی ہیں جو بذاتِ خود ان اعضاء میں توازن رکھتی ہے جو حساس ہوتے ہیں اور جسم کے دوسرے حصوں کے بگاڑ سے متاثر ہوتے ہیں تاکہ جسم میں نارمل اور صحت مند افعال پورے جسم کی صحت کو توازن میں لائیں۔

آئیے! ہولسٹک سسٹم کے بارے میں کی گئی دریافتوں کو دلچسپی سے زیرِ غور لائیں۔ اور آئیے ایک محقق کی پُرامید نظروں سے اپنی ہومیوپیتھک ادویات کو دیکھیں جن کی مدد سے ہم اُن حالات کا مقابلہ کرنے بلکہ ان کو شفایاب کرنے کی بھی صلاحیت رکھتے ہیں جن کے بارے میں ابھی معلومات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

Scanned by CamScanner

باب ۳۳

مظاہراتی عوامل کے بارے میں نظریات

ادلیور۔ایل۔ریزر (Oliver L. Reiser) جو کہ پٹیزبرگ (Pittsburgh) یونیورسٹی میں فلاسفی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر تھے، ۱۹۳۵ء میں اپنی کتاب "فلاسفی اینڈ دی کنسیپٹ آف ماڈرن سائنس" (Philosophy and the concepts of Modern Science) میں ہمیں بتاتے ہیں کہ:۔

"سائنس کے وسیع اور بھاری حجم کو حقائق کو باہمی اور ایک مجسم شکل میں دیکھنے کا ایک طریقہ مظاہراتی نظریات (Phenomenological Viewpoint) کہتے ہیں۔"

فینومینولوجی (Phenomenology) سے مراد کسی ایسی چیز کا مطالعہ ہے جو اپنے عمل کا اظہار کر سکتی ہو۔ یہ ایک ایسا بیانی نقطۂ نظر ہے جو کسی چیز کے مکمل مشاہدے کے بارے میں ہے جبکہ خوردبین سے حاصل ہونے والی تفاصیل کو زیادہ اہمیت دینے کے نتیجے میں بہت مشکل پیش آتی ہے۔ خوردبین کی مثال تو کچھ ایسے ہے کہ ہم اسکے ذریعے، درخت تو دیکھ سکتے ہیں لیکن جنگل کو نہیں دیکھ سکتے۔ (یعنی خوردبین میں ایک ——— چھوٹا سا حصہ بہت بڑا دکھائی دیتا ہے اور پورے جسم کو دیکھنا مشکل ہوتا ہے۔)

موجودہ دور کی عظیم دریافتوں میں سے ایک دریافت ابھرتی طبقات الارض کا وضع کردہ اصول یکسانیت (Principle of Uniformitarianism) ہے۔ اس نظریے کی رُو سے وہ قوتیں جو آج برسرِ پیکار ہیں (سرگرمِ عمل ہیں) زمانہ ماضی کی ان قوتوں جیسی ہیں جن کے نتیجے میں ماضی میں تبدیلیاں پیدا ہوئیں۔

اگر ہم سائنس کے مظاہراتی نظریے (Phenomenological Viewpoint)

کو درست تصور کریں تو ہمیں برزر (Risser) کے اس بیان پر بھی یقین کرنا پڑتا ہے جو اس نے خود بین کے ذریعے حاصل شدہ تفاصیل کے بارے میں دیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ خوردبین کے ذریعے کسی چیز کے ایک حصہ کی اتنی زیادہ تفصیل دکھائی دیتی ہے کہ یہ جز اس پورے جسم کے لحاظ سے غیر متوازن دکھائی دیتا ہے۔ اس سے ایک ایسی نفسیاتی اور ذہنی کج نظری پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے جسم اور اس کے حصوں کے درمیان توازن کا تصور باقی نہیں رہتا۔

دوا ایک ایسی چیز ہے جس کے مکمل علم کی ضرورت ہوتی ہے اور ساتھ ہی یکسانیت کے اصول کو بھی مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایلوپیتھی طریقۂ علاج کی اہم شخصیتوں نے بھی اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ صرف ہومیوپیتھی طریقۂ علاج نے وہ اجتماعی نظریہ پیش کیا ہے جو مندرجہ ذیل تمام باتوں کا احاطہ کرتا ہے۔

یعنی بیماری کی حالتوں کا سبب۔ بیماری کے دور ہونے اور بیماری کی پہچان اور اس کے ساتھ ہی دوا تک رسائی حاصل کرنے کا طریقہ۔ دوا کا مریض پر اثر اور اس اثر کی پہچان کا انحصار مریض کی بیان کردہ معلومات پر ہوتا ہے۔ دوا کا علم۔ قوانین ہومیوپیتھی کا استعمال اور ان قوانین کی بیماری اور صحت میں اہمیت۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہومیوپیتھی میں بیماری اور شفا کا نظریہ، مظاہراتی نظریات (Phenomenological viewpoints) سے نکلا ہے کیونکہ اس نظریہ کی رو سے پورے جسم کی اہم حالات حاصل کی جاتی ہیں نہ کہ اس کے ایک نہایت چھوٹے حصے کی تفصیل جو کہ خوردبین مہیا کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس کے دائرے کار میں وہ چھوٹا حصہ بھی شامل ہوتا ہے جس کی تفصیل خوردبین فراہم کرتی ہے۔ یہ کہہ دینا فائدے کی بات ہے کہ سائنس کے انکشافات آئندہ کے انکشافات موجودہ انکشافات سے بھی بڑھ کر فوری اور اہم ہو سکتے ہیں۔ میڈیکل تحقیق کی مخصوص شاخوں کے ماہرین ہمیں ایسی وسیع اور تفصیل معلومات فراہم کر سکتے ہیں جن کی بنیاد خوردبینی مشاہدات پر ہو۔ لیکن ایک ہومیوپیتھ کی حیثیت میں ہم خود اس بات کی اجازت نہیں دے سکتے کہ ان تفصیلات کے بندھنوں میں جکڑے جائیں اور پورے جسم کو نظر انداز کر دیں۔ ہم ان دریافتوں سے اسی صورت میں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں اگر ہم ان کو اپنے اس عالمگیر قانون کے تحت پرکھیں جس کے زیر اثر ہم کام کرتے ہیں کیونکہ ایک اکائی کی کوئی حیثیت نہیں اگر اس کا تعلق اس کائنات اور اس کے قوانین کے ساتھ نہ ہو۔

اس کا فنان اور اس کے فوا

Scanned by CamScanner

چونکہ انسان کی مطابقت (Adaptation) اپنے (ماحول) کے ساتھ انتہائی مخصوص ہے اور ہم اس قابل ہیں کہ کائنات کے بنیادی قوانین کے تحت ایک انسان کے بارے میں حاصل کی گئی معلومات سے یعنی شخصی حدود سے اجتماعی حدود تک کی معلومات حاصل کر سکیں۔

جانوروں کی زندگی بھی پودوں کی زندگی کی طرح اپنے ماحول سے مطابقت کی زبردست قوت رکھتی ہے اور اس طرح یہ ہمارے لئے ایک ایسی تجربہ گاہ کی حیثیت رکھتی ہے۔ جہاں ہم مشاہدات کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ معدنیات کی دنیا ہمارے نوابد کی زنجیر میں ٹک و شب سے ماورا رابطہ قائم کرتی ہے لہٰذا قانون شماریات اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ کسی واحد جاندار کا ردعمل اور ردعمل اس گروپ کے تمام دوسرے جانداروں کے رویے اور عمل کو ظاہر کرتا ہے (سوائے ان خصوصیات کے جو ہر جاندار کی اپنی طبیعت کا خاصا ہوتی ہیں) اور وہ اوامرات جو جانداروں کے ایک گروہ کے لئے ضروری ہوتی ہیں وہی باتیں اسی ماحول میں رہنے والے دوسری قسم کے جانداروں کے لئے ضروری ہوتی ہیں۔ نتائج میں یکسانیت بلاشبہ اس توانائی کی بدولت ہے جسے کائناتی توانائی (Universal Energy) کہا جاتا ہے جسے دور جدید کی اصطلاح میں الیکٹرون پروٹون اور نیوٹران کہتے ہیں جن سے شعاعیں خارج ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ وہ برقی اور مقناطیسی شعاعیں خارج کرتے ہیں جسے ہم مخفی توانائی (Potential Energy) کا نام دیتے ہیں۔

جس طرح توانائی کے ردعمل میں مخصوص توازن ہوتا ہے اسی طرح اس کا مخصوص عمل بھی ہوتا ہے۔ جسم انسانی کے ہر حصے کے افعال میں ایک مخصوص عمل ہوتا ہے۔ یہ عمل کئی اثرات کے لئے اثر پذیری کی خاصیت رکھتا ہے اور اپنا مخصوص ردعمل بھی رکھتا ہے۔ جسم انسانی کے ہر اٹم میں ارتعاشی اثر پذیری موجود ہوتی ہے اور یہ اثر پذیری مخصوص قسم کی حرکت سے متعلق ہوتی ہے اور یہ اثر پذیری یکسانیت کے اصول (Uniformitarianism) کے تحت پیدا ہوتی ہے یعنی (اصل مطابقت کے لحاظ سے) معیشت کے لحاظ اور جسمانی لحاظ سے ہم اسطرح محور کا نشانہ بنتے ہیں جس طرح کے زمین کے طبقات بننے کا عمل آج کل محور کا نشانہ ہے۔ اگرچہ انسان اور حیوانات دونوں اس محور کا نشانہ نظر آتے ہیں۔

درحقیقت ہم مسلسل ڈائنامیکل (Dynamical) قوانین اور شماریات کے قوانین (Statistical Laws) کے توازن کے درمیان رہ رہے ہیں جن کے بارے میں ریڈ رائے

نے مندرجہ ذیل تفصیل بتائی ہے۔

ڈائی نیمیکل اور شماریاتی قوانین کے آپس میں تضاد کو قوانین قدرت کی دوسری خصوصیت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ پہلی قسم یعنی ڈائی نیمیکل قوانین یا وجوہاتی قوانین (causal laws) ہیں۔ یہ قوانین ہمیں مضبوط قوت فیصلہ اور پیشروی عطا کرتے ہیں۔ جبکہ قوانین کی دوسری قسم، یعنی شماریاتی قوانین ہمیں قیاس آرائی اور قوت فیصلہ کے فقدان سے دوچار کرتے ہیں۔ ڈائی نیمیکل قانون عارضی اور اتفاقیہ عملوں کو اہمیت نہیں دیتے اور وہ قائمیت اور بصیرت عطا کرتے ہیں جو طویل مدتی عمل کے مطالعے کے لئے اہم ہوتی ہے۔ لیکن شماریاتی قوانین، جن کا تعلق عوامل کی اوسط قیمتوں سے ہوتا ہے۔ عناصر کی انفرادی خصوصیت کا شمار ہرگز نہیں کرتے ... خود دینی عوامل کے ایٹمی عمل (atomic processes) جو ہوتے ہیں، یعنی اپنی ابتدائی شکل میں لوٹ سکنے کے قابل ہوتے ہیں) (اور بعض اوقات ایک دو قدموں و قدموں سے ہوتا ہے۔) اور یہ سب وجوہاتی قوانین کے تحت ہوتا ہے، جبکہ بڑے عوامل (Macroscopic Status) بہت سے انفرادی عوامل کی اوسط قیمتوں کا اظہار کرتے ہیں اور یہ بات شماریاتی قوانین کے زمرے میں آتی ہے۔

ڈائی نیمیکل اور شماریاتی قوانین کے درمیان اس تفریق سے ہم اپنی وہ غلطی پکڑ سکتے ہیں جو ہم اپنے لاشعور میں بھی ٹھیک قوانین کا اطلاق کرتے ہوئے نظر آتی ہے۔ (Law of least action) اور اس کم سے کم مقدار کا استعمال، ڈائی نیمیکل قوانین میں سے ایک ایسا قانون ہے جس پر ہوئیجنس کی بنیاد رکھی گئی ہے اور اسی سے ہوئیجنس کی تصدیق ہوئی، ہم اس قانون کو قانون بالشی کے ساتھ ہی تسلیم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم ان تمام وجوہاتی عناصر کو (causal elements) جنکا تعلق قدرتی اور بنیادی عوامل سے ہے تسلیم کرتے ہیں اور یہی عوامل ہوئیجنس عوامل کی تشریح کرتے ہیں۔

یہ بات دلیل سے کہی جاتی ہے کہ ہوئیجنس دراصل قوانین فطرت کا استعمال ہے۔ ہماری ادبیات کے نتائج یکساں ہونے چاہئیں۔ ادبیات کی پروڈکٹ کی تفصیل میں کم سے کم تضاد ہونا چاہیئے۔ کسی بھی پوٹیشیسی کا مختلف سرکلوں پر دوران اثر یکساں قوت کا ہونا چاہیے۔ ایک معالج جو دکتنا ہی محتاط کیوں نہ ہو وہ اپنی ناکامیوں کے تلخ تجربات سے سیکھتا ہے اور خواہ اس نے دوا کے انتخاب میں کتنی ہی احتیاط کیوں نہ برتی ہو، صرف یہ کہہ دینا ہی کافی اور تسلی بخش نہیں ہے کہ یہ تو معالج کی نااہلی ہے اور یہ تسلیم کرنا بھی قانع تسلی نہیں کہ مریض جس کے حالات اس تضاد کا باعث ہیں۔ اس

Scanned by CamScanner

سلسلے میں صرف وراثتی خصوصیات، نفسیاتی خصوصیات اور وہ قوتیں جو ہماری زندگی کا تعین کرتی ہیں اور جن کے بارے میں ہم کچھ نہیں جانتے تضاد کی کچھ گنجائش ہے۔ علاوہ ازیں دوا کے عمل کے بارے میں بھی کچھ عوامل ایسے ہیں جنھیں تعداد کی گنجائش ہے اور جنہیں ہم سمجھنے کے قابل نہیں ہوتے۔ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ شماریاتی قوانین ہمیں یہ حق دیتے ہیں کہ ہم ڈائی نیمیکل قوانین کے استعمال کے بعد ان سے چند نتائج کی امید رکھیں جبکہ شماریاتی قوانین ایسے حالات کا مفروضہ دیتے ہیں جو پہلے سے موجود ہوتے ہیں اور جن کی موجودگی سے ہم بے خبر ہوتے ہیں لیکن سچی بات تو یہ ہے کہ ہم ڈائی نیمیکل قوانین کو اچھی طرح نہ جاننے کی وجہ سے شماریاتی قانون کے مفروضوں کو استعمال کرنے لگتے ہیں اور ہمارے لئے یہ ایک معقول اور پرسکون بہانہ بن جاتا ہے اور شماریاتی قوانین پر عمل کرتے ہوئے یہ مفروضے ہمارے لئے خطرہ بن جاتے ہیں۔

بلاشبہ ہم یہ جانتے ہیں کہ ہمارے پاس ایک تغیر پذیر قوت ہے جسے ہم مریضوں کے علاج کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ ادویات کے استعمال کے لئے اسی قسم کی تغیر پذیر قوت موجود ہے یا نہیں۔ اگر کسی قوت کی تحریک اس قوت سے پیدا شدہ موثر کی تبدیلی کے برابر ہے (جیسا کہ علم طبیعیات سے پتہ چلتا ہے)۔ ہم اپنی ادویات کا استعمال اس کلینیکل ثبوت کے مطابق کراتے ہیں جس سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ اس دوا نے تندرست انسانوں میں کون سی حالت پیدا کی تھیں۔

بدقسمتی سے ہمارے پاس صحت کے معیار کا کوئی قابل پیمائش ریکارڈ موجود نہیں۔ اور نہ ہی صحت کے معیار کی حتمی صورت موجود ہے۔ ہمارے نامکمل حواس نقائص سے پاک اور علامات کی ہو بہو ترجمانی کرنے کے قابل نہیں ہوتے اور ہماری عقلوں کے امکانات دوگنے ہو جاتے ہیں جب ہم مریض کے کیس کو حل کرتے ہیں۔ ہم اپنے نتائج کو کیمیائی فارمولے کی مدد سے جانچتے ہیں ——— یعنی

(دوا کے) ردِ عمل کی رفتار = $\frac{\text{قوت عامل (Driving Force)}}{\text{مزاحمت (Resistance)}}$

اور بدقسمتی سے ہم نہایت درستگی کے ساتھ نہ ہو تو حقیقی قوتِ عامل اور نہ ہی مزاحمت کے بارے میں جانتے ہیں۔

تاہم کئی محدود میدانوں میں ہم مادوں کے ردِ عمل کی پیمائش کرنے کے قابل ہو گئے ہیں۔ مثلاً ایسے حیوانی، نباتاتی اور معدنیاتی مادے جو ہماری پوٹنسیوں کی بنیاد ہیں، اس سلسلے میں ابتدائی قسم کی کوششیں تو کی جا رہی ہیں لیکن ابھی تک یہ کوششیں جامعیت کی حدوں سے بہت دور ہیں۔ صرف اتنی

Scanned by CamScanner

بات یہ جان لینا کافی ہے کہ مختلف پوٹینشیلوں کے رد عمل کے مسائل کا حل ایٹم کے اندر موجود ہے۔ اس بات کو اسطرح کہا جا سکتا ہے کہ ایٹم اپنی بناوٹ کے لحاظ سے اس کائنات کی بناوٹ سے مشابہ ہے جبکہ اس کائنات کے نظام شمسی میں سورج کے گرد مخصوص مداروں میں سیارے گردش کرتے ہیں (اسی طرح ایٹم کے مرکزے کے گرد مخصوص مداروں میں الیکٹران گردش کرتے ہیں) اس مطابقت سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ یہ کائنات بذات خود ہمارے مسائل کو سمجھنے میں معاون بنتی ہے اور ایٹم کائناتی فرکس کے لئے حل پیش کرتا ہے۔

تاہم ہم یہ کہتے ہیں کہ یہ خصوصی مناسب قسم کے سوالات فزکس یا کیمسٹری کے ابتدائی علم سے متعلق نہیں ہیں بلکہ یہ سوالات تو انتہائی وسیع معنوں یعنی کائنات کی وسعتوں کا حصار کئے ہوئے ہیں اور ساتھ ہی ہمارے تعارف کی وجوہات کو بھی سمیٹے ہوئے ہیں۔

آیئے، پوٹینشی کے سوال پر دوبارہ غور کریں کیونکہ جب سے ہائیمن نے پوٹینشیائی زیشن کے طریقے کو ترویج دی ہے، یہ چیز بہت سے لوگوں کے لئے راستے کا روڑا بنی ہوئی ہے۔ جدید سائنس بتاتی ہے کہ توانائی خود بخود ایٹم کے وزن کی نسبت سے خارج ہوتی رہتی ہے اور وہ ایٹم جن کا ایٹمی وزن زیادہ ہوتا ہے۔ اور جن کو تابکار (Radioactive) ایٹم کہتے ہیں وہ اپنے زیادہ ایٹمی وزن کی وجہ سے مخصوص قسم کی زیادہ توانائی کا اخراج کرتے ہیں اور اس عمل کے نتیجے میں خود اپنی تباہی کا موجب بنتے ہیں۔ اگر ایٹم کا وزن کم ہو تو ان سے اشعاع کا اخراج کم ہوتا ہے اور پھر ان سے توانائی خارج کرنا مقصود ہو تو ان ایٹموں پر قوت صرف کرنا پڑتی ہے۔ اسطرح ایسے ایٹم جن کے ایٹمی وزن بہت کم ہوں تو ان سے توانائی کے اخراج کے لئے اور بھی زیادہ توانائی صرف کرنا پڑیگی پھر کہیں ان کی مخفی توانائی کو خارج کرنا ممکن ہوگا۔ لیکن شعائی مقاصد کے لئے خام ایٹم ہمارے لئے بالکل بے فائدہ ہوگا۔ اور اس ایٹم کو توڑ کر اس کی برقی مقناطیسی اور مقناطیسی توانائی کے حصول کے لئے بہت سی توانائی صرف کرنا پڑے گی اور پھر یہ تمام توانائیاں ایک پیچیدہ شکل اختیار کر کے ہمارے مقصد پر پورا اتریں گی۔ اس طرح وقت اور کوشش صرف کر کے ہم مستقل فائدہ حاصل کر سکیں گے۔

آیئے! چونے (Lime) اور اس کے کثیر استعمال پر غور کریں۔ اس بات پر غور کیجئے کہ خام حالت میں چونا جسمانی افعال اور نشوونما کے لئے کس قدر بے اثر ہے مگر اسی چونے کا پانی (Lime water)

Scanned by CamScanner

اکثر بچوں میں رکٹ کی بیماری کو شفا بخشتا ہے یعنی جب غذا میں چونے کے پانی کو بھی شامل کر لیا جائے ، رکٹ کے علاوہ بے شمار حالتیں ایسی بھی ہیں جن کے لئے ہومیوپیتھک معالج شفائی خصوصیات صرف اسی صورت میں بخشنے کی امید رکھ سکتا ہے جبکہ وہ چونے کو پوٹینشائیزڈ شکل میں استعمال کرائے کیونکہ اس طرح دوا میں چونے کی انتہائی کم مقدار (ایٹمی حالت) حیرت انگیز شفائی نتائج برآمد کرے گی۔

دورِ جدید میں وٹامن کے بارے میں کی گئی تحقیق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ان کی نچلے درجے کی ٹرچوریشن سے یہ وٹامن غیر عامل ہو جاتے ہیں لیکن جب ان وٹامنز کو مائع شکل کی اونچی پوٹینسیوں میں تبدیل کیا جاتا ہے تو ان کے پوشیدہ اثرات حیرت انگیز حد تک بڑھ جاتے ہیں۔

یہ بات ہمیں یہ تدبیر اختیار کرنے کی طرف راہبری کرتی ہے کہ ہم ٹرچوریشن اور رگڑنے (جھٹکے دینے کے عمل) کو ایٹم کی خوابیدہ توانائی کو بیدار کرنے اور ایٹم سے توانائی خارج کرنے کیلئے استعمال میں لائیں۔ اور بلاشبہ چونے کے ایٹم سے توانائی کے حصول کے لئے جو طریقہ استعمال ہوتا ہے وہ طریقہ کسی پودے کے مالیکیولوں سے توانائی کے حصول کے لئے استعمال کرنا ممکن نہیں کیونکہ کئی مادوں سے توانائی کے حصول کے لئے ٹرچوریشن کا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اور کئی مادے بآسانی حل ہو کر ایسی حالت کو پہنچ سکتے ہیں جن سے توانائی نہایت آسانی سے خارج ہو سکتی ہے۔ اگر ہم ایٹم کی حقیقی بناوٹ کو سمجھنے کے قابل ہو سکیں اور یہ تصور کر سکیں کہ ایٹم میں نفوذ (جذب کرنے کی صلاحیت) کی قوت موجود ہے تو پھر ہم نہایت آسانی سے مختلف طریقوں کے تحت ایٹم سے توانائی کے اخراج کو سمجھ سکتے ہیں۔ یہ مسئلہ ایٹم کی ساخت اور ایٹم کی تباہی سے یکساں طور پر منسلک ہے جس کے نتیجے میں ایٹم کے اندر سے مخصوص قسم کی بے پناہ توانائی کا اخراج ہوتا ہے۔

اپنی پوٹینسیوں پر نظر ڈالنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ہمارا میٹریا میڈیکا شماریاتی قوانین کے تحت کام کرتا ہے اور وہ دوا جو نچلی پوٹینسیوں میں آزمائی گئی ہو وہ اسی لحاظ سے بغیر کسی تضاد کے اونچی پوٹینسیوں میں بھی آزمائی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی بھی پوٹینسی فرض کیجئے ۲۰۰ طاقت کی پوٹینسی سے حاصل ہونے والے نتائج یکساں قسم کے ہوں گے خواہ ان کی تیاری کتنے ہی مختلف اور ترقی یافتہ طریقوں سے کی گئی ہو۔ یہ بات یقینی ہے کیونکہ تجربات نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ کچھ ادویات اپنی مخصوص علامات کا اظہار کرتی ہیں اور یہ علامات تقریباً تمام پوٹینسی کے لئے کم و بیش معین ہوتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

۱۹۔ جب ان کو کلینیکل استعمال میں لانا مقصود ہو، یہ علامات شماریاتی شہادات کی بنیاد کے لیے کافی ہوتی ہیں۔ اور یہی وہ مقام ہے جہاں ہومیوپیتھی کا فن پوشیدہ ہے اور یہی وہ مقام ہے جس پر سائنس دان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور لوگوں کی کھلی تنقید کا سامنا کرتے ہیں

ہلیکمن کہتا ہے کہ ایک عنصر پر الفاشعاعوں کی بمباری کر کے اسکو بھاری عنصر میں تبدیل کیا جاسکتا ہے اور ساتھ ہی مصنوعی تبدیلی سے بننے والے نیوکلس سے نیوٹران خارج ہوتے ہیں۔ نیوٹران پر کوئی برقی چارج نہیں ہوتا لیکن ان کو ایٹم کے انشقاق (اوریکلنے) کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایٹم اس طرح ٹوٹ کر غیر قیام پذیر ہو جاتا ہے، اسی غیر قیام پذیری کے نتیجے میں ایٹم کے وزن کا ایک درجہ کم ہو جاتا ہے لہذا اس سے ایک پروٹون خارج ہوتا ہے۔ ہلیکمن بتاتا ہے کہ نیوٹران کو کسی نیوکلس میں داخل ہو کر اسے توڑنے کے لیے زیادہ توانائی درکار نہیں ہوتی اور اگر کسی نیوکلس کے ساتھ شدت سے ٹکرائے تو اس کے نتیجے میں یہ نیوکلس کے پرخچے اڑا دیتا ہے اور نیوکلس کو کئی چھوٹے چھوٹے کم ایٹمی وزن کے ٹکڑوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ دوسری صورت میں یہ نیوٹران، نیوکلس کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور اسطرح داخل ہونے کیلئے اسے کم رفتار درکار ہوتی ہے اور شدید قوت اور تیزی درکار نہیں ہوتی۔ اس داخلے کے نتیجے میں یہ نیوکلس کی کمیت میں اضافہ کرتا ہے اور اس عمل کے نتیجے میں ایک بھاری ایٹم وجود میں آجاتا ہے۔

ابھی تک کوئی ایسا طریقہ کار وضع نہیں ہوا جس سے یہ معلوم کیا جاسکے کہ ٹرکیورلیشن اور جھٹکے دینے کے عمل کا توانائی کے اخراج سے جو تعلق ہے اس کی ہومیوپیتھک دواؤں کی تیاری میں کیا اہمیت ہے؟ آیا ہم حقیقتاً (ان عوامل سے) اس عنصر کو تبدیل کر دیتے ہیں؟ اور اگر ایسا کر دیتے ہیں تو کیا یہ ایک مقررہ شرح سے ہوتا ہے یا نہیں؟ یہی باتیں ہومیوپیتھک ٹرکسٹ کیلئے مسئلہ کی حیثیت رکھتی ہیں یہ وہ میدان ہے جس میں ابھی ترقی نہیں ہوئی، لیکن یہ ایسا میدان ہے جو ہومیوپیتھی کے لئے ایک چیلنج بنا ہوا ہے یہی وہ کھلا سوال ہے جو سائنسدانوں کے ذہن میں غلط سوچ پیدا کرتا ہے لیکن یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ اگر یہ اپنے ابتدائی مراحل میں بھی حل ہو جائے تو یہ ہومیوپیتھی کو ایسی مضبوط بنیادوں پر کھڑا کر سکتا ہے جیسی بنیادوں پر زمانہ قدیم کے طبیعیات کے رضاکار سائنسدان کھڑے ہیں۔ طبیعیات میں ہمارا ایک مسئلہ واحد دوا یا مرکب دوا کی فارمیسی بھی ہے۔ واحد دوا کے بارے

ہیں تو ایک دلیل ہائیزن اور اس کے ہمپیر وکاروں کے عملی مشاہدے سے بھی زیادہ طاقتور ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک واحد ردا کی محدود پروڈکٹ سے ہم جان سکتے ہیں کہ یہ واحد ردا کیا عمل کرتی ہے۔ ہم اس کی یکسانیت پر (ایک حد کے اندر رہ کر) انحصار کر سکتے ہیں، لیکن اگر ردائیں ایک سے زیادہ استعمال میں لائی جائیں تو کوئی بھی شخص ان کے عمل کی پیشین گوئی نہیں کر سکتا کہ وہ ملی ہوئی حالت میں ایک دوسرے کی جگہ یا ایک دوسرے کے نہایت قریب آ کر کس عمل کا اظہار کریں گی۔ اور یہ بات ایک مشاہدہ ہے صرف تفصیل نہیں ہے۔

جدید فزکس (طبیعیات) ہمیں آوارہ نیوٹران میں اس چیز کا حل بتا سکتی ہے اور نیوٹران یقینی طور پر اس وقت آزاد ہوتے ہیں جب کم ایٹمی وزن رکھنے والے عناصر کو زیادہ ایٹمی وزن والے عنصر کی انتہائی معمولی وزن رکھنے والی شعاؤں سے ملا دیا جائے تو اسطرح یہ خارج ہونے والے نیوٹران فوراً دوسرے عناصر کے ساتھ ملاپ کر لیتے ہیں۔ اگرچہ یہ تیسری قسم کے عناصر کو ضروری نہیں کہ تبدیل ہو جائیں، مگر یہ غیر قیام پذیر ضرور ہو جاتے ہیں اور مزید تبدیلیاں کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔

مینکن ایک کیس کا حوالہ دیتا ہے کہ کس طرح بیری لیئم Beryllium کی تھوڑی سی مقدار کو ریڈیم سے خارج ہونے والی شعاؤں کی خفیف مقدار سے ملانے کے نتیجے میں .... ایک نیوٹران خارج ہوتا ہے اور چاندی کے ایٹم کے نیوکلس میں داخل ہو کر چاندی کے اس ایٹم کے ایٹمی وزن کو ایک یونٹ بڑھا دیتا ہے۔ اسطرح چاندی کا ایٹم بھاری ہو جاتا ہے، اگرچہ اس کی کیمیائی خصوصیات تو برقرار رہتی ہیں مگر یہ ایٹم غیر قیام پذیر ہو جاتا ہے اور اس میں سے ایک منفی الیکٹرون خارج ہوتا ہے اور وہ چاندی کا ایٹم کیڈمیئم کے ایٹم میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس بات میں تو کوئی شبہ نہیں کہ یہ نتائج تجربات سے حاصل ہوتے لیکن ہمارے پاس اس بات کی یقین دہانی بالکل نہیں کہ جب بھی کسی قسم کے ایٹموں کو ایسی میں ملایا جائے تو ان کے ملاپ سے اس قسم کی تبدیلیاں پیدا نہیں ہوں گی خواہ یہ تبدیلیاں تعمیری ہوں یا تخریبی۔ یہ بات خاص طور پر ان طریقوں پر صادق آتی ہے جو ہم ادویات سے خواہیدہ توانائی کے حصول کے لیے اختیار کرتے ہیں اور اگر ہمارے طریقہائے کار اس قابل ہیں کہ وہ توانائی کا اخراج کر سکیں تو یہ یقین نہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں کہ وہ ادویات کو تبدیلیوں سے دوچار نہ کرتے ہوں گے۔ (یعنی ادویات میں تبدیلیاں لاتے ہوں گے)۔

Scanned by CamScanner

ہمارے تحقیقی ذہن کے لیے ایک اور مسئلہ بھی پوسٹ ماڈرن ازم سے منسلک ہے۔ اگرچہ ہمارے طریقے کافی حد تک عمل میں جن کے نتیجے میں توانائی کا اخراج ہوتا ہے (اور ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ ہائی پریسیژن کی بدولت کی پوشیدہ توانائیاں اکثر ہمیں حیرت زدہ کر دیتی ہیں) تو ہم اس چیز کی بھی طرح تحقیق کر سکتے ہیں کہ ان عناصر کے ایٹم کس حد تک ٹوٹتے ہیں۔ بلاشبہ توانائی ایک خاص شرح سے ضرور خارج ہوتی ہے۔ مگر ریڈیو ایکٹو اور پھٹکے دینے کا عمل ایٹم کی ساخت کو کہاں تک متاثر کرتا ہے؟ یہ بات ہمارے علم نہیں ہے۔ اگر ہم یہ معلوم کر لیں کہ ان عناصر کے لئے جو قوت ہم استعمال کرتے ہیں وہ حقیقتاً ایٹموں کو توڑ دیتی ہے تو پھر ہم واقعی طور پر کہہ سکیں گے کہ کون عنصر کے ایٹموں کی تباہی سے پروٹون اور نیوٹرون الگ ہو کر نئے طاقت سے نئے عناصر تشکیل کرتے ہیں۔ جن کی ایٹمی ساخت مختلف ہوتی ہے اور اس نئے عناصر کی اپنی توانائیاں ہوتی ہیں جو کچھ حالات کے تحت متوازن یا غیر متوازن طاقت کی حالتیں پیدا کر سکتی ہیں۔

مندرجہ بالا وضاحت کی بنا پر مرکب عناصر مثلاً پودوں سے حاصل ہونے والی ادویات کے بارے میں زیادہ مطالعے کی ضرورت ہے اگرچہ یہ ثابت نہیں ہوا کہ زندہ مادوں میں تابکار عناصر موجود ہوتے ہیں۔ مگر جب ہم ان تجربات کے استعمال پر غور کرتے ہیں جو ہیلیکن نے بیان کئے ہیں تو پھر ہم اس ردعمل کے بارے میں سوال کر سکتے ہیں جو مختلف ایٹمی وزن رکھنے والے عناصر جن کی ایٹمی وزن والے عناصر کی ٹوٹ پھوٹ اور ان کے ایک دوسرے کے ساتھ عمل سے پیدا ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں ان بدلتی ہوئی توانائیوں کا انسان کی مولیکیولز (MOLECULAR) ساخت پر ردعمل ایسی باتیں ہیں جو غور طلب ہیں۔

بظاہر تو یہ مسائل ایک معالج کے دائرہ اختیار سے باہر لگتے ہیں اور ہم اپنی میٹریا میڈیکا کو ان چند آسان اصولوں کو جاننا ہی کافی سمجھتے ہیں جو ہمیں دوا کے استعمال میں مدد کرتے ہیں، دوسرے لفظوں میں ہم حقیقتاً اپنے کام کا نزدیکی جائزہ ہی لیتے ہیں، اگر ہم اس چیز کا وسیع جائزہ لیں یعنی ظاہراتی جائزہ — تو ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ ہمیں اپنے کام کے لئے مکمل سوجھ بوجھ کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ سوجھ بوجھ ہی اس آرٹ اور سائنس کی مناسب مقدار قیمت جان سکتی ہے۔

اب تو یونائیٹڈ سٹیٹس امریکہ کا بلیک ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اس بات کو تسلیم کرنے لگا ہے کہ جہاں سیلینیم (Selenium) سطح زمین کے قریب پایا جاتا ہے (جو کہ اس ملک کے صرف چند حصوں میں ہی ملتا ہے) وہاں کے لوگوں کی خراب صحت وہاں نئی آبادیاں بسانے کے راستے میں حائل ہوتی ہے۔

سیلینیم کا ایٹمی وزن ۷۹ ہے اور سلفر سیلک اور ٹیلوریم کے درمیان واقع ہے اور تابکار عناصر سے بہت نچلی سطح کا عنصر ہے جو کہ خطرناک ریڈیو ایکٹو عناصر ہیں

۱۹۲۶-۲۷ء کے بہت سے ہوائی جہازوں کے حادثات جو بحر ہند بحیرہ عرب اور بحیرہ قلزم پر پیش آئے ان کی وجہ یورینیم فیلڈ رکی اس علاقے میں موجودگی خیال کی جاتی ہے کیونکہ کیلیفورنیا میں کئی مقامات پر یورینیم سطح زمین کے اوپر آگئی ہے۔ یورینیم ایک بہت بھاری عنصر ہے۔ اس کا ایٹمی نمبر ۹۲ ہے اور یہ بہت زیادہ تابکار ہے اور یہ خیال کیا جاتا ہے کہ یورینیم سے خارج ہونے والی شعاعیں جہازوں کے حساس اور نازک آلات کو بیکار کر دیتی ہوں گی جس کی وجہ سے یہ المناک حادثے رونما ہوئے۔

دل کے مریض کی حالت پر غور کریں جو ملغمہ مقامات کو برداشت نہیں کر سکتا۔ ہم اس اہم موڈیلیٹی اور اس کی وجہ سے بھی واقف ہیں۔ ہمیں یہ بھی پتہ ہے کہ کوبلٹ شعاعیں ۱۲ سنٹی میٹر کی گہرائی پر سطح سمندر کے مقابلہ میں ساڑھے پانچ گنا زیادہ خطرناک ہوتی ہیں یہ کوبلٹ شعاعیں تمام عناصر کے لئے خطرناک ہیں خاص طور پر تابکار عناصر کے لئے۔ لہٰذا ایسا شخص جس دوران عون پہلے ہی گزر چکا ہو اور اس کا داخلی توازن پہلے ہی گڑبڑا ہوا ہو تو اس کو اس قسم کی تباہ کن قوتیں آسانی سے خطرے سے دوچار کر دیتی ہیں اور یہ وکر بے محل نہ ہوگا کہ دل کی اس قسم کی حالتوں کی استدار سطحیک ایسائیکونک حالتوں سے ہوتی ہے (سطحیک اور سائیکونک کے الفاظ اسلیئے استعمال کئے گئے کہ دل کی یہ کیفیتیں ماحول کی پیدا کردہ بھی ہو سکتی ہیں اور وراثتی بھی) ان حالتوں کے لئے جو دوائیں منتخب کی جاتی ہیں، جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں، ان کی اکثریت تابکار عناصر کے گروپ سے تعلق رکھتی ہے۔

دوسری طرف وہ شخص جس پر جاکا زیادہ دباؤ اور بوجھ ڈالتے ہیں، وہ ملغمہ مقامات پر بہتر محسوس کرتا ہے ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ سائیکوسس کے مریض میں اکثر جسمانی سیل کی نشوونما گھٹنے کی صورت میں ہوتی ہے اور اگر ایسے شخص کو کوبلٹ شعاعوں کے زیر اثر رکھا جائے تو پھر اس کی بیماری کی حالت کنٹرول میں آنے لگتی ہے اور وہ شخص ایک متوازن زندگی کے لطف اٹھا سکتا ہے۔

لہٰذا ایٹم کے میدان ہی میں ہماری صحت اور بیماری کے سوال کا جواب موجود ہے۔ اس کے علاوہ سوچ بوجھ کے مسائل، نشوونما، زندگی کے توازن اور بیماری کے مسائل بھی ایٹم سے منسلک ہیں، ہماری نسل کے مسائل کے سوالوں کے جواب سے نارمل نشوونما کی بقاء اور توازن کی بحالی اور وقت سے پہلے

Scanned by CamScanner

فرسودگی وغیرہ بھی اسی میدان سے منسلک ہیں۔

لہٰذا ہومیوپیتھک قوانین پر چلنے والوں اور دیگر سائنسدانوں کے لئے یہ ایک چیلنج ہے کہ وہ کائنات کی بناوٹ اور مظہر کے بارے میں مکمل معلومات رکھیں اور کسی واحد بیماریسیل کا ہی مطالعہ نہ کریں بلکہ اس کائنات اور اس کے قوانین کا مشاہدہ کریں کہ کس طرح یہ کائناتی (عالمگیر) بناوٹ ایک ایٹم کی بناوٹ میں منعکس ہوئی ہے۔ اگر ہم ایسا کریں گے تو ہمارے نظریات واضح ہو جائینگے۔

Scanned by CamScanner

باب ۳۴

منحرف کرنٹ

کہا جاتا ہے کہ روشنی کی لہریں خاص سمت میں اس وقت تک چلتی رہتی ہیں جب تک اُن کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہ آجائے اور جب کوئی رکاوٹ اُنکے راستے میں آجائے تو وہ ایسے زاویے سے اپنا راستہ بدلتی ہیں جو رکاوٹ کے زاویے کے برابر ہوتا ہے۔ ہمیں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہماری ادویات جن حالتوں اور علامات کے لئے شفائی خصوصیات رکھتی ہیں ویسی ہی علامات یہ ادویات تندرست انسانوں میں پیدا کرتی ہیں۔

مناظری سائنس ہمیں روشنی کی لہروں کی پیمائش اسطرح فراہم کرسکتی ہے کہ اسمیں غلطی کا امکان بہت کم ہوتا ہے۔ مناظری سائنس ہمیں روشنی کی لہروں کے مڑنے کے زاویے کی صحیح پیمائش فراہم کرتی ہے اور اس کے علاوہ یہ بصارت کو درست کرنے اور کئی دوسرے عمل کاموں کیلئے روشنی کے استعمال اور پیمائش کی معلومات فراہم کرتی ہے، دوسرے لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ روشنی کے مشہور قوانین کے ذریعے ہم اپنی جدید ضروریات کے لئے روشنی کے استعمال کیلئے یقینی اور قابلِ پیمائش حد تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں اور ہم یہ بات بھی وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ہماری ضروریات کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ اور قوانین روشنی اور پیمائشوں کو بہتر طور پر سمجھ کر ہماری مستقبل کی نسلیں روشنی کی لہروں کا استعمال موجودہ دور کے لوگوں سے کہیں بہتر طور پر کرسکیں گی۔

ہومیوپیتھک قوانین بنیادی خصوصیات کے حامل ہیں ہم ان میں سے کئی ایک کو بخوبی سمجھتے ہیں اور انہیں استعمال بھی کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے پاس کوئی عمدہ اور درست آلہ موجود نہیں جسکی مدد سے ہم اپنی ادویات کی شفائی لہروں کے راستے میں حائل ہونے والی رکاوٹوں کی پیمائش کرسکیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں اپنی ادویات کے یکساں نتائج حاصل نہیں ہوتے جیسا کہ ہمیں اپنی ادویات کی کثیر تعداد

Scanned by CamScanner

کے میسر ہونے اور ہاتھ کے وقت سے آج تک کے ہومیو پیتھک کامیاب طلباء کے علم اور تجربات سے حاصل شدہ معلومات سے یکساں نتائج حاصل ہونے کی اُمید ہونی چاہیئے۔

اس سلسلے میں ہمارے بہت سے بھائی یہ کہیں گے کہ اس قسم کے عمدہ اور درست آلات موجودہ دور میں کئی ہومیو پیتھک معالجین استعمال کر رہے ہیں اور روز بروز اس کام میں ماہر ہو رہے ہیں اور ان آلات کے نتائج نہایت تسلی بخش ہیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ بات بالکل درست ہے لیکن پھر بھی یہ ایک اوسط ہومیو پیتھک طالب علم کے لئے یہ ذرائع میسر نہیں ہیں اور اگر میسر ہوں بھی تو ان کے استعمال کے طریقہ کار میں مہارت حاصل نہیں کی جاتی اور اسطرح ایک اوسط معالج ان آلات کو درستگی کے ساتھ استعمال میں نہیں لا سکتا یا پھر ان آلات کی بہترین کارکردگی (یا بدترین کارکردگی) استعمال کرنے کی قابلیت پر منحصر ہوتی ہے۔

درجہ کچھ بھی ہو ہمارے مقالے کا مقصد ایک اوسط ہومیو پیتھک معالج سے منسلک ہے۔ قصہ مختصر ہمیں اس مشہور سوال کا جواب دینا ہے کہ "ہمارے نتائج یکساں طور پر تسلی بخش کیوں نہیں ہیں؟" اور ایک بظاہر بالمثل دوا ہمیشہ کے لیے فعال ثابت کیوں نہیں ہوتی؟"

ان میں ایک ظاہری وجہ تو مریض کی تشخیص سے متعلق ہے۔ سرجن اور رینجلوجسٹ (ایکسرے کے ماہرین) ایک ہومیو پیتھک معالج کے مقابلے میں مرض کی تشخیص کے راستے میں رکاوٹوں کو سمجھنے کے لئے زیادہ مناسب ہوتے ہیں۔ لیکن ان لوگوں کے پاس مریض کو شفایاب کرنے کا طریقہ نہیں ہوتا کیونکہ ان کا علم ان کو صرف متاثرہ حصہ کو جسم سے الگ کرنے کا طریقہ بتاتا ہے اور یہ کہ شاید مریض قدرت کے فیض سے صحت یاب بھی ہو جاتا ہو۔ یہ بات پرانی سہی مگر حقیقت پر مبنی ہے کہ انجانے میں اتنی غلطیاں نہیں ہوتیں جتنی غلطیاں بغیر سوچے سمجھے کام کرنے سے ہوتی ہیں۔ ایسی حالتیں بھی ہوتی ہیں جن کی وجہ سے کوئی میکانی مزاحمت یا رکاوٹ ہوتی ہے اور جس کا سبب کوئی بیماری نہیں ہوتی بلکہ کوئی بیرونی چیز ہوتی ہے جو کہ ریفلیکس (Reflex) قسم کی انتہائی تکلیف دہ علامات پیدا کر دیتی ہے۔ تو اس قسم کے حالات میں دوا تکلیف کو ہرگز رفع نہیں کرے گی خلاً بچوں کے کان میں مسلسل درد یا ناک کا بہنا اس کی وجہ یہ ہو کہ بچے نے ناک یا کان میں کوئی چیز ٹھونس دی ہو۔ اسی قسم کی تکالیف بڑی عمر کے لوگوں میں معمولی قسم کے حادثات کے نتیجے میں پیدا ہو سکتی ہیں۔

Scanned by CamScanner

نفسیاتی صدمات، جذباتی ہیجان و دباؤ کی مختلف حالتیں ایسے عوامل ہیں جن کی طرف ایک ہومیو پیتھک معالج کو توجہ دینی چاہیئے اور ان چیزوں کو مریض کی علامات میں اہم جگہ دینی چاہیئے۔ اگرچہ اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ بہت سے مریض اپنی نجی زندگی اور ذاتی معاملات کو کسی غیر شخص حتیٰ کہ ڈاکٹر کو بھی بتانا پسند نہیں کرتے اور اسطرح وہ اہم باتوں کو صرف اپنی ذات تک محدود رکھتے ہیں یا پھر وہ اپنے ان معاملات کو برداشت کرنے کے اتنے عادی ہو چکے ہوتے ہیں کہ وہ ان معاملات کا کیس سے کوئی تعلق ہی نہیں سمجھتے یا پھر مریض (ارادی یا غیر ارادی) طور پر اپنے کیس کی تصویر کو اتنا بگاڑ کر پیش کرتا ہے کہ خواہ وہ اس تکلیف کو بھی بیان کر دے جس میں وہ مبتلا ہوتا ہے تب بھی اسکی بیان کردہ تفصیل کیس کے تجزیئے کیلئے معالج کی کوئی مدد نہیں کر پاتی۔

یہ ہانیمن کی ذات تھی جس نے اس بات پر بہت زیادہ زور دیا کہ ناخوشگوار گھریلو حالات سے بڑھکر صحت کے لئے کوئی چیز اتنی خطرناک نہیں کیونکہ اس قسم کی حالتیں اکثر و بیشتر شفا کے راستے میں ناقابل تسخیر رکاوٹیں بن سکتی ہیں اور بنتی ہیں۔

یلیم

یہ خوش قسمتی ہے کہ سمیلیم اکثر اوقات مریض کے ذہنی دباؤ کو دور کر دیتی ہے یا پھر علامات کے ایک سلسلے کو ختم کر دیتی ہے۔ لیکن جب تک یہ دباؤ جسم کے اندر چھپے رہیں شفا کی امید نہیں ہو سکتی اور اسکے علاوہ جب تک معالج یہ محسوس نہیں کرتا کہ اس قسم کے دباؤ مریض کے اندر پوشیدہ ہیں تو ہومیو پیتھک مریض کو شفایاب کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا اور نہ مریض اپنے یقین کو ہومیو پیتھک شفایابی کی ممکنات سے متزلزل کر لیتا ہے بلکہ مریض کے اعتماد کو بھی ٹھیس پہنچاتا ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ ضرورت سے زیادہ بے چینی، تفکرات، مسلسل پریشانیاں اور کسی بھی کام کی رفتار کو برقرار رکھنے کے لئے ذہنی دباؤ، مخصوص کاروباری ضروریات۔ اسی طرح کی اور کئی پریشانیوں نے گزشتہ کئی برسوں سے ہمارے مریضوں پر غیر معمولی اثر ڈال رکھا ہے اور نتیجۃً شفائی عمل کی فیصد مقدار کو بہت کم کر دیا ہے۔ ان تمام عوامل نے شفاء کے کرشمے کے راستے کو مکمل یا جزوی طور پر بلاک کر دیا ہے۔ مگر ان حالات کے پیدا کردہ نتائج کیلئے ہم ہومیو پیتھک طریقہ علاج کو موردِ الزام نہیں ٹھہرا سکتے کیونکہ جب تک یہ حالات مریض کی روح (وائٹل پارٹ) کا حصہ بنے رہیں گے۔ شفایابی کا راستہ

ایسے حالات میں معالج کو تسکین آور ادویات، درد کی شدت کو کم کرنے والی دواؤں برومائیڈ منشیات اور اسی قسم کی دوسری ادویات کے خلاف جنگ کرنا پڑتی ہے۔ مریض اس قسم کی دوسری ادویات دورِ جدید کے بڑھتے ہوئے ذہنی اور جسمانی دباؤ میں کمی کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں کیونکہ یہ ادویات بظاہر کچھ سکون فراہم کرتی ہیں۔ مگر معالج کو اسباب کا علم نہیں ہوتا کہ ادویاتی کمپنیوں کی اشتہار بازی سے متاثر ہو کر مریض خود بغیر معالج کی ہدایت کے ایسی دوائیں استعمال کر رہا ہے اور یہ بات شفایابی کے راستے میں بہت بڑی رکاوٹ ہے۔

ان حالات میں معالج کو شفا کی راہ میں حائل رکاوٹ کے بارے میں علم ہونا چاہیئے اگر وہ حقیقی معنوں میں مریض کی مدد کرنا چاہتا ہے اگرچہ ہومیو پیتھک طریقۂ علاج کی بہت بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت یہ بھی ہے کہ بہت کی ہومیو پیتھک ادویات بذات خود کثرت سے استعمال کی گئی ادویات کے لئے تریاق کا کام بھی دیتی ہیں اور قوتِ حیات کو صحت مندانہ انداز میں جسم کے اندر سرگرمِ عمل کر دیتی ہیں اور مریض کو شفا کی سمت میں لے آتی ہیں۔

سامانِ زیبائش بھی عملِ شفایابی کی راہ میں اسی طرح رکاوٹ بن سکتا ہے جس طرح منشیات اور کول تار کے مرکبات۔ بہت سی آرائشِ حسن کی مصنوعات کی اشتہار بازی، پسینے کو روکنے والے ڈیوڈرنٹ کو ختم کرنے یا پھر بالوں کی نشوونما ختم کرنے کے لئے کی جاتی ہے۔ اکثر معالجین بہت سے کیس میں ان ہی مصنوعات کے اثر کا سراغ لگا لیتے ہیں۔ پھوڑے پھنسیوں کا دبا دینا دراصل ان کے دائمی اثر سے پیدا ہونے والے انجام سے دوچار کر دیتا ہے۔ ہم نے ایک نوجوان عورت میں فالج کی حالت کو مسلسل بڑھتے ہوئے دیکھا اور اس عورت نے خود اپنی اس بیماری کی وجہ کا سراغ لگایا کہ کس طرح وہ بالصفا دو کے استعمال سے فالج میں مبتلا ہو گئی۔

میرے ایک مشہور ہمعصر ڈاکٹر نے کوکس کیکٹائی کی کھانسی میں مبتلا ایک نوجوان مریضہ کے بارے میں بتایا جس کی کھانسی دائمی صورت اختیار کر گئی تھی اور اُسے آرام نہیں آ رہا تھا۔ مگر جب ڈاکٹر نے اس نوجوان مریضہ کو سختی سے لپ اسٹک کے استعمال سے منع کر دیا تو اس کی کھانسی کو آرام آ گیا

اب ایلوپیتھی کے فارماسوٹیکل جریدوں نے بھی مختلف اقسام کے بہت سے کیسوں کے بارے

میں رپورٹیں تیار کرنا شروع کر دی ہیں کہ یہ کیسں خوشبوؤں اور خوشبودار سامانِ آرائش و زیبائش کے پیدا کردہ ہیں۔ ان رپورٹوں میں ان مصنوعات کے اجزائے ترکیبی کے فزیالوجیکل عمل کو بھی بیان کیا جاتا ہے۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ایسے ہی چند کیسں ایسے لوگوں میں بھی دیکھے گئے جنہوں نے سامانِ زیبائش (COSMETICS) کا استعمال تو نہیں کیا تھا مگر جن کا ان مصنوعات کے ساتھ واسطہ یا رابطہ رہا تھا۔ ہومیو معالج عنبر اور مشک وغیرہ کی توانیوں سے اچھی طرح آگاہ ہیں کہ کس طرح یہ چیزیں پوٹنسی کی شکل میں علامات پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ ہانیمن نے بتایا ہے کہ کس طرح حساس مریضوں پر سرنگھنے سے بھی اثر ہوتا ہے۔ جدید طبی علم مریضوں کی مختلف اشیا سے الرجی میں مبتلا ہو جانے کے بارے میں معلومات سے بھرا پڑا ہے کہ کسطرح مریض اکثر بہت سی چیزوں سے الرجک ہوتے ہیں، خواہ یہ چیزیں کتنی ہی خفیف مقدار میں استعمال کیوں نہ ہوتی ہوں۔ اب جبکہ غالب نظریئے کے حامی (ایلوپیتھک لوگ) بھی اس چیز سے آگاہ ہیں تو پھر ہومیو پیتھک معالجین کو کرنٹ کے راستے میں تبدیلی (یعنی شفا کے عمل میں رکاوٹ) کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔

اس کے علاوہ ایک مسئلہ غذا سے بھی منسلک ہے وہ اشیاء جو سوفٹ ڈرنکز (یعنی ہلکے پھلکے سرور بات) کہلاتی ہیں ان کے استعمال سے پیدا شدہ بگاڑ مریض کی خود منتخب کردہ ادویات کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بگاڑ سے قریبی تعلق رکھتا ہے۔ دورِ جدید کی دلی تبلی حساس حالت کے حصول کا جنون اور غیر متوازن غذا کا استعمال جو کہ دنیا دار لوگوں کے مشورے سے کیا جاتا ہے شفا کے راستے میں رکاوٹ بن جاتا ہے۔ یہ رکاوٹ ایسے برقرار نہیں رہتی کہ معالج مناسب غذا کے استعمال سے رکاوٹ کو دور کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا بلکہ اس کی وجہ سے فزیالوجیکل یعنی اعمالِ بندش ہے۔ اور مریض کا مناسب غذا استعمال کرنے کی بصیرت کو قبول نہ کرنا ہے کیونکہ مناسب غذا کے ساتھ اسی نسبت سے دوا میں بھی نارمل اضافہ ہوگا۔ دوسرے لفظوں میں ایک ایسا مریض جو اپنی مرضی سے غذا کی کمی کا شکار ہوتا ہے وہ اسی صورت میں نارمل زندگی کی طرف لوٹ سکتا ہے اگر وہ معالج کے ساتھ تعاون کرے یا پھر اس کی حالت اسقدر خراب ہو گئی ہو کہ اس کے جسم میں فزیالوجی کل تبدیلیاں آچکی ہوں۔ اس کے برعکس غذا کی کمی سے پیدا شدہ ایسے عوارض بھی ہوتے

Scanned by CamScanner

ہیں جن کی وجہ سے کم آمدنی ہوتی ہے اس قسم کے حالات سے نبرد آزما ہونے کے لئے نہ صرف ہر ایک طریقہ علاج ضروری ہوتا ہے بلکہ مریض کے معاشی توازن کو بحال کرنا اور مجوزہ غذا کا استعمال بھی شفاء کے لئے درکار ہوتا ہے۔ یہاں پر ہمارا واسطہ ایسی معاشی رکاوٹ سے ہوتا ہے جس پر معالج کا کوئی بس نہیں چلتا۔

مناسب ورزش ایسی چیز ہے جو معالج کے دائرہ اختیار میں نظر آتی ہے۔ ہمیں ایک ایسا کیس یاد ہے جو کہ ایک درمیانی عمر کی عورت کا تھا۔ اس کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ جنگلی پھولوں میں وقت گزارے اور کھلی فضاؤں، تازہ ہوا اور دھوپ میں اپنا وقت گزارے۔ ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ہماری ہدایت پر عمل ہوتا ہے کیونکہ جب بھی اس خاتون کو دیکھنے جاتے تو ہمارے استقبال کو تازہ جنگلی پھول موجود ہوتے، لیکن اس عورت کی حالت میں کوئی فرق نہ آتا تھا۔ نہ تو اس میں طاقت پیدا ہوئی اور نہ ہی اس کی رنگت تبدیل ہوئی، کچھ مدت بعد اس عورت نے ہماری جگہ کسی زیادہ ہمدرد معالج کی خدمات حاصل کر لیں)۔ تو ہمیں علم ہوا کہ اس عورت کا خاوند بڑی وفاداری سے ہر روز کھیتوں میں جاتا اور جنگلی پھول لا کر گھر والوں میں سجا دیتا تھا اور وہ خاوند کی اس ہم کی آڑ میں آرام سے گھر میں لیٹی رہتی تھی۔

کچھ ایسے مریض بھی ہوتے ہیں جو شدید قسم کی ورزش بعض بیماریوں کی پیدا کردہ وجوہات یا رکاوٹوں کی وجہ سے نہیں کر سکتے اور کچھ مریض ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنے حالات کے ہاتھوں اس قدر مجبور رہتے کہ ان کو کھلی ہوا میں ورزش کرنے کے مواقع حاصل نہیں ہوتے۔ اور ایسے ہی مریض عموماً کرانک قسم کے عارضوں میں مبتلا ہوتے ہیں جن کی بیماری کی ہسٹری لمبی ہوتی ہے اور جن کے مرض کی تشخیص صحیح طرح نہیں ہو سکتی۔ ہم ایسی حالتوں کو عموماً جوں کا توں قبول کرتے ہوئے اپنی بہترین کوششوں سے ہو سکے بہتیک پیلی ایشن کی طرف آجاتے ہیں اور یہ بات حیران کن ہے کہ بعض اوقات مشکلات کے باوجود ہم شفاء کے عمل تک پہنچ جاتے ہیں۔ لیکن ایسا مریض جو تعاون کر تو سکتا ہے مگر حقیقت میں نہ کرے۔ اور ہمیں یہ بھی باور کرا دے کہ اس نے ہماری ہدایت پر عمل کرنے کی کوشش کی تھی تو ایسا مریض خود اپنے ہاتھوں شفاء کے راستے کا رخ غلط سمت میں موڑ دیتا ہے اور جب ہم اپنی مجوزہ دوا کے عمل کے بارے میں اس سے پوچھتے ہیں تو یہ سنکر حیران رہ جاتے ہیں کہ مجوزہ دوا نے کام کیوں نہ کیا۔

ہمارے مشکل ترین مسائل میں سے ایک مسئلہ ایسے مریضوں کا ہوتا ہے جن کی علامات کا کوئی

سرپرست نہیں ہوتا۔ ایسے پرانے کرانک امراض میں مبتلا لوگ جن کی بیماری کی ہسٹری یوں تو خاصی لمبی ہوتی ہے مگر ان کی یہ حالت بہت زیادہ مغلوب کرنے والی نہیں ہوتی اور نہ ہی ایسے مریض کی علامات کسی واضح دوا کی طرف اشارہ کر رہی ہوتی ہیں۔ یہیں کسی نہ کسی جگہ شفایابی کے راستے کی رکاوٹ موجود ہوتی ہے۔ اسلئے یہ ضروری ہے کہ ہم مریض کی ہسٹری کے جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں کا بخوبی جائزہ لیں تاکہ اس رکاوٹ کو دور کیا جاسکے۔ یا پھر اس کا اندازہ لگایا جاسکے۔ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنی مجوزہ دوا اور اس کی پوٹینسی کا اچھی طرح اندازہ لگائیں اور یہ فیصلہ کریں۔ کہ آیا وہ دوا سمیلیم ہے یا نہیں اور مریض کی علامات اور توانائی کے مماثل ہے یا نہیں۔

شفا کے راستے میں ایک اور رکاوٹ یہ بھی ہے کہ معالج کی رائے اور قوت فیصلہ کس آسانی سے مریض کی پسندیدہ علامات سے مغلوب ہو جاتی ہے اگرچہ یہ بات نہایت معمولی نظر آتی ہے مگر ایک تکلیف دہ علامت کا بار بار ذکر معالج کے ذہن سے کیس کی اصل تصویر کو مٹا دیتا ہے اور ایسی علامات ایک بالکل مختلف دوا کے انتخاب کی ترغیب دیتی ہیں جبکہ حقیقی مگر کم نمایاں علامات جو وہاں موجود ہوتی ہیں نظر انداز ہو جاتی ہیں مریض ایسا غیر ارادی طور پر کرتے ہیں، کیونکہ وہ زیادہ تکلیف دہ علامتوں کو تو یاد رکھتے ہیں اور ان بظاہر چھوٹی چھوٹی علامتوں کو بھول جاتے ہیں جو دوا کے انتخاب میں معاون ہو سکتی ہیں۔

ہم ان رکاوٹوں کا ذکر تو کر چکے ہیں جن کا سامنا معالج اور مریض کو کرنا پڑتا ہے۔ آیئے اب مسئلے کے دوسرے پہلو یعنی دوا کے بارے میں بحث کریں۔ یہاں اس سلسلے میں پہلی رکاوٹ یا پہلا مسئلہ دوا کے حصول کا ذریعہ ہے یعنی ہمارا ذریعہ کس حد تک ہمیں کی دوا کے معیار تک پہنچتا ہے دوسرے لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ ایک جوہر پیتھک فارماسسٹ دوا کی پہچان کے لئے کس قدر احتیاط برتتا ہے کہ جو دوا اسے سپلائی کی جارہی ہے آیا وہ دوا (پودا) اس نباتاتی ذریعے (پودے) سے کس قدر مشابہت رکھتی ہے جس کی پروونگ کی گئی تھی؟ کیونکہ ہم کسی رسٹاکس کے کیس کو اسی خاندان کے کسی اور پودے سے شفایاب نہیں کر سکتے، یہ وہ مقام ہے جہاں پر ہم مشابہ (سمیلیم) کی بجائے بالکل اسی (Similar) ذریعہ کے متلاشی ہوتے ہیں اور آیا یہ حقیقی سپلائی تازہ اور اچھی تھی یا نہیں؟ کیونکہ گھٹیا معیار کے مادوں سے اچھی دوائیں تیار نہیں ہوتیں۔ اس کے علاوہ غلط

Scanned by CamScanner

مہارت کے کس درجے تک ادویات کی پوٹینسیاں بنانے میں ہائینمن کی تقلید کرتا ہے؛ اور ادویات کی آزمائش کرنے والے جامعیت کی کس حد تک ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔

ہمیں ادویات کے حصول کے ذرائع پر مکمل انحصار کرنے کے قابل ہونا چاہیئے اور اگر اصلی دوا کے حصول یا پھر دوا کی تیاری کے کسی مرحلے کے دوران، پوٹینسی کو ہینڈل کرنے کے دوران، اس میں آلودگی شامل ہونا یا دوا کی پروونگ کے دوران تفاوت ان تمام مراحل کے دوران برتی گئی بد احتیاطی کے نتیجے میں شفائی کرنٹ سے منحرف ہونے کے سوا اور کیا حاصل ہو سکتا ہے؟

اگرچہ ایک ہومیوپیتھک معالج ان تمام تفاصیل سے آگاہ ہوتا ہے۔ مگر ہم یہ بات کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ ان تفاصیل کی مدد سے صحت اور حیات کے درمیان فرق اور اسی طرح شفا اور ناکامی کے درمیان فرق کا پتہ چلتا ہے خاص کر ان کیسز کی صورت میں جہاں شفائی عمل کے اپنی اصل راہ سے منحرف ہو جانے کی کوئی وجہ موجود نہ ہو۔

ہم سوال کرتے ہیں کہ آیا یہ آزمائش یا پروونگ مناسب کنٹرول کے تحت کی گئی تھی اور کتنے لوگ پروونگ کے لئے استعمال کئے گئے اور کس قدر احتیاط اور صحت کے ساتھ ادویاتی مادے اور پوٹینسی پر لیبل لگائے گئے تھے۔ غلط لیبلنگ کی وجہ سے شفایابی کی راہ میں ناقابل تسخیر رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔

مریض کی علامات کا دوا کی علامات سے مقابلہ کرنا ہمارا بہت بڑا مسئلہ ہے مگر اس سے بھی بڑا مسئلہ دراصل پروونگ کی علامات کا اندازہ لگانا ہے ہم سب سے زیادہ ان علامات کو اہمیت دیتے ہیں جو اکثر و بیشتر یا پھر کبھی کبھار پروونگ کے دوران پیدا ہوتی ہیں۔ ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ کالی کارب کا تکلیف میں زیادتی کا وقت جو کہ اس دوا کی راہنما علامت ہے جو صرف ایک پروور میں پیدا ہوئی تھی تاہم یہ خصوصیت کلینکلی ثابت ہو چکی ہے۔ اسی لیئے اس علامت کو اکثر و بیشتر ہم اس دوا کی لیڈنگ علامت سمجھتے ہیں یعنی جب ہمیں مریض کی تکلیف میں اضافے کا خیال آئے تو ہمیں فوراً کالی کارب کا خیال آتا ہے اگرچہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ کینٹ کی ریپرٹری میں اس موڈیلیٹی سے رکھنے والی کئی ادویات کی لمبی لسٹ ہے۔ انتہائی اہم بات تو یہ ہے کہ ہمیں ہر وسیلے سے یہ بات معلوم کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے کہ یہ کبھی کبھی نمودار ہونے والی علامات دوا کی انفرادیت کی وجہ سے پیدا ہوئی ہیں یا پھر دوا کی طاقت کے انحراف سے یا پھر یہ مریض کی طبیعت کا خاصا ہیں یا اس کام کا نتیجہ ہیں جو مریض کرتا ہے یا پھر اس چیز کا نتیجہ

Scanned by CamScanner

میں جو مریض استعمال کرتا ہے اور یہ چیز دوا کے ردِ عمل کو بگاڑ دیتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک ایسا مریض بھی ہے جو بیپر سلفر استعمال کرتا ہے تو اسکو یوں محسوس ہوتا ہے گویا انگوٹھے اور انگلی سے اس کے آلہ صوت کو دبایا جا رہا ہو۔ یہ ایک ایسی علامت ہے جو ہماری بیپر سلف کی پروونگ کے دوران کبھی بھی نمودار نہ ہوئی تھی۔ کیا یہ کوئی اہم علامت ہے یا پھر کوئی غیر اہم انفرادی ردِ عمل ہے؟۔

ہانیمن ہمیں پروونگ کے لئے بہت واضح ہدایات دیتے ہیں اور ہمیں یہ نصیحت کرتے ہیں کہ ہر کیس میں پرووِر کی عادات اور غذا پروونگ کے دوران عام دنوں کی طرح ہونی چاہیئے تاکہ ہمیں معلوم ہو سکے کہ علامات دوا کی وجہ سے پیدا ہو رہی ہیں یا پھر پرووِر کی روزمرہ کی عادات میں تبدیلی کے باعث پیدا ہو رہی ہیں۔ تاہم یہ بات قابلِ غور ہے کہ غذا اور اس قسم کی دوسری چیزیں خواہ ان کا مریض عادی کیوں نہ ہو گیا ہو علامات کے رُخ میں تبدیلی پیدا کر سکتی ہیں، یعنی غذائی مادوں میں جسقدر تبدیلی کی جائے گی اسی لحاظ سے علامات تبدیل ہونگی۔ جس طرح کے ہمیں معلوم ہے۔ غذائی اشیاء مثلاً کافی، کئی ادویات کے عمل پر اپنا اثر دکھاتی ہے۔ جب کبھی شفائی مقصد کے لئے ادویات تجویز کی جائیں، اسی طرح یہ دوا کی پروونگ کے دوران بھی دوا کے اثر کو تبدیل کر سکتی ہے اور اسی طرح یا تو تمام علامات کو یا جزوی علامات کو تبدیل کر سکتی ہے یا پھر علامات کو بالکل مختلف شکل دے سکتی ہیں، لہٰذا ہمیں پروونگ کے دوران پوری احتیاط برتنی چاہیئے۔ ہانیمن نے اپنی پروونگ میں ان عناصر کو حسابی فارمولا کی حد تک کم کر دیا۔ وہ بڑے محتاط انداز میں پرووِر کیلئے منتخب ہونے والی شخصیت کی عادات کا مشاہدہ کرتے تھے اور اس کے علاوہ اس کی عام حالتِ صحت کا بھی بغور مشاہدہ کرتے اور اسکی صحت کی حالت میں پیدا ہونے والی تمام علامات کا مشاہدہ کرتے پھر کہیں اُس شخص کو پروونگ کے لئے منتخب کرتے تھے۔ اُن کی حالتِ صحت کی تمام علامات کو وہ پروونگ کے دوران پیدا ہونے والی علامات سے منفی کر دیتے تھے اور باقی بچنے والی علامات کو دوا کی پیدا کردہ علامات تصور کرتے تھے علاوہ ازیں اس طریقہ کو کنٹرول کرنے کے لئے ہر دوا کے لئے پرووِرز کی تعداد مقرر ہوتی تھی۔ ان نتائج کو ہانیمن اپنی مخصوص درستگی کے ساتھ نوٹ فرماتے تھے۔

کی نوٹس (KEY NOTES) یعنی اہم علامات کے بارے میں بھی کچھ الفاظ کہہ دینا بے جا نہ ہوگا کہ کسطرح یہ علامات بھی شفاء کے راستے میں رکاوٹ بنتی ہیں۔ یہ اہم اعلامات یکساں طور پر صحت

Scanned by CamScanner

اور زحمت دونوں کی حیثیت میں ثابت ہو چکی ہیں۔

ادویات کی وسیع ترتیب سے ایک ہومیوپیتھ یوں کریسٹ ریپرٹری کے بارے میں اچھی طرح جانتا ہے لہٰذا اُن ادویات کے ساتھ ایک دوسرے کے تعلق پر اُس کی پریکٹس منحصر ہوتی ہے اور اس کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ ادویات کی مختصر آؤٹ لائن یا خاکہ کو یاد کرلیں اور بہت سی ادویات کے تو وہ صرف کی نوٹس (KEYNOTES) ہی جانتا ہے۔ اگر تو اُن کی نوٹس کو سٹیریا میڈیکا کے مطالعے کے لئے حوالہ جات کے طور پر استعمال کیا جائے تو یہ بالکل ٹھیک بات ہوگی لیکن دوا کے انتخاب کے لئے ان کو بنیاد بنا لینا خطرناک ہے۔ اگر وہ صرف کی نوٹس پر انحصار کر لیتا ہے اور ان کی بنیاد پر دوا تجویز کرتا ہے تو وہ صرف نمایاں علامات ہی کو دُور کر سکے گا اور یہی بات شفاء کے راستے میں رکاوٹ بن کر علامات کا رُخ بدل دے گی۔ اور اس طرح مریض کی علامات کی تصویر ہی گڈمڈ ہو جائے گی۔

لہٰذا ہر معالج کو مندرجہ ذیل باتیں اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہئیں کہ۔

امراض میں عمومی طور پر کونسی چیز قابلِ علاج ہے اور انفرادی طور پر کونسی چیز قابلِ علاج ہے۔

خصوصاً ــــ اُسے یہ بھی صاف طور پر جان لینا چاہیئے کہ ادویات میں شفایابی کی کونسی خصوصیات عمومی طور پر پائی جاتی ہیں اور کسی منفرد دوا کی خصوصی علامات کون سی ہیں ..... اُس کا طریقۂ کار واضح دلائل پر مبنی ہونا چاہیئے تاکہ شفایابی کا عمل یقینی بن سکے اور وہ ادویات کو اُن کی شفایابی کی خصوصیات کے لحاظ سے استعمال کرانے کے قابل ہو سکے اور یہ سمجھ سکے کہ مریض کے اندر بلاشبہ کونسی چیز خطرناک ہے ..... اور آخر میں جب معالج کو شفاء کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا علم ہو جائے اور اُسے اُن رکاوٹوں کو دُور کرنا بھی آتا ہو تو پھر وہ مکمل تیاری کے ساتھ آرٹ آف ہیلنگ (فنِ شفایابی) کے ماہر کی حیثیت سے اپنا کام شروع کر دے۔

Scanned by CamScanner

باب ۲۵

جدید طب اور ہومیوپیتھک قوانین

دیگر اصولوں کی طرح ہومیوپیتھی کے اصولوں بھی تجربات، بڑھتی ہوئی علم کی روشنی، اور وقت کی بھٹی سے کندن بن کر ارتقاء کو پہنچے ہیں۔ دیگر قوانین کی طرح یہ بھی قائم و دائم ہیں۔ قطع نظر اس کے کہ یہ اصول ان اصولوں کے ساتھ کوئی تعلق رکھتے ہیں یا نہیں یعنی جو اصول ان کے ساتھی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ یہ اصول اُن لوگوں کے لئے ہیں جو ان کی قدر و قیمت پہچانتے ہیں اور ان کا استعمال کرتے ہیں اور فوائد حاصل کرتے ہیں۔ یہ ایسے اصول ہیں جن میں علاج کے بدلتے ہوئے فیشن کوئی تبدیلی نہیں لا سکتے۔ اسلئے کہ اصولوں کے لئے وقت کی کوئی قید نہیں اور قوانین فطرت کے لئے قدیم و جدید کے الفاظ بے معنی ہیں۔ وقت تو صرف اس لحاظ سے اہم ہوتا ہے کہ یہ ان اصولوں کے استعمال کے نتائج پرکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے ورنہ قوانین فطرت اور ارتقاء دونوں چیزیں فیشن کے نام سے ناآشنا ہیں۔

لفظ جدید ہمیشہ تقابلی معنوں میں استعمال ہوتا ہے اور اس لفظ (جدید) کی جتنی اہمیت میڈیکل پریکٹس میں ہے اور کہیں نہیں اور آج کی پریکٹس کے وہ اجزاء جو وقت کی بھٹی سے بچ نکلے ہیں وہی اس فن (ART) کے اصول کہلاتے ہیں۔

ادویات جو ہمیشہ سے بیماریوں کے علاج کے لئے استعمال ہوتی ہیں اور ان کو ہمیشہ جدید دریافتوں کے ہیرا تلے سے گزرنا پڑتا رہا ہے۔ جسمانی افعال کی تحقیق کے لئے زیادہ امکانات اور مواقع میسر آجانے سے زندگی کے عوامل اور زندگی کے ماحول کے بارے میں ہمارا علم وسیع ہو گیا ہے اور علم کی یہ وسعت انسان کی تکالیف سے نپٹنے میں بہت ممد و معاون ثابت ہو رہی ہیں۔ لیکن علم العلاج جیسا کہ طب جدید سے ظاہر ہے آج بھی ماضی سے مشابہ ہے کیونکہ آج کے دور کی دریافتوں اور ترقی کو بھی علم العلاج

Scanned by CamScanner

کے تمام مسائل کا حل تصور کیا جاتا ہے۔ گویا یہ ویسی ہی بات ہوئی کہ جسم کے افعال کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل ہو جانے کے باوجود ابھی تک علاج نے کوئی ایسے اصول وضع نہیں کیے جو علم العلاج کے میدان میں حقیقتاً یقینی نشانات کی حیثیت رکھتے ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ دوا کی جانچ اور آزمائش تو نہیں کیجاتی صرف ذاتی تجربہ کی بنا پر دوا استعمال کرادی جاتی ہے۔ یعنی جدید طب اپنی دریافتوں کے باوجود صرف ذاتی تجربہ کی بنیاد پر قائم ہے اور اصل سائنسی معیاروں پر ہرگز قائم نہیں ہے۔

تالیفی ادویات (Synthetic drugs) کی دریافت پر غور کیجیے کئی سالوں سے ایسی ادویات کثیر مقدار میں متواتر تیار ہو رہی ہیں۔ مثلاً اسپرین۔ لیومیسل۔ فینیول، سلفانامائیڈز۔ وٹامنز اور بے شمار دوسری ادویات۔ ان میں سے ہر دریافت جدید سائنس کی مرہونِ منت ہے اور ایسی ہر دوا بیمار انسانیت کے علاج اور اس کی تکلیفوں کو کم کرنے کے لئے دریافت ہوئی ہے۔ علاج کے بیانوں کی یہ سنجیدہ دریافتیں ہمیں اکثر اس حقیقت سے حیران کر دیتی ہیں کہ جس ٹارگٹ کا نشانہ لینے کے لئے ان کو دریافت کیا جاتا ہے، وہ صرف ایک علامت یا پھر چند علامات کے ایک چھوٹے سے گروپ پر مشتمل ہوتا ہے اور ان دواؤں کا ٹارگٹ مریض ہرگز نہیں ہوتا۔ اکثر حالات میں علاج کے لئے دریافت کی گئی دوا کی مشہوری بڑے زوردار طریقوں اور اشتہاروں سے کی جاتی ہے اور اسطرح اس کا استعمال جلد ہی عام ہو جاتا ہے۔ جدید سائنس کے مخلص طالب علم اپنی تجربہ گاہ کی ریسرچ سے اور اپنے کلینکل شواہد سے یہ معلوم کر لیتے ہیں کہ ان دواؤں کی بظاہر شفائی تاثیر کا ایک ایسا پہلو بھی ہوتا ہے جو مریض کے لئے خطرے سے خالی نہیں ہوتا اور پھر خبردار کرنے کے لئے یہ ہدایات جاری کر دیجاتی ہیں کہ اس دوا کا آزادانہ استعمال نہ کیا جائے۔ اس دوران میں دوا کے استعمال کا فیشن عام ہو چکا ہوتا ہے خاص طور پر ان لوگوں میں جو ــــ ہمیشہ آسان راہیں ڈھونڈتے ہیں اور وہ لوگ جو بغیر کسی ماہر کے مشورہ کے دوا کے استعمال کے عادی ہوتے ہیں یا پھر وہ لوگ جو دوائیاں استعمال کر کے خود کو ادویات کا عادی بنا لیتے ہیں اور اسطرح اپنی صحت کی مزید بربادی کرتے ہیں۔

ایسی ادویات میں سے ایک اسپرین ہے۔ یہ پہلے پہل اپنی ان سکون بخش خصوصیات کیلئے استعمال کی گئی جو درد کی شدت کو کم کرتی ہیں۔ اس کا استعمال وسیع پیمانے پر ہوتا رہا اور انہیں معالجوں اور عام

آدمی برابر کے شریک رہے حتیٰ کہ اسپرین کی نقصان دہ خصوصیات کا سراغ محتاط قسم کے معالجین نے لگایا۔ امریکی میڈیکل ایسوسی ایشن نے اس دوا کے استعمال کے بارے میں خبردار کیا حربازار میں اپنے تجارتی نام "اسپرین" کے نام سے فروخت ہوتی تھی لیکن اس کے باوجود اس دوا کے استعمال میں کوئی خاطر خواہ کمی نہ ہوئی اور کمی کرنے والے صرف چند ایک محتاط معالج ہی تھے۔ اس دوا کو گھریلو استعمال کی دوا کا درجہ حاصل تھا۔ اس کے علاوہ معالجین اور ہسپتال والے بھی اس کا استعمال کرتے تھے کیونکہ یہ تمام مریض کو شفایاب کرنے کی بجائے اسے فوری طور پر تکلیف دہ علامات سے چھٹکارہ دلانا چاہتے تھے۔

ہومیوپیتھک معالجین عرصہ سے یہ بات جانتے ہیں کہ تکلیف کو دبانے کے طریقے کسقدر خطرناک ہیں۔ یہ معالجین ہر قسم کی ادویات کی فطری قوتوں کی قدر کرتے ہیں۔ یہ ہانیمن ہی تھے جنہوں پہلی بار معلوم کیا کہ ادویات کی بڑی بڑی خوراکیں خطرناک ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہومیوپیتھک معالجین نے بہت پہلے تالیفی ادویات (Synthetic drugs) کے نقصانات کو پہچان لیا تھا۔ ان ہی تالیفی ادویات میں کوتار کے مرکبات بھی شامل ہیں۔ ایک تربیت یافتہ ہومیوپیتھ کو یہ امید ہرگز نہیں لگانی چاہیئے کہ وہ اپنی قابلیت کے بل بوتے پر بُری طرح دبی ہوئی اور متاثر قوت حیات کو بحال کر سکے گا مثلاً دل کے دورے اور شدید ضعف کی حالتیں جو کہ اسپرین اور اسی طرح کی دوسری درد رفع کرنے والی دواؤں کے استعمال کا نتیجہ ہوتے ہیں۔

ایک ہومیوپیتھک معالج کو چھپی ہوئی اور چھپی ہوئی علامات کو پہچاننے کی بھی تربیت ہونی چاہیئے معالج جانتا ہے کہ درد کا ایک پہلو اس لحاظ سے فائدہ مند ہے کہ معالج کی راہبری کیلئے گائیڈ پوسٹ کا کام انجام دیتی ہے۔ اور شدید قسم کی ٹھنڈ لگ جانے کی تکالیف یا پھیپھڑے کو دبانے سے خطرناک نتائج مریض کی صحت کو متاثر کرتے ہیں اور اس طرح تکلیفوں کو دبا دینے کے نتیجے میں علامات اپنی سابقہ شکل میں نمودار نہیں ہوتیں۔

فینولز اور خاص طور پر فینوباربیٹول (PHENBARBETAL) (PHENOLS)

کے بارے میں یہ بات زور شور سے کہی جاتی ہے کہ یہ ادویات شفائی خصوصیات کی حامل ہیں اور خاص طور پر بہت سی بیماریوں کو دبا دینے کی خصوصیت رکھتی ہیں مگر ان کی مشہوری صرف اس وقت تھی جب تک ان کے مہلک اثرات دریافت نہیں ہوئے تھے۔ اگرچہ یہ ادویات

Scanned by CamScanner

اب بھی استعمال ہو رہی ہیں مگر ان کا استعمال پہلے کے مقابلے میں بہت کم ہو گیا ہے۔ اس قسم کی بہت سی دواؤں کے تو صرف ابتدائی اور ظاہری خطرناک نتائج ہی دریافت ہوئے ہیں جبکہ ان کے اندرونی اور دیرپا بداثرات یا تو معلوم ہی نہیں ہوتے یا پھر نظرانداز کر دیئے جاتے ہیں حتیٰ کہ وہ وقت آن پہنچتا ہے کہ ان کے اثرات بدجسمانی ساخت کو متاثر کر دیتے ہیں اور پھر ان نقصانات کا سراغ لگانا ممکن نہیں رہتا۔

ابھی کوئی شک نہیں کہ تالیفی ادویات (Synthetic drugs) کی اول سے آخر تک تمام صفتہ شفائی خصوصیات کے ہونے پر ٹھیک ثبوت موجود ہیں مگر ایک ہونے پر ہونے کے لئے ان کے استعمال کے لئے صرف ایک ہی پیمانہ متعین ہے ـــــ اور وہ پیمانہ یہ ہے کہ یہ ادویات تندرست انسانوں میں ویسی علامات پیدا کرنے کی اہلیت رکھتی ہوں جس طرح کی علامات امراض کیلئے انہیں بیماروں کی شفاء کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

لیما ئیڈز مشہور سلفانیلائیڈز (SULPHANILAMIDES) ادویات تالیفی ادویات کی قوتوں اور خطرات کی بہترین مثالوں میں سے ہیں اور ان ادویات کو ان کے طاقتور اثرات کی بناء پر بہت سی جراثیمی بیماریوں بلکہ اس قسم کی عام بیماریوں میں استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ بات درست ہے کہ ان ادویات کی جراثیم کُش خصوصیات کو تجربہ گاہوں میں ثابت کیا گیا ہے مگر ادویات کی آزمائش سے جس جراثیم کُش خصوصیت کو ثابت کیا جاتا ہے یہی قوت جسم کے نارمل خلیات کے توازن کو بگاڑنے کے خطرات سے بھرپور ہوتی ہے اور اس قسم کی ادویاتی خصوصیات کا سراغ ان محتاط معالجین نے لگایا ہے جو ایسی ادویات کو اس وقت تک استعمال نہیں کرتے جب تک کہ ان کے اثرات دوران خون اور دوسرے افعال پر بھی نہ آزمالیں۔

غالباً جتنی انواع و اقسام کی ادویات اس گروپ (سلفر) میں پائی جاتی ہیں، کسی اور گروپ میں اتنی ادویات نہیں ہیں۔ جب سلفانیلائیڈ پہلی مرتبہ مارکیٹ میں آئی اور لوگ اس سے متعارف ہوئے تو ایسے لوگوں جنہوں نے اس کی خصوصیات کے حیرت انگیز قصے سن رکھے تھے انہوں نے اپنی تمام تکالیف کے لئے ان ادویات کو تریاق سمجھ لیا اور خود ہی اپنا علاج کرنا شروع کر دیا ان لوگوں میں اکثر نے خود ہی ادویات خریدیں اور استعمال کیں اور بہت سے ایسے لوگ موت کی آغوش میں چلے گئے۔

Scanned by CamScanner

لہٰذا ان ادویات کے تیار کنندگان اب ادویات کی تیاری اور ان کی تقسیم میں محتاط ہو گئے اور بالترتیب کیمیادان ان دواؤں کی تیاری کے لئے ایسے طریقے تلاش کرنے لگے جن سے ان ادویات کے خطرناک اثرات کم سے کم ہو سکیں۔

لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم رہی کہ وہ ادویات جو زندہ جانداروں (بیکٹیریا، جراثیم وغیرہ) کو مارنے کی براہ راست خصوصیت رکھتی ہیں اور جسم کی ڈائیفنک فورس کو متاثر نہیں کرتیں کہ وہ فطری انداز میں جسم کے توازن کو بحال کرے، تو ایسی صورت جلد یا بدیر مریض کی زندگی کے لئے خطرہ بن جاتی ہے۔ اسی تک نہیں کہ سلفا ڈائیڈز اور اس کی دیگر اقسام نمونیہ اور اسی طرح کے دیگر جراثیمی عارضوں میں دوسری ادویات کے مقابلے میں زیادہ بہتر ریکارڈ کی حامل ہیں اور ایلوپیتھی طریقہ علاج میں یہ ریکارڈ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس طریقہ علاج میں نمونیہ کو خطرناک اور اکثر مہلک تصور کیا جاتا ہے اور اب سلفا ڈائیڈز (Sulphanilamides) کو نمونیہ کے علاج کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے جبکہ سیرم سے نمونیہ کا علاج ترک کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ کچھ عرصہ پہلے اسی سیرم (SERUM) کی خوبیوں کے گن گائے جاتے تھے۔ ان ادویات کے مارے میں یہ ہدایت تھی کہ اس قسم کی تکلیف میں ان ادویات کا فوری استعمال ضروری ہے اور اس بات کی ضرورت نہیں کہ یہ معلوم کیا جائے کہ یہ عارضہ کس نوعیت کا ہے۔ مرض کے حملے کے وقت اس کا فوری استعمال کیا جائے اور اس بات کے جاننے میں وقت ضائع نہ کیا جائے کہ جراثیمی حملہ کس قسم کا ہے اگر دوا کے استعمال میں دیر کر دی جائے تو فائدہ کی امید نہیں ہو سکتی۔

آیئے اس چیز کا تجزیہ کریں۔ فرض کیجئے کہ ہمیں ایسی دوا فراہم کی گئی ہے جو حملہ آور جراثیموں کو تو مار ڈالنے کی طاقت رکھتی ہے مگر اس کے ساتھ ہی جسم کے نارمل افعال کے لئے خطرناک اثر رکھتی ہے اور اس میں خصوصیت بھی ہے کہ یہ دوا اس وقت کارگر نہیں ہو سکتی جب جراثیمی حملہ شدت اختیار کر چکا ہو۔ تو کیا ہم یہ امید کر سکتے ہیں کہ یہ دوا حملہ آور جراثیموں پر جس شدت سے اثر انداز ہوتی ہے، اسی شدت سے جسم کے نارمل عملیات پر اثر انداز نہ ہو گی؟

گذشتہ کئی سالوں سے یہ حقیقت تسلیم کی گئی ہے کہ جسم کو جراثیموں سے پاک کر دینے کے باوجود کئی امراض واقع ہوئیں یعنی خون کو جراثیموں سے پاک کر دیا گیا لیکن پھر بھی مریض زندہ۔ بچے اور یہ

Scanned by CamScanner

حقیقت گذشتہ ادوار کی طرح آج بھی یہی ہے کہ جسم کو ان ادویات سے جو خطرات لاحق ہوتے ہیں ان کی تعداد کا انحصار دوا کی مقدار اور دوا کی خوراکوں پر ہے۔ دونوں طریقہ ہائے علاج کے محتاط معالجین نے اس بات کو نوٹ کیا ہے کہ "شفایابی" مریض اپنی مادرِ جسمانی صحت کی بحالی کی طرف نہایت سست رفتاری سے آتا ہے اور اگر جو اس جارحانہ طریقہ سے استعمال کرائی گئیں ادویات سے بیرونی حملہ آوروں (جراثیموں) کے عمل کو محدود کر دیا جاتا ہے۔ مگر اب جسمانی نظام کو جراثیمی اثرات اور اس کے ساتھ دوا کے زہریلے اثرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سلفانامائیڈز (اب سلفا پائیڈز (Sulphonamides) کا ہومیوپیتھک توانین علاج کی رُو سے جائزہ لیں۔ ہم اپنے مقالے کی روشنی میں تمام تالیفی ادویات یا اُن میں سے کسی ایک دوا کا جائزہ لے سکتے ہیں مگر احوال ان ادویات کو ڈاکٹر ہانیمن کے مشہور طریقہ سے ان کی خوابیدہ قوتوں کو حاصل کرنے کیلئے کوئی کوشش نہیں کی گئی کہ ان ادویات کو پہلے سلامت انسانوں پر آزمایا جائے ـــــ مگر سلفانامائیڈز (Sulphonamides) کے سلسلے میں ڈاکٹر ایلن ڈی سمدلینڈ کی کوشش قابلِ ذکر ہے۔ جو اس دوا کے اجزاء کی آزمائش کے بارے ستمبر ۱۹۴۰ء کے ہومیوپیتھک ریکارڈر میں تحریر ہے۔

ڈاکٹر سمدلینڈ نے اس دوا کی آزمائش سے جو نتائج حاصل کئے وہ کچھ اسطرح بیان کئے گئے ہیں کہ پروٹیا ٹیزڈ شکل میں اس عنصر کے ہومیوپیتھک دوا ہونے کے بہت سے امکانات ہیں بشرطیکہ ہم قانون ہومیوپیتھی کے تقاضوں کے مطابق علامات کی راہبری میں اس کی خصوصیات سے مستفیض ہوں کیونکہ علامات ہی محفوظ شفایابی کی واحد راہنما ہو سکتی ہے تاکہ وہ غیر یقینی حالتیں جن سے مرض عارضی طور پر دب جاتا ہے مگر مریض کو بعد میں یا تو اپنی قدرتی توانائیوں سے ان اثرات بد پر قابو پانا پڑتا ہے یا پھر ان اثرات بد سے مغلوب ہو کر زیادہ خطرناک قدرتی عارضے میں مبتلا ہونا پڑتا ہے۔

ہومیوپیتھی اس عہد کا اعادہ کرتی ہے کہ ہمیں مریض کو شفایاب کرنا ہے، نہ کہ مرض کو۔ روشنی الفاظ میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہم مریض کو کسی شدید مرض سے کبھی کر الگ نہیں کرتے جبکہ اس کے اندر موجود ڈائنامک قوتیں (Dynamic or Vital) بڑے موزوں انداز میں شفا کی جانب لے جاتی ہیں (کیونکہ حاد امراض بذاتِ خود ازالی حدیں محدود کرتے ہیں) جبکہ دوسرے طریقہ کے نتیجے میں مریض کے جسم میں باقی تبدیلیاں پیدا ہو سکتی ہیں اور اس کے علاوہ دوا کی پیدا کردہ امراض سے بھی مریض اسی حالت کو پہنچ

جاتا ہے کہ شفایابی ناممکن ہو جاتی ہے"

اس قسم کے جراثیمی امراض مثلاً نمونیہ، انفلوئینزہ، سٹرپٹوکوکس اور (Staphylococcus) سٹیفیلوکوکس (Streptococcus) یا پھر اسی طرح کی عمومی یا لوکل بیماریوں میں ہومیوپیتھک ادویات تمام دوسرے ذرائع کی ادویات سے کہیں بڑھکر شاندار نتائج کی حامل ہوتی ہیں، سادہ الفاظ میں اس حقیقت کو یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ وہ قوانین فطرت جو ہومیوپیتھی کی بنیاد ہیں وہ خطرناک، تیز رفتار اور مہلک قسم کے امراض میں بھی یقینی طور پر اسی طرح کام کرتے ہیں جس طرح بیماری کی دیگر حالتوں میں۔ اسمیں کوئی شک نہیں کہ بعض حالتوں میں جسم اس قدر متاثر ہو چکا ہوتا ہے کہ مریض کی موت یقینی ہو جاتی ہے تو اکثر ایسی حالتوں کے علاج کے لئے ہمیں طلب کیا جاتا ہے۔ اسمیں بھی کوئی شک نہیں کہ اسی قسم کی کئی خطرناک جراثیمی بیماریوں کو اس دور میں شفایاب کیا گیا جب کہ تجربہ گاہ میں مرض کی شناخت کرنے کے لئے موجود نہیں تھیں۔ اور ایسا بھی ہوا ہے کہ اکثر تجربہ گاہوں کے نتائج اور تشخیص نے نہ صرف معالج کے حوصلے پست کئے ہیں بلکہ مریض اور اس کے خاندان کو بھی مایوس کیا ہے۔

اسی قسم کی خطرناک حالتوں کے لئے ہومیوپیتھک معالج ایک اور اہم اصول کو یاد رکھتا ہے کہ مرض جتنا شدید ہوگا تو اس کا انفیکشن اسی شدت سے مریض کی جان کو متاثر کرے گا اور اس مرض کے علامات نہایت واضح طور پر نمودار ہوں گی۔ علامات کا غیر واضح یا دھندلا ہونا۔ عام امراض میں شاذ و نادر ہی ہوتا ہے (اور ایسا صرف عام ادویات کے استعمال کے نتیجہ میں ہوتا ہے) ہومیوپیتھک دوا کو اپنا اثر دکھانے کے لئے مرض کے نام یا تشخیص کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ دوائیں مکمل اور یقینی دوا کی جانب اپنا عمل جاری رکھتی ہیں اور جسم کی ساختی تبدیلیوں کا باعث نہیں بنتیں۔

وٹامنز کی غذا میں افادیت آج کے دور کے ریسرچ کیمسٹوں اور معالجین کے لئے بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ اگرچہ قدرتی غذاؤں خاص طور پر پھلوں اور کچی سبزیوں کو اس سلسلے میں کچھ دیرا اہمیت دی گئی مگر جلد ہی وٹامنز کے حصول کے لئے تالیفی ذرائع (Synthetic sources) دریافت کر لئے گئے اور دواخانوں میں اُن کے استعمال پر زور دیا جانے لگا۔ یہ کیمیادان تالیفی مرکبات تیار کرنے کے دوران یہ بات فراموش کر دیتے ہیں کہ خواہ کیمیائی طور پر قدرتی اور تالیفی مرکبات ایک دوسرے

Scanned by CamScanner

سے زیادہ مختلف نہیں ہوتے مگر ان کے نتائج نمایاں طور پر ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں اور یہ نتائج تجربات کے دوران تو ظاہر نہیں ہوتے مگر عرصہ بعد اپنا اثر ضرور دکھاتے ہیں۔ یہ بات حیرت انگیز ہے کہ اگر کوئی شخص متوازن غذا استعمال کر رہا ہے تو پھر اس کے جسم میں ان وٹامنز کی متوازن مقدار کس طرح کم ہو سکتی ہے۔

لہٰذا ضروریات زندگی میں وٹامنز کو جو اس قدر اہمیت دی گئی ہے اس نتیجے میں ہمارا واسطہ ایسی غذائی اشیاء سے ہے جن میں ان تالیفی وٹامنز کی بھرمار ہوتی ہے۔ چونکہ یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ نشوونما کیلئے وٹامنز بے حد ضروری ہیں لہٰذا کیمیادان یہ دلیل دیتے ہیں کہ ایک قوم کی حیثیت سے ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم لوگوں کو توانائی کے اس ذریعہ سے زیادہ سے زیادہ بہرہ مند کریں اور چونکہ تالیفی وٹامنز سستے داموں دستیاب ہو جاتے ہیں لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ ہم ان کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ یہی وجہ ہے کہ یہ وٹامنز تمام بنیادی غذاؤں مثلاً آٹے نمک میں شامل کر دیئے جاتے ہیں۔ اس طرح وٹامنز تیار کرنے والوں کو ایک نہایت منافع بخش بزنس مل گیا ہے اور اسطرح کسی بھی شخص کیلئے ممکن نہیں کہ وہ ان وٹامنز سے پاک غذا حاصل کر سکے۔

اب محتاط طریقے سے کی گئی ریسرچ کے نتیجے میں یہ بات واقع ہو چکی ہے کہ بہت زیادہ وٹامنز استعمال کرنے سے جسم کو اسی طرح نقصان ہوتا ہے جس طرح وٹامنز کی کمی سے ہوتا ہے۔ بلکہ کمی کے مقابلہ میں وٹامنز کی زیادتی زیادہ نقصان دہ ہے۔ یہ بیان ہومیوپیتھی قوانین کی تصدیق کرتا ہے اور ساتھ ہی قوانین فطرت کی بھی کہ کس طرح فطرت ہر چیز میں توازن قائم رکھتی ہے۔ اور یہ حقیقت ہے کہ قدرت میں کسی بھی تبدیلی کے لئے ضروری چیز کی مقدار کم سے کم درکار ہوتی ہے اور اس بات سے کون انکار کر سکتا ہے کہ عمل اور ردعمل ایک دوسرے کے برابر لیکن سمت میں مخالف ہوتے ہیں

وٹامنز تیار کرنے والے کیمیا دانوں کا بیان ہے کہ ہر شخص کو روزانہ تین ملی گرام سے ۲۵ ملی گرام وٹامنز درکار ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہم امید رکھ سکتے ہیں کہ وٹامنز کا زیادہ استعمال جسے کہ تعمیری خیال کیا جاتا ہے۔ اس کے دو یقینی نتائج ہو سکتے ہیں۔

نمبر ۱ — تعمیری عمل کے مساوی تباہ کن اثر

نمبر ۲ — مستقل طور پر جسم کا قدرتی وٹامنز کے حصول کے لئے ناکارہ ہو جانا۔

مثلاً وٹامن سی کے مریضوں کو انسولین استعمال کرائی جاتی ہے اور اس چیز کا اثر یہ ہوتا ہے کہ مریض

Scanned by CamScanner

جلدی السولیں جسم کے اندر پیدا کرنے سے محروم ہو جاتا ہے یعنی جب مریض کی ضروریات کو بیرونی طور پر پورا کیا جاتا ہے تو پھر اس کا اپنا نظام یہ کام انجام دینا چھوڑ دیتا ہے اور ارتقاء (Evolution) اس بات کا ثبوت دیتا ہے کہ اگر کوئی جاندار اپنے جسم کے کسی حصے کا استعمال ترک کر دے تو جسم اس حصے سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح وٹامنز کا بہت زیادہ استعمال جسم کو ناکارہ بناتا ہے اور وہ قدرتی طور پر وٹامنز کے حصول کے قابل نہیں رہتا۔

وٹامنز کا بے تحاشہ استعمال نوجوان نسل پر کیسے اثرات مرتب کرے گا، اس کا اندازہ مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں لگانا مشکل نہیں ہے اور وٹامنز کے اس غیر ضروری استعمال کے نتیجے میں آئندہ نسلیں کس مشکل سے دوچار ہوں گی، آیا وہ اس قابل رہ سکیں گی کہ وہ قدرتی اجزاء سے وٹامنز حاصل کر لیں یا پھر اُن کے جسموں میں کوئی بنیادی تبدیلی پیدا ہو جائے گی جو جسم انسانی کے اس کھوئے ہوئے فعل کا نعم البدل بن سکے؟

خاص طور پر ہم مخصوص افعال کے بارے میں یہ سوال کر سکتے ہیں کہ آیا یہ افعال مستقل طور پر متاثر ہو جائیں گے، مثلاً اس بات کا اظہار کیا جاتا ہے کہ وٹامنز سی اور ڈی رکٹس کی بیماری کو کنٹرول کرتے ہیں اور ان وٹامنز کی ایک مخصوص مقدار ہڈیوں کی نشوونما کے لئے ضروری ہے لیکن یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ ان وٹامنز کی زیادہ مقدار استعمال کرنے سے رکٹس کا مرض پیدا ہو جاتا ہے، اسی طرح وٹامنز (E) کو جنسی افعال میں تحریک پیدا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تو کیا اس وٹامن کی زائد مقدار جنسی افعال کو تباہ نہیں کر دے گی؟ اسی طرح ہم تمام وٹامنز کی لسٹ میں سے ایک ایک وٹامن کے بارے میں اسی قسم کی ناممکن معلوم کر سکتے ہیں۔

ہومیوپیتھک معالج کی حیثیت سے ہمارے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ علم العلاج التعلیمی ادویات (Synthetic Drugs) کی خصوصیات کو نظر انداز نہ کریں۔ لیکن ہمارے لئے یہ ضروری ہے کہ ان ادویات کو ہومیوپیتھی کے ثابت شدہ قوانین کی روشنی میں جانچیں اور حقیقت ہرگز فراموش نہ کریں کہ تجربہ گاہوں میں جانوروں پر آزمائی گئی ادویات ضروری نہیں انسانوں کے لئے بھی ویسی خصوصیت کی حامل ہوں اور ان ادویات کے ثانوی نتائج ابتدائی نتائج کے بالکل برعکس بھی ہو سکتے ہیں، خواہ یہ ابتدائی نتائج بظاہر کتنے ہی روشن اور تسلی بخش کیوں نہ دکھائی دیں۔

Scanned by CamScanner

ہمیں یہ بات فراموش نہیں کرنی چاہیئے کہ ہر مثبت علمی کے قوانین جن کے فطری ہونے کا ہمیں یقین ہے ۔ آجتک دریافت ہونے والا کوئی بھی ماہر قانون ان کو ٹال نہیں سکا اور یہ قوانین وقت کی کسوٹی پر ہر نئی دوا کی آزمائش کے لئے پورا اتریں گے ۔ یہ حقیقت یاد رکھنی چاہیئے کہ کسی چیز کو صرف اس وجہ سے رد نہیں کیا جاسکتا کہ وہ نئی ہے ۔ لیکن ہر نئی چیز کو اندھا دھند بغیر ٹیسٹ کئے اور بغیر کسی جانچ پڑتال کے قبول کر لینا زیادہ سنگین بات ہے ۔

اس لیئے کہ ہمارے پاس تو جانچ پڑتال کے وہ ذریعے موجود ہیں جن کو اپنانے میں ایٹومیتھی ناکام ہو گئی ہے ۔

تمت بالخیر

باب ۱۱

ممتاز یا نمایاں علامت (تکلیف کی وجہ)
اور
معاون علامات کا کیس سے تعلق

THE CHIEF COMPLAINT AND THE AUXILIARY SYMPTOMS IN THEIR RELATION TO THE CASE

تقریباً ہر کیس جو معالج کے پاس آتا ہے اس کی دو حالتیں یا دو حصے ہوتے ہیں۔ ایک حصہ ان علامات کا ہوتا ہے جو مریض کے لئے فوری تکلیف کی وجہ سے بنتا ہے۔ یہ علامات شدید ہوتی ہیں مریض کے لئے تکلیف دہ ہوتی ہیں اس لئے مریض ان کو جلد پہچان لیتا ہے اور معالج کے سامنے ان تکلیفات کو بیان کرتا ہے۔

دوسرا حصہ ان علامات پر مشتمل ہوتا ہے جن پر مریض توجہ ہی نہیں دیتا یا وہ انہیں علامات ہی تصور ہی نہیں کرتا اور سمجھتا ہے کہ ڈاکٹر کے سامنے ان کو بیان کرنے کا کوئی فائدہ نہیں کیونکہ اس کے خیال میں ان کا کیس سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

سب سے نمایاں علامت CHIEF COMPLAINT کی نفسیاتی اہمیت تو یہ ہے کہ اس علامت کی بدولت مریض معالج کے پاس آتا ہے۔ مگر معالج مریض کی طرف پوری توجہ دیتا ہے اور اس کا اظہار مریض اپنے [illegible] علامات کو [illegible] سے آتا ہے تو مریض کو اس بات کی تسلی ہو جاتی ہے کہ معالج

Scanned by CamScanner

کیونکہ اس کا کیس ہسٹری کا حامل ہے اس لیے وہ مریض ڈاکٹر پر اعتماد کرنے لگتا ہے

نمایاں علامات ہر کیس کا بہت ضروری حصہ ہے اور ہمارے بہت سے ساتھی اس علامت کو بہت اہمیت دیتے ہیں نئے نئے معالج اور اس علامت پر بہت انحصار کرتے ہیں کیونکہ یہ علامت تشخیصی نقطۂ نگاہ سے اہم ہوتی ہے۔ اس کے برعکس کہنہ مشق معالج اس علامت کو مناسب اہمیت تو دیتے ہیں، لیکن وہ یہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ وہ اس کا انتخاب مجموعی علامات کے پیش نظر کرنا چاہیے اور اس طرح کرتے ہوئے وہ دوسری علامات کو زیادہ اہمیت دیتا ہے اور اگر معالج ان پر توجہ نہ دے تو مریض ان علامات کو بیان کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا یہ علامات کیس کا بہت ضروری حصہ ہوتی ہیں اور یہی علامات کیس کی انفرادیت کو نمایاں کرتی ہیں کہ کس طرح علامات کے مجموعے "TOTALITY OF SYMPTOMS" کو دیکھتے ہوئے دوا تجویز کی جائے۔

وہ نمایاں اور ممتاز علامات جو مریض اپنی تکلیف کی اصل وجہ کے طور پر بتاتا ہے۔ ان علامات سے قطعی مختلف قدر و قیمت رکھ سکتی ہے جو معالج کے استفسار پر مریض بتاتا ہے یا وہ معلومات جو معالج علامات کے تجزیے سے حاصل کرتا ہے۔ یہ نمایاں اور ممتاز علامت دراصل بیماری کی نوعیت کو ظاہر کرتی ہے یا بیماری کی جانب اشارہ کرتی ہے اور اس کا تعلق مریض کے افعال جسمانی سے ہوتا ہے

نمایاں یا ممتاز علامات یا علامتوں کی تعریف اس طرح کی جا سکتی ہے "یہ ایسی علامات ہیں جو کہ بیماری کی حالت کا اظہار ہوتی ہیں۔ یا پھر یہ وہ علامات ہوتی ہیں جو بہت نمایاں ہوں اور آسانی سے پہچانی جا سکیں۔ یا پھر ایسی علامات جن پر مریض اور معالج کی نظر سب سے پہلے پڑتی ہے اور جو بنیادی تکلیف کا باعث بنتی ہیں اور جو بنیادی طور پر بیماری کے جانے والے نوع کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ایسی علامات کو ہم کیس اٹھنے کے لیے "تانے" کی حیثیت دے سکتے ہیں۔

"معاون یا مددگار علامات" AUXILIARY OR CONCOMITANT ایسی علامات کا مجموعہ ہوتی ہیں جن کا ممتاز اور نمایاں علامات سے شاذ و نادر ہی کوئی رابطہ نظر آتا ہے اور عام تشخیص کرانے کی رو سے ہم عموماً ان علامات کو غیر ضروری اور کیس سے غیر متعلقہ سمجھتے ہوئے نظر انداز کر دیتے ہیں۔

باب ۲۰

طبیعت یا مزاج

ہومیوپیتھی میں اکثر و پیشتر مزاج یا طبیعت کے بارے میں ہدایات ملتی ہیں۔ خاص طور پر کیس ٹیکنگ اور دوا کے انتخاب کے وقت مزاج کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بہتر ہوگا کہ مزاج کی اہمیت کے پیش نظر مزاج کی تعریف بیان کر دی جائے اور ساتھ ہی یہ وضاحت بھی کر دی جائے کہ کیس ٹیکنگ میں اور دوا کے انتخاب میں اسکی کیا اہمیت ہے۔ مزاج کی چار مشہور بنیادی قسمیں ہیں۔

اعصابی، صفراوی، دموی اور بلغمی۔ لیکن ان اقسام کے علاوہ بھی مزاج کی کئی قسمیں بن جاتی ہیں اور عموماً ان مرکب مزاج کیفیتوں میں ایک نہ ایک بنیادی قسم غالب ہوتی ہے۔ بعض اوقات ہمارا واسطہ ایسے لوگوں سے بھی پڑتا ہے، جنہیں کسی بھی ایک مخصوص بنیادی قسم سے متعلق نہیں کہا جا سکتا، بلکہ وہ کئی بنیادی مزاجی کیفیتوں کا مجموعہ ہوتے۔

یہ مزاج بہت حد تک فزیالوجیکل ہوتے ہیں۔ لیکن اس میں نہ صرف انسان کا ڈیل ڈول شامل ہوتا ہے بلکہ رنگ۔ کام کرنے کے رجحانات۔ دورانِ خون۔ جسم سے مادوں کا اخراج تنفس اور اسی طرح ذہنی اور جسمانی رجحانات کا حالات اور ماحول سے متاثر ہونا بھی شامل ہیں۔ مزاج کا معاملہ بنیادی جبلی عارضوں کے ساتھ گہرا رشتہ رکھتا ہے ان عارضوں کا تفصیلی ذکر ہو چکا۔ اس وقت ہمارا تعلق دراصل مزاج کے سلسلے میں ہے کیونکہ مزاج بھی دوا تجویز کرنے میں اہم عنصر کی حیثیت رکھتا ہے۔

کہا جاتا ہے کہ جاندار کی زندگی کے نہایت ابتدائی مرحلوں میں ہی مزاج کو جسم میں ڈھال دیا جاتا ہے یعنی ایک جاندار کی زندگی کی ابتدا کے وقت جب نر اور مادہ جنسی سیلز کا ملاپ ہوتا ہے تو مزاج بھی اس ملاپ میں شامل ہو جاتا ہے اور اس مزاج کو کسی بھی دوا کے عمل سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا ہے کیونکہ یہ ایک فزیالوجیکل

Scanned by CamScanner

عمل ہے اور اس سے انحراف ممکن نہیں۔ یہ دونوں بیانات بہت حد تک درست ہیں لیکن اسطرح کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ ابتدائی رجحانات تبدیل نہیں کیئے جا سکتے لیکن ہومیو پیتھک مخمرزدہ ادویات جو شیر خوار بچوں اور کم عمر بچوں کو استعمال کرائی جائیں تو وہ فیزیالوجی عمل میں اسطرح ترمیم کریں گی کہ اُن کے نقصان دہ نتائج بہت حد تک رک جائیں گے۔

ہومیو پیتھک دوا اکثر مزاج سے اس حد تک متاثر ہوتی ہے کہ بعض قسم کے مزاج بعض قسم کی علامات کسی دوسری قسم کے مزاج کی نسبت تیزی سے پیدا کر دیتے ہیں۔ مثلاً بلغمی مزاج اپنے ردِ عمل میں یقیناً سستی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اسی مزاج کی ایک اور اہم خصوصیت دردوں میں رکاوٹ ہے جو کہ زیادتی خون کا نتیجہ ہے۔ اعصابی مزاج جیسکہ نام سے ظاہر ہے، تیز عمل کا اظہار کرتا ہے اور دبلا پتلا ہوتا ہے صفراوی مزاج میں جگر کی خرابیوں کی طرف میلان ہوتا ہے۔ لہذا جہاں تک مزاج کا تعلق ہے اور وہ جس طرح اپنی اپنی مخصوص علامات پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں ہم دوا کے انتخاب میں ان سے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اور اگر ہم کیس کا اور گہرائی سے مطالعہ کریں اور وراثت سے متعلق تکالیف کو بھی نظر میں رکھیں کیونکہ وراثت کئی نشوونمائی تبدیلیوں کا باعث بنتی ہے تو پھر ہمیں دوا کے انتخاب کے لئے واضح اشارے ملیں گے۔ اور اسطرح سطحی مشاہدے کی نسبت ہمیں زیادہ واضح علامات نظر آئیں گی۔ اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ مریضوں کو فوری طور پر پلسٹلا۔ نکس وامیکا یا پھر فاسفورس کا مریض سمجھ لیا جاتا ہے اور ایسا صرف مریض کے ڈیل ڈول اور رنگت کا دوا سے مشابہ ہونے کے باعث سمجھا جاتا ہے۔ اس طریقہ سے دوا تجویز کرنے سے بہت سی غلطیوں کا احتمال ہوتا ہے۔ آیئے اسی سلسلے میں ایک کیس کا تجزیہ کرتے ہیں کہ کسطرح ایک بلغمی مزاج گوری رنگت والی عورت کو پلسٹلا کا مریض سمجھ لیا گیا۔ کیا اس سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ آیا اس قسم کی عورت کو کبھی نکس وامیکا کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اگرچہ ہم ایسا ہی سمجھتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہمارے نتائج کی بنیاد مکمل صحیح نہیں بلکہ آدھے سچ پر ہے۔ اس سے ہمارا اصل مقصد تو یہ ہے کہ مضبوط جوان گوری نسوانی مائل رنگت، نیلی آنکھوں اور سنہرے بالوں والی عورت نے پلسٹیلا کی پروونگ کے دوران دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں زیادہ واضح علامات کا اظہار کیا (یعنی اُن لوگوں کے مقابلے میں جن کی رنگت نسوانی مائل سفید نہ تھی اور قد کاٹھ بھی ویسا نہ تھا)۔

Scanned by CamScanner

دوسری طرف ہومیوپیتھک دوا کے بہترین نتائج پیدا کرنے کے لیے ایک تجربہ کار اور سائنسی رنگت کے حامل تھے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کچھ لوگوں کی فطری بناوٹ ان کو مخصوص حالات اور مخصوص ماحول میں خصوصی طور پر بیماری کے اثرات کے لیے حساس بنا رہی ہے (خواہ یہ بیماریاں قدرتی ہوں یا ماحول کی پیدا کردہ) یا پھر مصنوعی ہوں (یعنی ہومیوپیتھک کی پروونگ سے پیدا کردہ)۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مزاج جو ان کی زندگی کی ابتدا کے وقت ان کے جسم میں داخل گیا تھا۔ پہلے سے ان میں بیماری کے اثرات کیلئے احساس قائم کر دیتا اور اگر اس پر کنٹرول نہ کیا جائے تو خاص قسم کے حالات کے تحت یہ احساس اور ردعمل قوت پکڑ سکتے ہیں۔

دوسری طرف ہم نے اس بڑے بھاری بھرکم کام کو کرنے کی کوشش ہی نہیں کی جس کی بدولت ہم انکو مختلف عناصر کی گروہ بندی کر سکیں جو لوگوں کو متاثر کرتے ہیں تاکہ ہم یقین سے کہہ سکیں کہ کسی بھی عام مزاج سے تعلق رکھنے والے افراد کس طرح مخصوص حالات میں ردعمل کا اظہار کرتے ہیں اور ہم مکمل یقین سے کہہ سکیں کہ کسی خاص مزاج کے لوگ خاص قسم کی علامات کا اظہار کریں گے۔ ہومیوپیتھک دوا کی افادیت کو سمجھنا نہایت آسان ہے اور وہ ہے علامات کا بغور مطالعہ۔ ان تمام علامات کا مشاہدہ جو ہمیں تکالیف میں مبتلا مریض میں نظر آئیں اور پھر ان علامات سے مشابہ دوا سیلیشیم (SYMILLIUM) کا انتخاب کرنا۔

جب ایک شخص بیمار ہوتا ہے تو وہ اپنی اندرونی اور بیرونی حالتوں اور ماحول سے اثر پذیر ہو کر ردعمل کے طور پر علامات کا اظہار کرتا ہے اس کی اثر پذیری کی یہ حالت اس کی صحت کی حالت سے قطعی مختلف ہوتی ہے، علاوہ ازیں مکمل صحت اور مکمل جسمانی توازن کی حالت میں کسی دوا کے استعمال کرنے سے یہ بات ممکن ہے۔ کہ وہ کسی ردعمل کا اظہار نہ کرے اور اس طرح علامات پیدا نہ کر سکے لیکن عدم توازن یا بیماری کی حالت میں وہ اس دوا کے لیے انتہائی حساس ہو جائے گا جس سے صحت کی حالت میں وہ بالکل اثر نہیں لیتا تھا۔

لہٰذا ہم اپنی کئی کثرت سے استعمال ہونے والی دواؤں کو پروونگ کے دوران اسی طرح کے ردعمل سے دوچار دیکھتے ہیں مثلاً بیلاڈونا کا زیادہ تر ردعمل سرخ رنگت اور ظاہری طور لوگوں میں دیکھنے میں آتا ہے۔ اسی طرح نکس وامیکا میں اعصابی مزاج والے لوگوں میں

دوسری طرف نکس وامیکا کے بہترین پرورش پروردہ اور سانولی رنگت کے مالک تھے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کچھ لوگوں کی فطری بناوٹ ان کو مخصوص حالات اور مخصوص ماحول میں خصوصی طور پر بیماری کے اثرات کے لیے حساس بنا رہی ہے (خواہ یہ بیماریاں قدرتی ہوں یا ماحول کی پیدا کردہ) یا پھر مصنوعی ہوں (یعنی ہومیوپیتھک کی پروونگ سے پیدا کردہ)۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مزاج جو ان کی زندگی کی ابتدا کے وقت ان کے جسم میں داخل گیا تھا۔ پہلے سے ان میں بیماری کے اثرات کیلئے احساس قائم کر دیتا اور اگر اس پر کنٹرول نہ کیا جائے تو خاص قسم کے حالات کے تحت یہ احساس اور ردعمل قوت پکڑ سکتے ہیں۔

دوسری طرف ہم نے اس بڑے بھاری بھرکم کام کو کرنے کی کوشش ہی نہیں کی جس کی بدولت ہم انکو مختلف عناصر کی گروہ بندی کر سکیں جو لوگوں کو متاثر کرتے ہیں تاکہ ہم یقین سے کہہ سکیں کہ کسی عام مزاج سے تعلق رکھنے والے افراد کس طرح مخصوص حالات میں ردعمل کا اظہار کرتے ہیں اور ہم مکمل یقین سے کہہ سکیں کہ کسی خاص مزاج کے لوگ خاص قسم کی علامات کا اظہار کریں گے۔ ہومیوپیتھک دوا کی افادیت کو سمجھنا نہایت آسان ہے اور وہ ہے علامات کا بغور مطالعہ۔ ان تمام علامات کا شاید جو ہمیں تکالیف میں مبتلا مریض میں نظر آئیں اور پھر ان علامات سے مشابہ دوا سمیلیئم (SIMILLIUM) کا انتخاب کرنا۔

جب ایک شخص بیمار ہوتا ہے تو وہ اپنی اندرونی اور بیرونی حالتوں اور ماحول سے اثر پذیر ہو کر ردعمل کے طور پر علامات کا اظہار کرتا ہے اس کی اثر پذیری کی یہ حالت اس کی صحت کی حالت سے قطعی مختلف ہوتی ہے، علاوہ ازیں مکمل صحت اور مکمل جسمانی توازن کی حالت میں کسی دوا کے استعمال کرانے سے یہ بات ممکن ہے۔ کہ وہ کسی ردعمل کا اظہار نہ کرے اور اس طرح علامات پیدا نہ کر سکے لیکن عدم توازن یا بیماری کی حالت میں وہ اس دوا کے لیے احساس ہو جائے گا جس سے صحت کی حالت میں وہ بالکل اثر نہیں لیتا تھا۔

لہٰذا ہم اپنی کثرت سے استعمال ہونے والی دواؤں کو پروونگ کے دوران اسی طرح کے ردعمل سے دوچار دیکھتے ہیں مثلاً بیلاڈونا کا زبردست ردعمل سرخ رنگت اور ملغبی منہ لوگوں میں دیکھنے میں آتا ہے۔ اسی طرح ناسوڈ میں اعصابی مزاج والے لوگوں میں

Scanned by CamScanner

بہت سی علامات کا اظہار کرتا ہے اور برائیاں (Bryonia) کا پُراثر ردِعمل جگنے اور کمتر شور نمانے اور کُند ذہن افراد میں دیکھنے میں آتا ہے۔ نکس وامیکا اعصابی مزاج لوگوں میں زیادہ علامات کا اظہار کرتی ہے۔ اس طرح خاص خاص مزاج خاص خاص دواؤں سے مخصوص قسم کی اثر پذیری کا اظہار کرتے ہیں۔

جب جسم کی صحت کا توازن نارمل توازن سے بگڑنا شروع ہوتا ہے تو جسم زیادہ سے زیادہ حساس بنتا جاتا ہے۔ ان عدم توازن کی حالتوں میں دوا کی کم از کم مقدار (یعنی اونچی طاقت کی دوا) جسے least possible) بہت اہم رول ادا کرتی ہے اور عدم توازن کی حالتوں کے پیش نظر مجوزہ دوا نہایت تیزی سے توازن کی حالت کو برقرار کر دیگی خواہ مریض کسی بھی مزاج سے تعلق رکھتا ہو۔ بہت سی ادویات کو مختلف مزاج کے لوگوں پر آزمانے سے پتہ چلتا ہے کہ ان کی اثرات یعنی پروِنگ بھی مختلف ہوتی ہے لیکن کے مزاج خواہ کوئی سا بھی ہو اس کی ریکارڈ کردہ علامات اہم ہوتی ہیں، جیسا کہ نہایت تنگ سینہ رکھنے والے دُبلے افراد میں خون فاسفورس نے تپدق کی علامات پیدا کیں جبکہ گول مٹول اور سرخ رنگت والے افراد میں خون کی نالیوں سے متعلق علامات پیدا کیں۔ اس کے باوجود فاسفورس ہر قسم کے افراد پر اثر انداز ہوتی ہے اور تمام مشابہ علامات کو شفاء بخشنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور مزاج کے اظہار سے اس پر کوئی فرق نہیں پڑتا، جو بات فاسفورس کے لئے ہے، وہی بات ہمارے ٹیریا میڈیکا میں تمام دوسری ادویات کے بارے میں بھی درست ہے۔ یہ بات درست ہے کہ تنگ سینے والے دُبلے پتلے افراد جنہیں ہم فاسفورس کے مریض کہتے ہیں۔ وہ فاسفورس کی علامات کا اظہار دوسری قسم کی جسمانی ساخت رکھنے والے افراد کی نسبت جلد کرتے ہیں لیکن علامات کا جسمانی ساخت کی بناء پر اظہار اتنا زیادہ ہرگز نہیں کہ ہم اپنی پروِنگ کو ذہن تک محدود سمجھ لیں اور اسی پر انحصار کر لیں۔ جسمانی رنگت کے اظہار کو بھی اکثر علامات سمجھا جاتا ہے۔ پلسٹیلا کی گوری رنگت اور سنہری بال والی مریضہ جس کے بارے میں اکثر سننے میں آیا ہے، اسے ہمیشہ ای دوا کی ضرورت ہرگز نہیں رہتی اور نہ ہی نکس وامیکا کا مریض ہمیشہ سانولا ہوتا ہے کیونکہ سانولے مریض کو بھی پلسٹیلا کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور نکس وامیکا کی مریضہ کو پلسٹیلا درکار ہو سکتی ہے۔ رنگت کے اظہار اور جسمانی ساخت سے کہیں زیادہ اہم کئی اور علامتی حالتیں ہیں مثلاً موڈلیٹیز (MODALITIES) یعنی حالت میں کمی بیشی کی علامات اور یہی دوا کے انتخاب کے لئے اہم علامات ہیں۔ مثلاً بند کمرے میں بہتری اور بند کمرے میں تکلیف کا بڑھنا

یا کھلی ہوا میں بہتر محسوس کرنا پلسٹیلا کے مریض کے لئے سفید رنگت اور نیلی آنکھوں سے کہیں اہم علامات ہیں۔ اور اگر ہم ان علامات کے ساتھ رونے کی طرف میلان اور تسلی دینے سے تکلیف میں اضافے کی علامات بھی شامل کر لیں تو ایسی علامات رکھنے والا یقیناً پلسٹیلا کا مریض ہے خواہ مریضہ کی رنگت گوری ہو یا کالی اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اس کی وضاحت مندرجہ ذیل کیس سے ہوتی ہے۔

یہ ایک کاہی بخار (Hay fever) میں مبتلا مریضہ کا کیس تھا۔ کیس کا مطالعہ اور ریپرٹری کے استعمال سے یہ کیس دو دوا ؤں سے یکساں طور پر مشابہ تھا۔ ان میں ایک دوا پلسٹیلا اور دوسری نکس وامیکا تھی۔ معالج نے سمیلیم (SIMILLIMUM) تجویز کرنے کیلئے مزید مشاہدہ کیا تو اس نے دیکھا کہ وہ بلند قد کی مضبوط اور توانا سرخ بالوں والی عورت تھی اور اس لحاظ سے وہ نہ تو پلسٹیلا کی مریضہ اور نہ ہی نکس وامیکا سے متعلق نظر آتی تھی، لیکن مریضہ کی موڈلیٹیز (MODALITIES) ایسی تھیں کہ وہ برابر یکساں طور پر پلسٹیلا کی اور نکس وامیکا کی مریضہ تھی۔ دریافت کرنے پر اس نے بتایا کہ وہ اس وقت تک ہرگز نہیں روتی جب تک اسے شدید غصہ نہ آجائے۔ لیکن رونے کی حالت پہنچنے سے پہلے وہ کچھ دیر اندر ہی اندر جلتی ہے۔ اس بیان سے نکس وامیکا کی طرف کا پلڑا بھاری ہو گیا کیونکہ یہ علامات پلسٹیلا کی نہیں، نکس وامیکا کی ہیں۔ اور اسے نکس وامیکا دی گئی اور وہ انتہائی کامیاب رہی۔

جب علامات کسی دوا کا اظہار کرنے لگیں تو ہمیں بالمثل دوا کے لئے بنیاد مل جاتی ہے اور اس سے مریض کی رنگت یا قسم سے فرق نہیں پڑتا۔ لہٰذا سیپیا جو عورتوں کی دوا کہلاتی ہے، مردوں کیلئے بھی یکساں مفید ہے۔ ہمارے چند پرانے اساتذہ کی نصیحت ہے کہ اگر کوئی دوا اپنے نارمل اظہار سے باہر نکل آئے (یعنی جس قسم کے لوگوں پر اس کی پروونگ کی گئی تھی) تو پھر یہ ایک دوہرا اشارہ ہوتا ہے کہ اس کیس میں یہی دوا کارگر ہے یعنی جب پلسٹیلا کے مریضہ کے سنہرے بال ہوں اور نکس وامیکا کی پروونگ بالوں آنکھوں اور جلد کی رنگت کو سانولے رنگ کی عورت سے بدل دے تو پھر ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ سانولی رنگت والی عورت نکس وامیکا کی مریضہ ہے اور سنہرے بالوں والی عورت پلسٹیلا کی مریضہ ہے، اس قسم کی پہچان ایک نظر میں ہو سکتی ہے۔

ہومیوپیتھی کی کتابوں سے مستفید ہونے کیلئے مزاج کی نوعیت اور قسم پر دوا کا انتخاب ایک کمزور اور سست طریقہ کار ہے۔ دراصل یہ ایک کی نارمل قسم کا انتخاب دوا کا طریقہ ہے۔ (Prescribing) اور اس کا انحصار بیماری سے پیدا شدہ علامات پر نہیں بلکہ پیدائشی جسمانی ساخت پر ہے۔

یہ کی نوٹس (۸۰۵ء ۸۰۸ء) میں اکثر ہمیں دوا کے انتخاب کیلئے سراغ ملتے ہیں۔ لیکن ہمیں اس طرف کو اپنی علامات کی تصویر کھینچنے کی سعی لاحاصل پر ہرگز غالب نہیں آنے دینا چاہیئے۔

بیماری کی واحد نشانی دراصل نارمل حالت سے انحراف ماضی حال اور مستقبل میں ہوتا ہے۔

اعضاء تمام حصوں کے فعلی انحراف کی علامات ہی ہمیں دوا کے انتخاب میں مدد دیتی ہیں۔ ہمارے تمام طریقہ کار کی بنیاد بیماری علامات کی مجموعی تصویر کا مکمل مشاہدہ ہے۔ اگر ہم یہ طریقہ اختیار کریں گے تو ذہنی فشار کی مدد سے ہر احد بالمثل دوا تجویز کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے جس کے استعمال سے مرض دور ہو جائے گا۔ اور یہ دوا مریض کے مزاج اور شخصیت سے ہم آہنگ ہونے کے سبب مزاج کو پہلے صحت مند اور شخصیت کو زیادہ پرکشش بناتے ہوئے متعلقہ شخص کو اس قابل بنا دے گی کہ وہ کم بیماریوں کا شکار ہو۔

Scanned by CamScanner

باب ۲۱

ادویات کا بیرونی استعمال

LOCAL APPLICATION

لوکل ایپلیکیشن یعنی دواؤں کا بیرونی استعمال یہ الفاظ ہمارے ذہن میں فوراً مرہموں کے پلستر، پلاسٹر کی پٹیاں۔ بون سیٹ (ہڈی جوڑنے کے لئے پلستر) اور ٹھنڈے پانی کا تصور پیدا کرتا ہے۔ یعنی ایسی عام استعمال کی چیز جسے ہم زخم یا معالج بیرون جسم لگانے کے لئے استعمال کرے لوکل ایپلیکیشن (LOCAL APPLICATION) کہلاتی ہے۔

بیرونی استعمال کی یہ اشیاء دورِ قدیم سے ہی استعمال ہوتی آرہی ہیں۔ یہ گھریلو نسخوں اور طبیبوں کے نسخوں کی صورت میں قدیم دور سے لے کر آج تک استعمال ہو رہی ہیں۔ یہ طریقہ علاج اس عام خیال پر مبنی تھا کہ اگر بیماریوں کا بیرونی اظہار ختم کر دیا جائے تو بیماری کو آرام آجاتا ہے۔ یہ بھی خیال کیا جاتا تھا کہ یہ بیرونی اظہار ہی دراصل بیماری ہے اور اگر ان بیرونی اثرات کو ختم کر دیا جائے تو بیماری سے نجات مل جاتی ہے۔

یہ نظریہ اس وقت تک قائم رہا جب تک ہانیمن نے دنیا کے سامنے ایک نیا نظریہ پیش نہ کر دیا کہ بیماری کے بیرونی مظاہر دراصل اندرونی اور روحانی قوتوں میں بگاڑ کا بیرونی مظہر ہوتے ہیں اور اگر بیماری کے ان بیرونی مظاہر کو دوا کے بیرونی استعمال سے ختم کر دیا جائے تو بیماری شفایاب ہرگز نہیں ہوتی بلکہ وہ باہر سے جسم کے اندرونی اور مرکزی حصوں میں منتقل ہو جاتی ہے اور وہاں جا کر زیادہ خطرناک صورت اختیار کر لیتی ہے۔

پرانے حکماء کا یہ دستور تھا کہ پہلے تو وہ بیرونی دوائیں استعمال کراتے اور جب بیماری اندرونی جسم نما اظہار کرتی تو اسے باہر نکالنے کے لئے مسہل ادویات استعمال کراتے کہا جاتا ہے کہ

مستعمل ادویات کا استعمال کافروں کے طریقۂ علاج کے باقیات کا حصّہ ہے جس کا انحصار اس نظریئے پر تھا کہ بیماری بدروحوں کے جسم میں داخل ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔

ہانیمن کی تعلیم جو انہوں نے بیرونی استعمال کی ادویات کے بارے میں دی نہایت واضح اور صاف اور پریکٹس میں اسے مکمل طور پر آزمایا جا چکا ہے۔ اورگینن کے پیراگراف نمبر ۱۹۴ کے مطابق :-

" ادویات کا بیرونی استعمال نہ تو حاد امراض کے لیے فائدہ مند ہے اور نہ ہی کرانک امراض کے لیے ان کی کوئی افادیت ہے، خواہ یہ ادویات خصوصی شفا بخش قوتوں کی حامل ہی کیوں نہ ہوں حاد قسم کے بیرونی امراض مثلاً کسی حصّۂ جسم کی سوزش اور سرخ باد جیسی بیماریاں کسی بیرونی چوٹ یا زخم سے پیدا نہیں ہوتیں بلکہ اندرونی ڈائیسک دجرات کی بنا پر پیدا ہوتی ہیں۔ اسلیئے ہومیوپیتھک دوا کے اندرونی استعمال سے یہ بڑی جلدی شفایاب ہو سکتی ہیں اگر دوا کا انتخاب آزمائش شدہ ادویات سے احتیاط سے کیا جائے۔"

ایک جدید ہومیوپیتھک رسالے میں ہمارے مشہور ترین مشیروں میں سے ایک نے بیرونی ادویات کے استعمال کی حمایت میں وکالت کی، لیکن اس طریقۂ علاج کے خلاف ہانیمن نے نہایت سخت الفاظ استعمال کئے ہیں اور گینن کے پیراگراف ۱۹۶، ۱۹۷ اور ۱۹۸ میں مرقوم ہے۔

بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بیرونی امراض کے شفائی عمل میں دواؤں کے اندرونی استعمال کے ساتھ ساتھ بیرونی طور پر دواؤں کا استعمال شفائی عمل کو تیز کرتا ہے اور صحیح ہومیوپیتھک دوا جو علامات کی بنیاد پر منتخب کی گئی ہو اس کا براہ راست بیماری پر استعمال ممکن ہے بیماری کی حالت کو بہتر بنا سکتا ہے۔

لیکن اس قسم کا طریقۂ علاج انتہائی قابل اعتراض ہے نہ صرف سورا کے اثرات کے لیے بلکہ سفلس اور سائیکوسس جیسی بیماریوں کے لیے بھی ان کا بیرونی استعمال نہایت غلط ہے کیونکہ ادویات کے اندرونی استعمال کے ساتھ ساتھ ادویات کا بیرونی استعمال نہایت غلط نتائج مرتب کرتا ہے، کیونکہ ایسی بیماریوں میں جن میں ایک علامت نہایت نمایاں طور پر بیرونی مرض کی صورت میں نمودار ہوئی ہو تو یہ بیماری عام طور پر اس مخصوص حصّے پر مرہم لگانے سے جلد رفع ہو جاتی نسبتاً اندرونی مرض کے اور اس طرح اس گروپ کے تاثر کو تقویت ملتی ہے کہ مرض مکمل طور پر شفایاب ہو گیا۔ بہر صورت مرض کا قبل از وقت بیرونی ادویات کے

اثر سے غائب ہو جانا اسہال کے سمجھنے کو بہت مشکل بنا دیتا ہے کہ دوا کے اندرونی استعمال سے مرض مکمل طور پر دور ہو گیا ہے یا نہیں۔

اسی وجہ سے ایسی دوا جو اندرونی طور پر استعمال کئے جانے کے لئے شفائی خصوصیات رکھتی ہو اُسے ہرگز بیرونی طور پر انک میانم کے لئے استعمال میں نہیں لانا چاہیئے۔ کیونکہ ایسا کرنے سے ہم دوا کے اندرونی عمل کے بارے میں یقین سے ہرگز نہ کہہ سکیں گے کہ اس کے بیش بہا مفید نتائج نے بیماری کو مکمل طور پر ختم کر دیا ہے یا اس کے بیش بہا مفید نتائج نے مرض کو مکمل طور پر ختم کر دیا ہے یا اس کے بیرونی استعمال نے مرض کو صرف ظاہر آشفایاب کر کے دبا دیا ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہانیمن کے پیروکاروں کی کارروائی کے تعامی یعنی بیرونی استعمال کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیا یہ ضروری ہے کہ کرانک بیماریوں مثلاً کسی سوزاکی مرض سوریاسس (PSORIASIS) کی تکلیف دہ حالتوں میں۔

صرف پوٹینشیئیٹرڈ دوا پر ہی انحصار کریں؟

اور کیا انتہائی کمیلی ہی یقینی علامت ہوتی ہے جس کی بنا پر دوا تجویز ہو سکتی ہے؟

اور ادویات کے بیرونی استعمال کا مطلب کیا ہے؟

اگر بیرونی استعمال سے مراد صرف مرض کو دبا دینا ہے تو ہانیمن کے نزدیک یہ بات بالکل سودمند نہیں ہے، لیکن اگر ہم بیرونی استعمال کی بنیاد طبعی اصولوں (Physical Principles) پر رکھیں تو پھر اس سلسلے کے بارے میں سوچا جا سکتا ہے، مثلاً سوزاکی اور اسفرج کے دوسرے اقسام میں جلد سے جو چھلکے اترتے ہیں ان سے جلد پھٹ سکتی ہے۔ یہ ایک قسم کی شدید خارش کا نتیجہ ہوتا ہے، اور یہ خالصتاً ایک مکینیکل بگاڑ ہے اور اس بگاڑ کو زیتون کے تیل سے ختم کیا جا سکتا اور بعد میں صفائی کے لئے نہایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح سر جلاد کی صورت میں جہاں جسم میں انتہائی کھنچاؤ اور خشکی آجاتی ہے، ایسی حالت کو بیرونی عمل سے کچھ دیر کے لئے سکون بخشا جا سکتا ہے اور اسفرج ہانیمن کے قانون کی خلاف ورزی بھی نہیں ہوتی، یعنی اس صورت میں کچھ دیر کے لئے ایسے نرم کپڑے پہننے سے جو عام نکسے کے علاوہ میں لایا گیا ہو۔ اسی قسم کے علاج بیرونی ادویات میں شمار نہیں ہوتے اور نہ ہی یہ ان ہدایتوں اور طریقوں میں شامل ہیں جنہیں ہانیمن قابل لعنت کہتے تھے۔

Scanned by CamScanner

ادویات کے بیرونی استعمال کے بارے میں ایک صورت اور بھی ہے جو قابل توجہ ہے۔
اور جس کا تعلق جسم کے درجہ حرارت سے ہے مثلاً کسی ایسے مریض کو بیرونی طور ٹھنڈک پہنچانا نہایت قابل اعتراض ہوگا جو رسٹاکس کا مریض ہو۔ اسی طرح کسی پلسٹیلا کے مریض کے جسم کو بیرونی گرمی پہنچانا اس کی تکلیف میں اضافہ کرنے کے مترادف ہے۔ اسی طرح سلفر کے مریض کے پاؤں کو گرم پانی کی بوتل سے حرارت پہنچانا بھی غلط ہے، لہذا کوئی بھی اسطرح کا سکون آمیز معاون استعمال کرتے وقت مریض کے جسم کے درجۂ حرارت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔

صرف ایک صورت ایسی ہے جس میں پوٹینائیزڈ دوا کو بیرونی پر استعمال کرنے میں فائدہ ہو سکتا ہے اور وہ صورت یہ ہے کہ جب مریض کو بذریعہ منہ دوا دینا ممکن نہ ہو۔ یہ بیان ہانیمن کے اس مشاہدے پر مبنی ہے کہ جسم کی لعاب دار سطحیں اور پھٹی ہوئی یا ننگی جلد دواؤں کو جذب کرنے کی خصوصیت رکھتی ہیں۔ لیکن ان کی یہ جاذب خصوصیت انہضامی نالی کی انجذابی خصوصیت سے کم ہے اور گنین کے پیراگراف ۲۹۰، ۲۹۱، ۲۹۲ میں درج ہے۔

معدہ کے علاوہ منہ اور زبان بھی دواؤں کے اثر کو قبول کرنے کی خصوصیت رکھتے ہیں۔ ناک کے استر کی جلد میں یہ خصوصیت بہت زیادہ ہے۔ اسی طرح رکٹیم (مقعد) جنسی اعضاء اور اسی طرح کے دوسرے جنسی اعضاء تقریباً یکساں طور پر ادویات سے متاثر ہوتے ہیں۔ اسی طرح اسی وجہ سے چھلی ہوئی یا کٹی ہوئی جلد زخمی حصہ جسم یا وہ حصہ جہاں سے چھڑنے ہوں ادویات کے جسم میں داخل ہونے کیلئے اسی طرح کام دیتے ہیں۔ جسطرح منہ۔ لہذا اسی طرح سالس کے اندر کھینچنے اور سونگھنے سے بھی یہ مقصد پورا ہو جاتا ہے۔

جسم کے ایسے اعضاء جو اپنی قدرتی حس سے محروم ہوں مثلاً زبان اور تالو میں ذائقہ کی حس کی غیر موجودگی ان اعضاء پر عمل کرنے والی دوا کے اثرات کو نہایت جامع اور مکمل انداز میں دوسرے اعضاء تک منتقل کرنے کی خصوصیت رکھتے ہیں حتیٰ کہ جسم کی جلد بیرونی سطح جو جلد سے ڈھکی ہوتی ہے ادویات کے اثر کو خاص طور پر مائع ادویات کے اثر کو قبول کرنے کی خصوصیت رکھتی ہے اور جلد کے زیادہ حساس حصے اس خصوصیت کے زیادہ حامل ہوتے ہیں۔

یہ ایک ایسا مضمون ہے جو کئی ہر مبتدی معالجین کے لئے پوری طرح واضح نہیں ہے۔ اسی وجہ

بہت سے معالجین ہر روز طور پر ادویات کا استعمال کرواتے ہیں [illegible] کے فوائد [illegible]

کو تسلیم کرلیا گیا ہے۔

کئی چیزیں ہیں جن کا معالجین عام استعمال کرتے ہیں۔ ان میں سے کئی کو پھنسانا ایک مستند معالج کے لئے ضروری ہے۔ یہ طریقے صرف عام معالجین کا وطیرہ ہی نہیں بلکہ وہ معالجین جو مختلف فضیلتوں کے حامل (ENT/GP/Gyn) کہلاتے ہیں۔ ان طریقوں کو اپنائے ہوئے ہیں۔ ان قابل اعتماد طریقوں میں سے ایک طریقہ جو مریضوں کے لئے نہایت تکلیف کا باعث بنتا ہے، وہ انعقاد (Suction) پر ہے۔ (مواد کو رد کرنے والے چھڑکاؤ) جن میں اکثر اوقات مائی مادے شامل ہوتے ہیں۔ خاص طور پر ناک سے متعلقہ

۸ پیرے اور [illegible] کی صورت میں جسم [illegible] ہیں۔ اس قسم کے چھڑکاؤ یا پھر سے جسم کی رطوبتوں کے اخراج یا کو روک دیتے ہیں۔ اس قسم کے چھڑکاؤ ناک کے اندرونی سوراخ اور اسی طرح کے قدرتی راستے بند کر دیتے ہیں۔ اسطرح جب قدرتی اخراجی مواد روک دیئے جاتے ہیں۔ تو پھر پھوڑے اور ابھار پیدا ہونے کے لئے حالات سازگار ہو جاتے ہیں کیونکہ اس طرح نمی اور حرارت کے میسر آنے سے جراثیموں کی نشوونما کا بندوبست ہو جاتا ہے اور جراثیموں کی پرورش کے لئے اس سے بہتر جگہ نہ تو انکیوبیٹرز میں اور نہ ہی تجربہ گاہوں میں میسر آسکتی ہے۔

ہر شخص کے لئے ناک اور گلے کے خیر فطری اخراجات کے لئے انفرادی مشابہ دوا کا استعمال ضروری ہے اور گلے اور ناک کے اخراجات کو روکنے کیلئے بیرونی ذرائع استعمال کرنا خطرے سے خالی نہیں ہوتا بلکہ یہ بات زیادہ بہتر ہے کہ اُن کے قدرتی دور کو مکمل ہونے دیں بغیر دوا استعمال کے بجائے اس کے کہ اُن کے قدرتی بہاؤ کو دواؤں کے استعمال سے روکا جائے۔

ماہرین کے پیروکار اس اصول پر کاربند رہ کر سکون اور حیلہ پاتے ہیں۔ اور وہ اپنے مریض کو قدرتی انداز میں ان برداشت ہوئی تکالیف سے شفایاب ہوتا دیکھتے ہیں۔

میں نیو انگلینڈ میں تقریباً ۳۰ سال سے پریکٹس کر رہا ہوں اور اس پریکٹس کے تمام دوران میں نے دیکھا کہ وہاں ناک کی تکلیف عام ہے لیکن میری پریکٹس میں ایک بھی مریض ایسا نہیں گزرا جو میرے علاج کے بعد جراثیمی انفیکشن سے گرفتار ہوا ہو۔ اگرچہ کہ دوسرے معالجین کی جانب سے علاج کے بعد

Scanned by CamScanner

ہوئے کیس میرے پاس آئے لیکن میں نے کبھی بھی اسطرح کا بکا ان مریضوں میں نہ دیکھا جن میں مسلسل
دوا نے شفایاب کیا تھا۔

ایک اور شعبہ جہاں ادویات کے بیرونی استعمال سے بہت نقصان ہوتا ہے وہ گائناکولوجی ہے
(بچہ پیدا کرنے سے متعلق) اس قسم کی بہت سے مریضاؤں میں لیکوریا کا اخراج انتہائی تکلیف دہ ہوتا
ہے۔ سپیشلسٹ ایسی مریضہ کو اسٹرنجنٹ کے چھڑکاو کی ہدایت کرتے ہیں۔ اسٹرنجنٹ ڈوشز (مواد کو روکنے
والی) اور اس اخراج کی مقدار کو دبا کر کم کر دیتے ہیں اور اکثر و بیشتر ان کی فوری طبیعت ہی بدل دیتے ہیں۔ یہ بات
مریض کو بھلی معلوم ہوتی ہے کیونکہ اس سے پہلے علامات کی شدت فوراً ختم ہو جاتی ہے۔ اگر ہم بنیادی قانون سے
بے بہرہ ہوں تو پھر تو اس قسم کا طریقہ اپنانے کو بہت جی چاہتا ہے لیکن اس قانون کی رو سے ہم جانتے ہیں کہ
ان مادوں کا اخراج دراصل قوت حیات کا انتہائی مہربان طریقہ سے اظہار ہے جس سے مریض کی آئندہ صحت
بحال ہوگی، لیکن جب ہم غیر طبیعی طریقوں سے قوت حیات کو معطل کر دیں تو پھر یہ اپنا اظہار فطری راستوں کی
بجائے کوئی اور راستے منتخب کرتی ہے۔

اسی طرح بدبو کو دور کرنے والی بیرونی استعمال کی ادویات، پسینے کی خصوصیات کو بدل دیتی ہیں یہ بات
انتہائی قابل اعتراض ہے کیونکہ یہ جسمانی نظام میں ایسی بندش پیدا کر دیتی ہیں جو جسم کے لئے نہایت زہریلی
اور خطرناک ہوتی ہیں۔ ایسی حالت کا علم ڈاکٹر کو نہیں ہونے پاتا مگر اتفاقاً اسے معلوم ہو سکتا ہے یا پھر اگر وہ ایسی
بدلی ہوئی حالت کے بارے میں خبردار رہے تو یہ بات ممکن ہو سکتی ہے۔

اسی طرح سرجری کا اندھا دھند استعمال یا پھر مریض کے جسم پر آیوڈین لیپ دینا نہایت قابل اعتراض ہے یہ
دوا لیپ دینے کے دو نقصانات ہیں پہلا تو یہ ہے کہ وہ جسم میں جذب ہوتی ہے اور دوسری بات یہ کہ دوا
کا بیرونی استعمال اکثر جسمانی تکلیف پیدا کر دیتی ہے۔ بہت سے مریض ادویات کے لئے بہت حساس ہوتے ہیں۔
اور آیوڈین کا اس طرح استعمال غیر شعوری طور آیوڈین کی پروونگ کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے اس طرح ایک شخص
جست کے لئے بہت حساس تھا اور جست کے استعمال سے اس کے جسم میں جسمانی ساخت سے متعلق تبدیلیاں
آتی تھیں اسلئے وہ چیچک والے پسٹر لوں کا کم پوڈر کا استعمال نہیں کر سکتا تھا۔

لہٰذا بچے کی پیدائش کے عمل کیلئے میں سختی سے غیر طبیعی [illegible] کی کیونکہ اس خاص
[illegible]
اینٹی سپٹک ادویات کے استعمال کے [illegible]

Scanned by CamScanner

لیکن حقیقت میں ان علامات کا کیس کے ساتھ گہرا تعلق ہوتا ہے کیونکہ یہ علامات بھی اُسی مریض میں نمودار ہوتی ہیں اور اُسی دوران پیدا ہوتی ہیں یا پھر اُن اوقات میں ظاہر ہوتی ہیں جب نمایاں علامات پیدا ہوتی ہیں۔ اگر یہ علامات علم تشخیص الامراض یعنی ہومیوپیتھی کے نقطۂ نگاہ سے غیر اہم ہوں گی تو اس کی اہمیت اپنی انفرادیت کے لحاظ سے اور بھی زیادہ ہوگی۔ وہ علامات جو مریض بیان کرے کم اہمیت کی حامل ہوتی ہیں اور دوا کے انتخاب میں اتنی معاون نہیں ہوتیں لیکن دوسری قسم کی علامات جنہیں (غیر اہم) (SUBSIDIARY OR CONCOMITANT) کہا جاتا ہے " SIMILLIMUM " کے انتخاب کو آسانی کر دیتی ہیں۔

علامات کا وہ گروپ جو مریض اپنی تکلیف کی اصل وجہ کے طور پر بیان کرتا ہے۔ ان پر دوا کے انتخاب کے لئے انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ علامات کا دوسرا گروپ (CONCOMITANT) متلازمات اور دوسری اہم علامات کے ساتھ مل کر دوا کے انتخاب کو یقینی بنا دیتا ہے اور اس سلسلے میں استعمال ہونے والی ممکنہ ادویات کی تعداد کو اس قدر کم کر دیتا ہے کہ ہم ان ادویات اور علامات کے تجزیے سے اس گروپ سے بہتر کسی خلل کے (SIMILLIMUM) کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر اگر ایک مریض اپنی ممتاز یا اہم علامت کا اظہار اس طرح کرتی ہے کہ اس کی بیخوابی (INSOMNIA) میں درد ہے تو اس واحد علامت کی بنا پر ہم اس کے لئے دوا کا انتخاب نہیں کر سکتے کیونکہ ہومیوپیتھک میٹریا میڈیکا میں بیخوابی سے نامزد ادویات اس تکلیف کیلئے ایسی علامت رکھتی ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی مریض سر کے بوجھل ہونے کی شکایت کرتا ہے تو اس واحد علامت پر ہم اس کے لئے دوا تجویز نہیں کر سکتے کیونکہ سر کے بوجھل پن کی علامت ۱۵۰ سے زائد ادویات میں موجود ہے۔ اس طرح کی اور بہت سی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں جن میں ایک واحد علامت ہے ہمیں ادویات کی دلدل میں پھنسا دے گی اور ان ادویات میں سے کوئی دوا بھی اس تکلیف کو کوئی بخش دے گی مگر صرف ایک دوا ایسی ہوگی جو شفاء سے ہمکنار کرے گی۔

اکثر اوقات چیف کمپلینٹ (CHIEF COMPLAINT) یا ممتاز علامت یا ہو سکتا ہے دوسری معاون علامات سے بالکل متضاد نظر آتی ہے یعنی بیان علامت سے بالکل مختلف ہوتی ہے۔

جو معالج کے استعمار پر مریض بتاتا ہے مثلاً بعض ایک ہی دن میں دو متضاد عرضیات بتاتا ہے جیسے انتہائی حلق خشک، لیکن اسی دن ابتدائی ترشہ ابھی منہ میں پانی آنا کی حالت میں بتاتا ہے۔ وہ ابھال میں مبتلا ہے مگر اس کا احتیاط سے لیا گیا مشاہدہ بتاتا ہے کہ بھی بتاتا ہے کہ ابھال اور قبض باری باری ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ موسموں کی تبدیلی کے ساتھ علامات کا مکمل طور پر تبدیل ہو جانا مثلاً اگر ایک موسم میں جوڑوں میں درد ہوتا ہے تو دوسرے موسم میں اعضاء میں گڑبڑ ہو جاتی ہے۔ ایک وقت تو یرقان کا حملہ ہوتا ہے اور دوسرے وقت آنکھ کی سوجن ہو جاتی ہے (IRITIS) یعنی آنکھ کے رنگین پردے کی سوجن۔ معالج اس طرح کی بہت سی علامات دیکھ سکتا ہے جن میں صرف ایک ہی علامت، ممتاز علامت (یا فوری طور پر تکلیف) ہوگی صرف ایک خالی الذہن معالج ہی مریض کو کہہ سکتا ہے کہ صرف یہی ممتاز علامت ہی قابل غور ہے اور باقی کی علامات کے بارے میں اس طبیب کی رائے منطقی تو ہو سکتی ہے مگر ہومیوپیتھی کا ذہین معالج یہ محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ بارے میٹریا میڈیکا میں بہت سی لفظیات ایسی بھی ہیں جو متضاد علامات کا اظہار کرتی ہیں لہٰذا وہ کسی بھی علامت کو نظر انداز نہیں کر سکتا جیسا کہ بیان مریض دیتا ہے۔

دوا تجویز کرنے کے لئے نوٹس (KEYNOTES) اور رہبر تری کے بارے میں بہت کچھ کہا جاتا ہے اور آجکل بہت سے معالج کیسز کے حل تلاش کرنے کے لئے مخصوص اور غیر معمول علامات کی مدد سے رہبر تری کو کھوں کر حل تلاش کرتے ہیں اگرچہ یہ صرف اسی وقت اور اسی حد تک درست ہے اگر ہم اس کی مدد سے ۱ SIMILLIMUM) تجویز کرنے میں کامیاب ہو جائیں، لیکن اکثر و بیشتر ایسا نہیں ہوتا اور یہ اپنی اہمیت کھو دیتی ہے اگر ہم اس طرح دوا کا انتخاب کریں کہ ہمارے سامنے چند ایک ادویات ہوں جن کی چند علامات پروونگ کے دوران مذکورہ مرض سے مشابہ ہوں تو ان میں سے کسی ایک دوا کا انتخاب کرنے میں "SIMILLIMUM" ہرگز نہیں ہوگا۔

لہٰذا ہمیں کسی بھی صورت علامت کی مجموعی تصویر کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے اور مریض کی ان شکایات کو بھی جن کی وہ اکثر و بیشتر شکایت کرتا ہے نظر انداز کرنا چاہیئے، کیونکہ ان دونوں عناصر کی موجودگی ہی ہمارے

Scanned by CamScanner

لے صحیح راستے کی نشاندہی کر سکیں۔

آیئے کچھ کیسز کا مطالعہ کریں!

ایک نوجوان عورت اعصابی تناؤ کا شکار ہے۔ وہ بتاتی ہے کہ اس کی کمر کے عضلات میں کھنچاؤ ہے اور وہ لنگڑا کر چلتی ہے، وہ بتاتی ہے کہ کھنچاؤ دونوں شانوں کے درمیان اور گردن میں زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ عضلات کے اس کھنچاؤ کا اثر وہ اپنے رخساروں کے عضلات میں بھی محسوس کرتی ہے۔ وہ تکلیف کے بغیر سر کو ادھر ادھر جنبش نہیں دے سکتی۔ نہ وہ اپنے جسم کو جھکا سکتی ہے اور نہ وہ اپنے بازو اوپر اٹھا سکتی ہے خاص طور پر بایاں بازو کیونکہ ایسا کرنے سے اس کی تکلیف میں شدت آجاتی ہے۔

اس عورت کے اس بیان سے آپ کے ذہن میں کتنی ادویات کا خیال آتا ہے جو اس قسم کی حالت سے متعلق ہیں؟ لیکن آپ اس سے نہایت احتیاط سے سوال پوچھنے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تاکہ آپ علامات کے اس گروپ کی زیادہ سے زیادہ علامات اکٹھی کر سکیں کیونکہ آپ دوا کے انتخاب کو چیف کمپلینٹ پر ہی موقوف نہیں کر سکتے اگر آپ اپنے مریض کو شفایاب کرنا چاہتے ہیں ——— اب مزید استفسار کے بعد وہ بتاتی ہے کہ اسکو لیکوریا بھی ہے۔ یہ علامت بھی اسی ادویات کے دائرہ کار میں آتی ہے جن کا تصور آپ کے ذہن میں فوراً آتا ہے لیکن یہ علامت بذات خود، تنہا کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ مزید کریدنے پر مریضہ بتاتی ہے کہ اسے لیکوریا صرف اس وقت ہوتا ہے جب وہ بیٹھی ہوتی ہے اور جونہی وہ کھڑی ہوتی ہے لیکوریا رک جاتا ہے۔ چلتے وقت لیکوریا نہیں ہوتا۔ تو پھر حقیقتاً یہ معاون اور منفرد علامت ہمارے سامنے آتی ہے "لیکوریا صرف بیٹھنے کے دوران"۔

جہاں تک میں جانتا ہوں، وہ صرف ایک دوا ہے جس کی پروونگ کے دوران یہ علامت ملتی

آئی اور وہ دوا ہے بیگو بائیرم (HEPATO-M) ہم پڑھتے ہیں کہ ہومیو پیتھ (HEPATO) استعمال کرنے والا ڈاکٹر آجائے۔ لیکن آپ خاص دوا کی علامات کو دیکھیں اور اُن کا مستند علامات سے تعلق معلوم کریں تو پتہ چلتا ہے کہ اس دوا کی خصوصیات میں ہمیں دونوں ستاروں کے درمیان اور گنڈی میں وصدق کمپلیکس کی علامت ملتی ہے۔ اسی طرح دوسری علامات بھی ملتی ہیں اور وہ علامات جس کا ذکر میں کرتا ہے جو ہمیں وہ منفرد اور نہایت اہم علامت ملتی ہے جو کہ بیگو بائیرم کی مخصوص علامت ہے یعنی "بیگو ربا مرض بیٹھے کے دوران" اور اس سے ہم بغیر کسی شک و شبہ کے یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس مرض کی دوا "بیگو بائیرم" ہے۔

اس کیس میں سب سے نمایاں علامت عضلات میں کھچاوٹ اور جکڑاہٹ تھا لیکن منفرد اور معاون علامت بظاہر نمایاں علامت کے منحصر تھی یعنی بیگو ربا کی کھڑے ہونے اور چلنے سے زیادتی، بیٹھنے سے۔ یہ وہ معاون CONCOMITANT علامت تھی جس نے دوسری عام علامات کے ساتھ مل کر دوا کو منتخب کرنے کو یقینی بنایا۔

اسی طرح پرانے درد کا ایک کیس مثال کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ مریض مخصوص علامات کے بارے میں بتاتا ہے کہ کس طرح اسے ظہر ابتدا ہوتی ہے دم گھٹنے کا احساس ہوتا ہے اور اسی طرح کی دوسری علامات بتاتا ہے جس سے درد کا مرض ظاہر ہوتا ہے ہم ان علامات کی بنا پر دوا کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ان علامات کو پہلے بہت سی اولیت دی جا سکتی ہیں۔ اس بات کا جواب دیا جا سکتا ہے کہ اس مرض کی بیان کردہ نمایاں علامت کو کیس کے حل کرنے میں کس حد تک اہمیت دی جا سکتی ہے اس کی کچھ نہ کچھ بات کر دیا جاتا ہے۔ جلغم نکالنے سے اسے کچھ آرام محسوس ہوتا ہے۔ اس کے ہاتھ اور پاؤں ہلکے کی وجہ ٹھنڈے رہتے ہیں۔ ان باتوں سے متوقع اولیت کی لسٹ میں کمی بیشی ہو سکتی ہے لیکن ابھی بھی وہ علامات سامنے ہیں آئی جن سے ان متوقع باتوں میں سے کا انتخاب کیا جائے۔ مریض بتاتا ہے کہ جب کبھی سانس میں آنے تو اسے سر کا درد بڑھ جاتا ہے اور حرکت کے بعد وقت اضافہ کرتا ہے جو اس میں کمی کا کہنے کے ہوتا ہے۔ مریض بتاتا ہے

Scanned by CamScanner

کرتا ہے۔ عام طور پر دوا کے [illegible] کہتا ہے مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے [illegible] ہوئے سیسے کی نمک جیسا ہوتا ہے، مجھے ہر دم کھٹے کا احساس ہوتا ہے اور [illegible]

ان علامات کے ساتھ صرف دو ادویات کا بیان آتا ہے سیپیا اور میسی نیلا MANGINEASA میسی نیلا کی پروونگ کے دوران پروورے بالکل ایسی ہی علامات کا اظہار کیا تھا جبکہ سیپیا کی علامات ان علامات سے قریبی تعلق رکھتی ہیں۔ دونوں ادویات کا علامات کے لحاظ تقابلی میں یہ فیصلہ کرنے پر مجبور کرتا ہے کہ اصل دوا میسینیلا ہی ہے۔

بوننگسن (BOENNINGHAUSEN) نے ایک مرتبہ ایسا مضمون لکھنے پر انعام مقرر کیا جس میں بخار کے دوران پیدا ہونے والی علامات کی اُن کی زیادہ یا کم اہمیت کے لحاظ سے اس طرح ترتیب کی گئی ہو کہ اس مضمون کو علاج کے لئے منتخب کی جانے والی دوا کے لئے نمونے کے طور پر استعمال کیا جا سکے۔ لیکن دنیاہ ہومیوپیتھی کی تیس سال تک خاموشی دیکھنے کے بعد بوننگسن نے بذات خود اس سوال کا نہایت معقول جواب ڈھونڈ لیا۔ اس کے جواب کی بنیاد ہانیمن کے فرمودہ نمبر ۱۵۳ سے متعلق آرگینن آف میڈیسن کے پانچویں ایڈیشن سے ہے۔ اور جیسا کہ بوننگسن نے اس پیراگراف کا حوالہ دیا ہے تو اس پیراگراف سے یہ معلوم ہوتا ہے اس میں بوننگسن کے جواب کا اصل جوہر پایا جاتا ہے اور یقیناً یہ جواب پہلی تجویز کہلانے کا حق دار ہے۔

پیراگراف نمبر ۱۵۳ میں مرقوم ہے کہ مخصوص ہومیوپیتھک دوا کے لئے جو قدرتی امراض کے لئے منتخب کیا جاتے تو مرض کے مجموعہ علامات کا معلوم الاثر ادویہ کی فہرست سے مقابلہ کرنے کے لئے مریض میں موجود زیادہ نمایاں منفرد۔ غیر معمولی اور خصوصی علامات کو محفوظ رکھنا ضروری ہے تاکہ ان میں سے ایسی دوا منتخب ہو سکے جو کہ زیر علاج مرض کے مکمل مشابہ علامات رکھتی ہو۔ خصوصی علامات اور منتخب کی گئی دوا کی خصوصیات میں مماثلت ہونا ضروری ہے تاکہ تجویز کردہ دوا صحت کو بحال کرنے کیلئے مناسب بھی ہو اور بنیادی عام اور غیر معمولی علامات شفا ہونے کا نہ ہونا ضرور کر دیں۔ نیز یہ

بے چینی اور بے آرامی وغیرہ جیسی علامات اگر مبہم اور عام صورت میں پائی جائیں تو ان کو
اہمیت نہیں ہوتی کیونکہ جب تک یہ علامات زیادہ واضح اور نمایاں طور پر بیان نہ کی جائیں تو اس قسم کی عام
علامات تو تقریباً ہر مرض میں موجود ہوتی ہیں اور اسی طرح ہر دوا کی علامات میں شامل ہوں گی۔ اس کے
کے حوالے کے بعد ہنیمن اپنی بات جاری رکھتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"یہ بات معالج پر منحصر ہے کہ وہ اس معاملے پر غور کرے کہ کون سی علامات مؤثر، خاص، غیر معمولی اور
مخصوص ہیں اور اسباب کی تعریف کے بارے میں مزید تفصیل بیان کرنا مشکل ہوگا کیونکہ یہ بات ایسی مشکل
نہیں کہ سمجھ نہ آسکے اور یہ بات اتنی جامع اور مکمل ہے کہ تمام کیسز کے لئے استعمال ہو سکتی ہے۔

یہ بات صاف ظاہر کرتی ہے کہ ہانیمن نے کبھی بھی دوا تجویز کرنے کیلئے اپنی توجہ KEY NOTES
کی نوٹس کی طرف نہیں کی، انہوں نے اس بات کی تلقین کی ہے کہ بہت عام قسم کی علامات MOST
GENERAL SYMPTOMS کو بہت زیادہ اہمیت دینے کی ضرورت نہیں۔ ہانیمن نے کسی بھی کیس میں
دوا تجویز کرتے وقت علامات کو کبھی بھی نظر انداز نہیں کیا۔ اُن کے اندر یہ خاصیت موجود تھی کہ وہ ہر علامت
کو اس کی مناسب قدر و قیمت سے پہچانتے تھے اور اس طرح علامات کے مجموعے کی تصویر کو ہرگز نہیں بگاڑتے
تھے یہ بات بعید از قیاس ہے کہ ہانیمن نے بھی کی نوٹس (KEY NOTES) سے استفادہ کیا ہو جو ہومیو
پیتھی کے علم میں یہ بات بھی نہیں کہ ہانیمن جو کہ ایک مکمل ذہن کے مالک تھے جیف علامات کو نظر انداز کر کے علامتی
تصویر مکمل کرتے تھے۔

ان دو نقاط کے درمیان موجود سنہری ذریعہ ہی ہمارا راستہ ہونا چاہیئے یعنی ایک طرف نہایت عام قسم
کی علامات THE GENERAL اور دوسری طرف نہایت انفرادی قسم کی علامات - THE INDIVI-
DUAL - ہمیں اصلی مجموعہ علامات THE TOTALITY کی طرف لے جائیں گی اگر ہم ایسی دوا تجویز
کریں جس میں انتہائی مؤثر، خاص غیر معمولی اور مخصوص علامات ہوں اور اس کے علاوہ اگر ہمیں ممتاز نمایاں
علامات CHIEF SYMPTOMS بھی شامل ہوں تو پھر ہمارے پاس [illegible] تجویز کرنے
کی نہایت مضبوط بنیاد موجود ہوگی۔ ——————

باب ۱۳ (۱۵)

دوا کی خوراک

THE DOSE.

ایک وقت میں دوا کی کتنی مقدار استعمال کرنی چاہیے؟ یا پھر اس سوال کے جواب میں کہ دوا کی خوراک کتنی ہونی چاہیے؟ ان باتوں کے جاننے ہومیوپیتھی کی تاریخ کے مارے میں علم ضروری ہے کیونکہ مقدار خوراک دوا کے مسئلے کے مارے میں یہی تاریخ روشنی ڈالتی ہے۔

ہانیمن سے پہلے، درحقیقت اس کے کام کے ابتدائی دنوں میں خوراک دوا کی اہمیت کی حامل سمجھی جاتی تھی اور عام دوائیں بہت بڑی بڑی خوراکیں مریض کو شفایاب کرنے کے لئے استعمال کی جاتی تھیں۔ تمام معالج علاج کے لئے بڑی بڑی خوراکیں استعمال کرتے تھے اور چونکہ ہانیمن بھی اس وقت کے بہترین تربیت یافتہ تھے لہذا اپنے پیشے کے ابتدائی دنوں میں انہوں نے بھی اپنے پیشرو معالجین کی تقلید کی حتیٰ کہ ہانیمن نے قانون شفاء کی روشنی پالینے کے بعد بھی بڑی بڑی خوراکیں دینے کا سلسلہ جاری رکھا اور یہ بات یاد رہے کہ انہوں نے کروڈ خام، اور قوت کی بڑی بڑی خوراکوں سے علاج کیا، مگر پھر انہوں نے نہایت ہی قوی مشاہدے اور تجربات کے بعد یہ معلوم کر لیا کہ اس طرح دوا اور قوت کے اثرات پیدا کرنے کا موجب بن رہے ہیں۔ جہاں تک مکمل شفاء کے جب ہانیمن کو اس بات کا یقین ہو گیا تو انہوں نے خوراک کی مقدار کو کم سے کم کرنا شروع کیا اور نتائج پر غور کیا تو انہیں معلوم ہوا کہ دوا کی مقدار جتنی کم استعمال کی جائے اتنے ہی زیادہ شاندار نتائج پیدا کرتی ہے۔ قلیل المقدار خوراک دوا کے بارے میں ہانیمن نے تجربات اس وقت شروع کئے جب انہوں نے مرض کے ڈائنمک پہلو کو دریافت کر لیا، کیونکہ اس دریافت کے بعد ان کے منطقی ذہن نے دوا کی بڑی بڑی خوراکیں استعمال کرنے کے نتائج کو (ڈائنمک ایکشن) کی نظر سے

Scanned by CamScanner

مطالق بکھا ہوگا اسو [illegible] ڈالنے سے صحت یابی حاصل ہو [illegible] سے استعمال
ہونے والی دوا [illegible] ہوجاتے ہیں [illegible] قوت کے حامل ہونے کی وجہ سے

اس [illegible] جیسے جیسے [illegible] صحت سے [illegible]
ادویات سے [illegible] ہوتے ہیں [illegible] اور [illegible] سے
[illegible] سے [illegible] توڑنے کے لئے [illegible] آہستہ آہستہ قلیل المقدار دوائیں [illegible] ہوتے ہوئے ان دواؤں
[illegible] اس سے [illegible] تعین [illegible] احتیاط کی

مذکورہ قلیل المقدار جراثیم استعمال [illegible] عام کرانے [illegible] مسلسل [illegible] تجربے [illegible] اس سے
[illegible] کے لئے [illegible] صرف اپنے کراہیت کے دیرینہ بیماروں سے [illegible] صحت یابی [illegible] کے قائل تھے
کیونکہ اس بات میں [illegible] مادی، [illegible] اور [illegible] کی حالت کے اظہار کو [illegible] تصور کیا جاتا تھا اور اسے
فوری مرض کی [illegible] علامات سے مرض کا [illegible] لگانے سے قاصر تھے۔

نوٹ: قلیل المقدار دوا کی جراثیم کی توانائی [illegible] آہستہ آہستہ تسلیم کیا جائے گا حتیٰ کہ ایٹومیتی علاج سے حاصل شدہ
سائنسی تجربہ گاہوں میں اس سلسلے میں تحقیقات ہو رہے ہیں۔ آہستہ آہستہ دوا کی جراثیم دوا کو بھی استعمال
کرائے گے جو کبھی قلیل المقدار دوا کے پُراثر ہونے سے انکار کرتے تھے۔ بہت سی مشہور ہومیوپیتھی اس
اصول پر چلتے ہوئے عام معالجین نے استعمال کی دوائیں تیار کرنا شروع کر دیا ہے اور ہومیوپیتھی ادویات
کی تیاری اور لیبارٹری کے صدوں کا علاج ہی جراثیم کی مثال ہے اور ایلوپیتھ نے ڈاکٹروں کو
طاقت کے بارے میں جو انکشافات کئے ہیں وہ بھی اسی سے متعلق ہیں اس سلسلے میں حاصل شدہ
ڈوز پر کئے گئے تجربات کے [illegible] کہ اگر ڈاکٹر ڈوز کی یکساں مقدار کی دو کرشن پر سے اگر ایک
کو تین ٹریلین حصوں میں اور دوسری کرشن کو بچاس ہزار حصوں میں تقسیم کیا جائے جراثیم میں سے ایک
ایک حصہ کو استعمال کرایا جائے تو تین ٹریلین حصوں میں تقسیم کئے گئے کرشن کا ایک حصہ تک کے عمل
کے لئے تھا۔ جس خصوصیات کا حامل ہوگا جبکہ بچاس ہزار حصوں میں تقسیم کئے گئے کرشن پر
ایک حصہ انتہائی خطرناک [illegible] کا حامل ہوگا اور [illegible] پیدا ہونے کا سبب بنے گا

اس تجربے سے ہانیمن کی قلیل المقدار دوا کی شفا بخش قوتوں اور دوا کی زیادہ مقدار کی مضر خصوصیات کا ثبوت ملتا ہے۔

مندرجہ بالا مثال سے آرنڈ شلز کے عمل اور ردِ عمل کے قانون کا بھی اظہار ہوتا ہے اور اس طرح ہمیں ہانیمن کے نتائج کی جامعیت اور یکسانی کا ثبوت ملتا ہے۔ اس سلسلے میں ہانیمن کی آرگنن آف میڈیسن کے پانچویں ایڈیشن کا حوالہ دوا کی خوراک کے بارے میں دیا جا سکتا ہے۔ ہانیمن کی اس کتاب کا ہر ایڈیشن دوا کی قلیل مقدار کو مزید قلیل بنانے کی طرف ایک قدم تھا۔

آرگنن کے پیراگراف ۱۱۲ میں تحریر ہے کہ پرانے نسخوں کے مطابق مضر اثرات کی بڑی بڑی خوراکیں استعمال کرائی جائیں تو افسوسناک عمل کی امید نہیں ہوتی مگر اس کے خاتمے پر دیکھنے میں آتا ہے کہ ان ادویات سے ایسی کیفیت اور اثرات پیدا ہوتے ہیں جو ابتدائی حالت میں نمودار ہونے والے اثرات سے بالکل متضاد ہوتے ہیں۔ یہ علامات ابتدائی عمل کی علامات سے بالکل مختلف ہوتے ہیں اور ان کے اثرات قوتِ حیات پر مناسب عمل کے اثبات سے بالکل مختلف ہوتے ہیں۔ لیکن اگر دوا کی مناسب مقدار کی خوراکیں استعمال کی جائیں یعنی کسی تندرست انسان پر آزمائش کے لئے ان کا استعمال کیا جائے تو ہمیشہ قطعاً ایسی علامات کا نام و نشان تک نہیں ملتا اور ہومیوپیتھک طریقۂ علاج کے دوران زندہ انسانی جسم ان چھوٹی چھوٹی خوراکوں کے زیرِ اثر صرف اتنے ردِ عمل کا اظہار کرتا ہے جتنا کہ غیر صحت مند بنانے کے لئے درکار ہوتا ہے۔

آرگنن کے پیراگراف نمبر ۱۲۸ میں درج ہے کہ جدید ترین تجربات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ تمام ادویات استعمال کی جائیں تو وہ اپنی پوشیدہ قوتوں کا اظہار ہرگز اس حد تک کرنے سے قاصر ہوتی ہیں جتنا کہ ادویات کو عملِ تقلیل سے باریک پیس کر یا جھٹکے دیکر اونچی طاقتوں کی شکل میں استعمال کرنے سے ہوگا۔ اس عمل کے نتیجے میں تمام ادویات کے مخفی پوشیدہ اور خوابیدہ تو انائیاں ناقابلِ یقین حد تک اپنی قوتوں کا اظہار کرتی ہیں۔

آرگنن کے پیراگراف نمبر ۱۵۶ کے مطابق۔ کوئی بھی ہومیوپیتھک دوا جس کا انتخاب تربیت یافتہ

سے کیا ہو سکتی ہے اسے اس حد تک کم مقدار خوراک کی شکل میں استعمال کرنا چاہیے تو وہ دوا کی الحس مریض کے اندر کم از کم ایک خصوصی قسم کا احساس یا بیمار ایک ہی قسم کی علامت پیدا کر دے گی۔

آرگینن کے پیراگراف نمبر ۱۵۷ میں درج ہے کہ خواہ ایک ہومیو پیتھ منتخب شدہ دوا کی قلیل المقدار خوراک اور موزونیت کے لحاظ سے اس قابل ہوتی ہے کہ وہ اپنے مخصوص بیمار مرض کی علامات کو ختم کر دے۔ مگر ایسی دوائی بڑی بڑی خوراکیں مرض میں جو شدت پیدا کریں گی وہ کئی گھنٹوں تک باقی رہیں گی مگر حقیقتاً یہ تو دوا کے ایسے اثرات ہوتے ہیں جو اپنی شدت میں اپنی بیماری کے اثرات سے کچھ زیادہ مگر نوعیت کے لحاظ سے اثرات مرض کے مشابہ ہوتے ہیں۔

آرگینن کے پیراگراف نمبر ۱۵۹ میں مرقوم ہے:۔

ہومیو پیتھک دوا کی خوراک جتنی چھوٹی ہوگی، مرض میں شدت کا اظہار اسی قدر کم اور قلیل المعیاد ہوگا۔

پیراگراف نمبر ۱۶۰ میں درج ہے کہ چونکہ ہومیو پیتھک دوا کی خوراک کو اس حد تک قلیل المقدار نہیں کیا جاتا کہ وہ کسی نئے قدرتی مرض پر غالب نہ آ سکے اور اسے شفا بخشنے کے قابل نہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہومیو پیتھک ادویہ کی ایک نسبتاً کم قلیل المقدار خوراک استعمال کرائے جانے کے تقریباً ایک گھنٹہ بعد ہومیو پیتھک شدت مرض پیدا کرنے کے قابل ہوتی ہے اور اس شدت مرض کو محسوس کیا جا سکتا ہے۔

ہانیمن کرانک امراض کے بارے میں بیان کرتے ہوئے اس بات کو اسطرح اہمیت دیتے ہیں کہ۔

جب مرض میں شدت پیدا ہونے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی علامات بعد میں بھی اسی شدت سے نمودار ہو جائیں یا اُن کی شدت میں پہلے سے بھی اضافہ ہو جائے تو یہ امر اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ انٹی سورک دوا کی مقدار بہت زیادہ تھی خواہ یہ دوا درست منتخب کیوں نہ کی گئی ہو۔ اور اس حادثہ کا حادثہ ہوتا ہے کہ شفاء کا عمل نہیں ہو سکے گا۔ کیونکہ زیادہ مقدار میں دوا کھلانے سے جیسا مرض لاحق ہو جائیگا جو کچھ کی نوعیت کے لحاظ سے قدرتی مرض کے مشابہ لیکن اپنی شدت کے لحاظ سے کہیں زیادہ اور ڈھکر طبیعت کا باعث بن جاتا ہے اور پرانے مرض کو ختم ہونے کے ناقابل ہوتا ہے یہ صورت حال اس حقیقت کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے کہ جب دوا کو زیادہ مقدار میں استعمال کیا جائے تو پھر یہ کئی دوسری علامات پیدا کرے گی

پہلی علامات کو ختم کردیگی اور دوسری قسم کی نئی علامات پہلی علامات کو مغلوب کردیگی

ہانیمن لکھتے ہیں دوا کی اس بڑی خوراک کے نتائج ۱۹، ۱۸، ۲۰ دن میں ظاہر ہونا شروع ہونگے اور پھر ان اثرات کو روکنے اور ختم کرنے کے لیے یا تو اس دوا کا تریاق ۱۵، ۳۰، ۲۰۰ استعمال کرایا جائے اور اگر تریاق معلوم نہ ہو تو پھر کوئی مناسب ترین انٹی سورک دوا دی جائے جو موجودہ علامات کے مطابق ہو اور جب کثیر المقدار دوا کے طوفانی اثرات تریاق یا کسی دوسری مناسب انٹی سورک دوا سے دور کرا دیئے جائیں تو پھر اس پہلی دوا کو استعمال کرایا جاسکتا ہے جو صرف اپنی زیادہ مقدار کی وجہ سے نقصان کا باعث بنی تھی۔ لیکن اس دوا کا استعمال کراتے وقت اس کی مقدار کو انتہائی کم اور اس کو زیادہ سے زیادہ پوٹینسیائزڈ شکل میں ہونا چاہیئے تو پھر اس کے نتائج نہایت کامیاب ہونگے۔

ہانیمن مزید فرماتے ہیں کہ ادویات کو میری بتائی گئی مقدار سے بھی کم استعمال کرانے کے نتائج یہ ہوں گے کہ مریض کو کوئی نقصان نہیں ہوگا، دوا کی خوراک بشکل اتنی ہونی چاہیئے جو کم از کم دوا کے اثر اور عمل کے راستے میں رکاوٹ نہ بنے یہ قلیل المقدار دوا اس صورت میں بھی اتنی ہی فائدہ مند ثابت ہوگی جتنی کہ ایک دوا کو ہونا چاہیئے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ دوا جو نہایت ٹھیک طریقہ سے علامات کے مطابق منتخب کی گئی ہو۔ اس کے علاوہ قلیل المقدار دوا استعمال کرانے کا فائدہ یہ بھی ہے کہ اگر خدانخواستہ دوا کا انتخاب صحیح نہ کیا گیا تو پھر اس کے استعمال سے پیدا ہونے والے اثرات کو اس کی قلیل مقدار کی بنا پر اوپر بیان کئے گئے طریقے سے آسانی سے دور کیا جاسکتا ہے اور علاج کو بلا تاخیر انٹی سورک مفید دوا کے استعمال سے جاری رکھا جاسکتا ہے

اگر دوا کا انتخاب کرنے والے عام لوگ اور خاص طور پر ہومیوپیتھک طریقہ کار پر چلنے والے لوگ میرے اس انتباہ پر عمل کریں گے تو وہ خود کو اور اپنے مریضوں کو غیر ضروری تکلیف اور شکایت سے بچالیں گے۔ ہانیمن نے اپنے دور میں جب لوگوں کو اپنا وقت اور کوششیں ضائع کرتے ہوئے دیکھا اور حقیقی تکلیفوں میں اضافہ بغیر وجہ کے دیکھا تو وہ پکار اٹھے:-

• کاش اگر یہ لوگ میرے الفاظ پر غور کرتے تو آج نظر سے دوچار نہ ہوتے اور اگر یہ لوگ میرے الفاظ

بعض لوگ توہم پرستی کے سبب دوا چار ہوتے ہیں اگر یہ لوگ میرے بتائے ہوئے طریقے پر ہومیو پیتھی دوا کی صرف ایک خوراک استعمال کرتے تو زیادہ سے زیادہ یہی ہوتا کہ دوا اثر نہ کرتی اور مریض کو کوئی فائدہ نہ ہوتا۔ لیکن یہ لوگ اپنے جسموں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا لیتے ہیں اسی طرح وہ ہومیو پیتھس جو اپنی عقل اور ذاتی مرضی کے مطابق ہومیو پیتھی دوا کی بڑی بڑی خوراکیں استعمال کرتے ہیں تو یہ لوگ بھی اسی راستے پر گامزن نظر آتے ہیں جو ان کے مریض کے لئے انتہائی خطرناک ہے اور میں نے ان لوگوں کو اس مشکل سے بچانے کے لئے ان کو صحیح راستہ دکھایا۔ مگر یہ لوگ اپنی شرارتوں سے باز نہ آئے اور اپنا وقت برباد کرتے رہے مگر آخر کار اگر یہ لوگ صحیح مقصود کو پانا چاہتے ہیں تو انہیں اسی راہ کو اپنانا ہوگا جو میں عرصہ پہلے انہیں دکھائی تھی۔ اور یہ سب کچھ میں نے انہیں کھلے اور صاف صاف الفاظ میں نہایت خلوص سے (۱۸۲۱) سے بتایا تھا۔ ڈرل بوشنگہاسن (BOENNINGHAUSEN) بھی اوپر بیان کئے گئے راستے پر گامزن رہے تھے اور اس چیز کا اعتراف انہوں نے خود اپنی ایک تحریر (The Value of the Law of Similars) "مماثلت کا قانون" میں کیا ہے کہ:۔

"میں بھی اس دور کے مقبول نظریئے کے مطابق دوا کی کثیر المقدار خوراکیں استعمال کرتا تھا، لیکن مجھے کوئی کامیابی حاصل نہ ہوئی۔"

ہومیو پیتھک دوا کی خوراکیں بھی ایک قانون کے تحت تیار کی جاتی ہیں جس طرح موضوعی تعبیر کی بنیاد قوانین عقل پر ہے۔ "عقل اور تجربہ برابر لیکن سمت میں مخالف ہوتے ہیں"۔ یہ بنیادی اصول ہے اور ہمیں دوا کے استعمال کے لئے بھی اسی اصول سے راہنمائی حاصل کرنا چاہیئے۔

دواؤں کے ابتدائی اور ثانوی اثرات مشاہدہ کرنے والے پر عیاں ہوتے ہیں، اس سلسلے میں متلی اور اپی کاک کی تے کی مثال دی جاسکتی ہے۔ قلیل مقدار خوراکوں کی صورت میں اپیکاک متلی اور تے کو شفا بخشتی ہے اور اس دوا کی اہم علامات متلی اور تے اور ان سے متعلقہ علامات ہیں۔ اگر ہم کو اپیکاک کی عام مقداریں استعمال کی جائے تو اس سے گہری نیند آتی ہے لیکن اگر ہم کو ہومیو پیتھک طریقہ کے مطابق استعمال کیا جائے تو اس سے بیہوشی کی حالتوں کے لئے نہایت مفید نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

[illegible] ہے [illegible] بہت زیادہ [illegible] استعمال کرنا
جاتا ہے۔ [illegible]

دوا کا فزیالوجیکل عمل (Physiological action) [illegible]
سے دوا کا [illegible] عام طور پر [illegible] ہیں کیے جاتے کہ جو [illegible] اور [illegible] میں
میں استعمال نہیں کرنی چاہئیں۔ [illegible] سے [illegible] ہوتی ہے [illegible] ادویات دوسری [illegible]
استعمال کر سکتے ہیں لیکن ہم ادویات کو کسی بھی ان کے زیادتی عمل کے استعمال نہیں کرتے۔

فزیالوجیکل عمل [illegible] اثرات کا حامل ہوتا ہے [illegible] سے [illegible] ہوتا
ہے۔ دوا کا فزیالوجیکل عمل اس کے معالجاتی یا شفائی عمل سے متعلق نہیں ہوتا بلکہ یہ شفائی عمل
متعدد عمل ہوتا ہے۔ [illegible] سے [illegible] استعمال نہیں کیا جاتا۔ ادویات
کو فزیالوجیکل عمل میں استعمال کرنے کا مطلب دراصل ادویاتی علامات پیدا کرنے کی خاطر [illegible]
یعنی وہ علامات جو دوا کے ابتدائی عمل سے پیدا ہوتی ہیں اور اس بات کا اظہار ہے کہ معالجاتی ادویات
کے تمام اثرات سے [illegible] ہے۔ [illegible] سے [illegible] ۱۹۱۳ء میں [illegible] ادویات سے [illegible]
میں لکھتے ہیں:۔

"جب کہ [illegible] ادویات [illegible] اور احساس کو [illegible] کرتی ہیں۔ [illegible] ابتدائی [illegible]
میں [illegible] اور [illegible] کو [illegible] کرتی ہیں۔ [illegible] سے [illegible] جیسا کہ [illegible] ادویات کے [illegible]
اثرات کی وجہ سے ہوتا ہے۔ خواہ یہ [illegible] ادویات [illegible] میں استعمال [illegible] ہی ہوں۔

[illegible] میں ایک اصطلاح [illegible] ہے دراصل۔ اصطلاح [illegible] سے [illegible]
ہوتی ہے [illegible] سے [illegible] میں اور [illegible] اصطلاح [illegible] سے [illegible] ہے [illegible] سے [illegible]
[illegible] علامات [illegible] کا [illegible] ادویات [illegible] [illegible] میں [illegible] سے [illegible] [illegible]
[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]
[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]
[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

ادویات سے علم کا شفاء دینے کے عمل میں استعمال کرتے وقت ہمیں ادویات کی خصوصیات کا علم ہونا چاہیئے اور یہ خصوصیات ہومیوپیتھک خصوصیات سے ظاہر نہیں ہوتیں۔

ہومیوپیتھی میں شفاء کا عمل ادویاتی اثر کے بغیر تکمیل پاتا ہے اور یہ عمل بغیر کسی تکلیف دے عمل کے ہوتا ہے یہ دائمی ہوتا ہے اور نشوونما کے ساتھ ترقی پاتا ہے اور اس کی خصوصیت ڈائنمک ادوائی ہوتی ہے چونکہ شفاء کا عمل ڈائنمک ہوتا ہے اسلئے ادویات بھی ڈائنمک صورتوں پر استعمال کرائی جانی چاہئیں تاکہ سلامتی سے ادویاتی اثرات پیدا ہو جائیں، لہذا یہ دوا کم از کم مقدار ہی ہوگی جو قوت حیات پر عمل کرے گی اور جو قوانین کے مطابق نہایت قلیل ہوگی۔

ہمیں یہ بات یاد رکھنا چاہیئے کہ دوا کی خوراک کو خواہ کتنا ہی قلیل کیوں نہ بنا دیں اسمیں دوا کی کچھ نہ کچھ مقدار ضرور باقی رہتی ہے کیونکہ مادہ کبھی فنا نہیں ہوتا۔ بلکہ صرف ہیئت میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ توانائی میں تبدیل ہو سکتا ہے لیکن اس کی مقدار مطلق صفر تک کبھی نہیں پہنچ سکتی۔

ہومیوپیتھک دوا کا یہ اقتضا ہے کہ اس کے استعمال سے نئی علامات پیدا نہیں ہوتیں کیونکہ نئی علامات تو دوا کا اثر ہوگی۔ لیکن ہومیوپیتھک دوا کے استعمال سے یہ ہو سکتا ہے کہ پہلے سے موجود علامات میں معمولی شدت آجائے جو جلد ہی کم ہونا شروع ہو جاتی ہے اور حالت بہتر ہونے لگتی ہے اور صرف واحد دوا نہایت معمولی مقدار میں استعمال کرنے سے ہی اس قسم کے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں جن سے تعجب میں ڈوبا کی ہو جاتی ہے توانائی لوٹ آتی ہے اور مریض کی صحت بحال ہو جاتی ہے۔

ہمیں یہ کبھی نہیں چاہیئے کہ انتخابی قلیل المقدار دوا کی خوراک علامات پیدا نہیں کر سکتی جیسا بہت سے مخالف علاجوں میں یہ دیکھنے میں آتا ہے درحقیقت بہتر یہ ہے کہ اپنی طاقت میں حساس مریضوں پر دوا آزمانے سے ہی ہوتی ہے۔

جب ہومیوپیتھک دوا استعمال کرائی جاتی ہے تو قدرتی مرض سے اس قدر مشابہ ہوتی ہے کہ اسے اپنے عمل کے لئے کسی کاوش کی ضرورت نہیں رہتی کہ اس کے دائرہ عمل پر جاری ہے جو حد تک دوا چکی ہوتی ہے وہ علامات پر جو پیدا کرنے والے عوامل جاری ہو چکے ہوتے ہیں [illegible]

اور یہ فیس اس مجلے بے لے کھلے ہوتے ہیں اور مائشل دوا کے لئے تجویز کی جاتی ہے
ہومیو پیتھک دوا جسم پر اسی طرح اثر انداز ہوتی ہے جس طرح بیماری پیدا کرنے والی وجہ (جراثیم وغیرہ)
اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ خیال رکھتے ہوئے کہ دوا سے بیماری اور تکلیف میں اضافہ نہ ہو دوا کی مقدار
کم از کم استعمال کرنی چاہیئے۔ اسی وجہ سے ہومیو پیتھک دوا کی خوراک نہایت چھوٹی اور ہومیو پیتھک
بیماری اثرات پاک ہوتی ہے۔ لہٰذا ہومیو پیتھک دوا کی خوراک تبھی دینی چاہیئے کہ پہلے سے موجود
علامات میں شدت پیدا ہو اور نئی نئی علامات پیدا ہوں

جس طرح قانون شفاء موجود ہے اسی طرح قانون مقدار (دوا اور دوا کی خوراک) بھی ہے اور جب ہم
ہومیو پیتھک دوا استعمال کرتے ہیں تو اس کی مقدار ہومیو پیتھک قوانین کے مطابق ہونی چاہیئے ورنہ قوانین
قدرت پر منحصر ہے یہ قانون اٹل ہے اور ناقابل تبدیلی ہے اگر ہم اس قانون کی پیروی نہیں کرتے
تو اس قانون کا تو کچھ نہیں بگڑتا مگر ہمارے نتائج بُری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ قدرت میں کسی تبدیلی پیدا
کرنے والے عوامل کی مقدار ہمیشہ کم سے کم ہوتی ہے اور یہ فیصلہ کن مقدار ہمیشہ قلیل ترین ہی ہوتی ہے۔

یہ بات سمجھنا مشکل نہیں کہ وہ قوت جو دوا اور بیماری کے درمیان شفائی رابطہ قائم کرتی ہے اور جو
دوا اس قانون کی باقاعدگی کو قائم رکھتی ہے وہ قوت اسی اندازے میں مقدار (دوا) اور اس کے استعمال کا تعین
بھی کرتی ہے۔ اس قوت کا انحصار الہامی یا خیالی ہرگز نہیں بلکہ اس قوت کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم
اس قانون کو کہاں تک سمجھتے ہیں۔

یہ تو سیدھی سی بات ہے کہ وہ قوت جو مرض اور دوا کے مابین تعلق کا تعلق قائم کرتی
ہے وہی اس دوا کی خوراک کی مقدار اور دوا کے طریقہ کار کا تعین بھی کرتی ہے۔ یہ بھی دوا
کی طاقت کے استعمال کے بارے میں کسی خام خیال یا اندازے کی اجازت نہیں دیتی۔ بلکہ ہمیں
اس قانون کو پوری طرح سمجھنے کی بات کرتی ہے۔ جو دوا کی مقدار کا تعین کرتا ہے)۔
آیئے ہم قانون کی روشنی میں اس مسئلہ کو پوری طرح سمجھنے کی کوشش کریں۔ دراصل
اس مسئلہ کی بھی دو قسمیں ہیں ایک قسم کا تعلق مریض سے ہے اور دوسری قسم کا دوا سے۔

Scanned by CamScanner

پہلی قسم کے مسئلہ میں ہمیں جسم کے اعضاء یا جسمانی افعال کے ایک دوسرے کے ساتھ فطری تعلق میں گڑبڑ کا سامنا ہوتا ہے۔ اس گڑبڑ کا سبب کوئی منفی تحریک ہو سکتی ہے اور اسی تحریک کے نتیجہ میں ان اعضاء کی حساسیت یا تو بہت بڑھ سکتی ہے یا بالکل ختم ہو سکتی۔ مثلاً کسی محرک کے نتیجہ میں اگر ایک طرف یہ حساسیت ناقابل برداشت حد تک بڑھ سکتی ہے تو دوسری طرف اسی قدر کم ہو سکتی ہے کہ کسی تحریک کو سرے سے محسوس ہی نہ کیا جا سکے یعنی اس طرح ایک نئی قسم کے احساسات جنم لیں گے جو بیرونی قوتوں کی پیداوار ہوں گے اور جو قدرتی آدمی کے اندر موجود نہیں ہوں گے۔ ان تبدیلیوں کا مجموعہ سے حقائق کی ایک ایسی قسم کی تشکیل ہوتی ہے جو عام آدمی کی حالت کو سمجھنے کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔

ہمیں اپنے موجودہ مقصد کے لئے صرف انہیں تبدیلیوں پر غور کرنا ہے جو دوا کے زیر اثر پیدا ہوتی ہیں۔ بعض اوقات کوئی مریض کسی ایک دوا کے لئے تو انتہائی حساس ہوتا ہے جبکہ وہی مریض دوسری دواؤں کی نسبتاً زیادہ مقدار کے غیر حساس ہوتا ہے اور ایسا ہم اکثر و بیشتر دیکھتے رہتے ہیں اور اس کا جواب ہمیں دوا کی خوراک کے اصول (قانون) سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ حساسیت میں تبدیلی مسئلے کی پہلی قسم کے بنیادی عنصر کی حیثیت رکھتی ہے جبکہ دوسری کا تعلق دوا سے ہے اور وہ قوت جو زندہ قوتوں کے اندر ایسا انتشار برپا کرتی ہے کہ وہ محسوس تسلسل کو قائم نہیں رکھ سکتیں جو انسانی صحت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ یہی وہ قوت ہے، جیسا کہ دوا کی خصوصیات سے ہے۔ دوا کی خصوصیات میں عمل پیرا اس قوت کا عمل حساسیت کی کئی خاص صورتوں میں اس طرح ہوتا ہے کہ دوا کی خوراک کا تعین نہ کرنے کی صورت میں نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے۔ دوا کی خوراک کے تعین کے لئے ہمیں اسی قانون کی پیروی کرنا پڑتی ہے جو تمام صورتوں میں دوا کی خوراک متعین کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

دوا تجویز کرنے کے سلسلہ کا پہلا سوال تو یہ ہے کہ دوا کیا ہے اور دوا کے انتخاب کے بعد جو دوسرا سوال پیدا ہوتا ہے وہ اعضاء کی مخصوص حساسیت کے بارے میں ہے کہ اس دوا کی کتنی مقدار اس خاص کیس میں قوت حیات کے کھوئے ہوئے توازن کو برقرار کرنے میں کامیاب ہوگی۔

ہومیوپیتھی میں تمہارے سارے مسئلے کا حل پوشیدہ ہے یعنی دوا استعمال کرتے ہوئے کس طرح جان سکیں گے کہ کوئی مریض کسی دوا کے لئے کس قدر حساس ہے۔

کوئی شخص کسی دوا کے لئے کتنا حساس ہے؟ یہ ہم اس طریقے سے معلوم کرتے ہیں جس طریقے سے ہم نے دوا کا انتخاب کیا تھا۔ یعنی مریض کے بیان سے علامات پوچھ کر اور پھر جو دوا ہم منتخب کر چکے ہیں اس کی علامات کا مریض کی علامات سے موازنہ کرکے اور یہ بھی دیکھ کر ان دونوں میں مماثلت کس حد تک ہے۔ یہ بھی یاد رہے کہ مذکورہ علامات صرف اسی دوا کا خاصہ ہوں گی اس مرض کے ماہر ایک گروپ یا دواؤں کے کسی خاص گروپ کی علامات ہوں۔ یعنی اگر ہم دیکھ لیں کہ اس دوا کی مخصوص علامات ہماری کی علامات سے کس حد تک مشابہ ہیں تو مشابہت کی یہی نسبت ہمیں اس دوا کی مقدار کے تعین میں مدد دے گی۔ یہ مشابہت جتنی زیادہ ہوگی، دوا کی مقدار اتنی ہی کم یعنی پوٹینسی اتنی ہی اونچی استعمال کرنا ہوگی۔

گویا دوا اور مرض کے تعلق کا انحصار حساسیت پر ہے اور اس حساسیت کے بغیر دوا میں موجود فرد بھی اثر کے کوئی خصوصیت نہیں ہوتی اور صرف فرد یا جیکل اثر شفایابی کا حامل نہیں ہو سکتا۔ اگر مریض کے اندر حساسیت نہیں ہوگی تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ دوا اور مریض کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیونکہ دوا اور مرض کی خصوصیات میں مشابہت کی نسبت ہی حساسیت کی شدت کا تعین کرتی ہے، دوسرے لفظوں میں حساسیت کی شدت اور دوا کی مقدار میں راست نسبت ہوتی ہے۔

مرض کی حالت میں حساسیت میں فزائش اضافہ ہو جاتا ہے اور چونکہ اس صورت میں مرض کے دروازے کھلے ہوتے ہیں اسلئے وہ چیز جو صحت کی حالت میں محسوس بھی نہیں ہوتی وہ حالت مرض میں نمایاں اثر دکھائے گی۔ اس مثبت سی علامات جو دوا کی علامات سے مماثلت رکھتی ہیں نمایاں طور پر سامنے آئیں گی اور مریض میں اس گہری مماثلت سے دوا کی حساسیت قلیل مقدار شفایابی کا عمل پیدا کرے گی۔

اس مماثلی قانون کا عملی اثبات کرتا ہے کہ کس طرح ہر فرد جنسز ایک بڑے عرصہ تک مرض کو اپنی پوٹینسی کی دوا تسلیم کرتی ہے جسکا کھلی پوٹینسی میں وہی دوا بڑھا ہوا اثر پیدا نہیں کر سکتی۔ علاوہ ازیں اس قانون کا علم ہمارے لئے ہومیوپیتھک تجربہ پیدا کرنے کا گر ہے جو ہومیوپیتھی کو

کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے

سوالات

- ہانیمن نے دوا کی چھوٹی خوراکیں آزمانے کا تجربہ کیوں کیا تھا ؟
- ہمارا اس بات پر یقین کیوں ہے کہ دوا کا اثر ڈائنیمک ہونا چاہیئے ؟
- عام ادویات کیوں اتنی پوشیدہ قوتوں کا اظہار نہیں کر سکتیں جتنی کہ وہ اپنے درجے کی پوٹنسیوں کی صورت میں کرتی ہیں ؟
- وہ سادہ طریقہ کیا ہے جس کے نتیجے میں تقلیل شدہ مادوں سے مخفی توانائی کا اخراج ہوتا ہے ؟
- دوا کی بہت زیادہ مقدار یا خام دوا سے کس قسم کی علامات پیدا ہوتی ہیں اور ہومیوپیتھی میں دوا کے انتخاب کے لئے یہ علامات کیوں مفید ثابت نہیں ہوتیں ؟
- ہومیوپیتھی میں مرض کے ایگراویشن (شدت مرض میں اضافہ) سے کیا مراد ہے ؟
- ہم اس بات پر کیوں یقین رکھتے ہیں کہ تقلیل ترین مقدار ہی دوا کا قانون ہونا چاہیئے ؟
- مرض کی شفایابی کیلئے ہمیں کن دو عناصر پر غور کرنا ہوتا ہے
- مرض کی علامات اور دوا کی علامات میں مشابہت دوا کی خوراک (مقدار۔ پوٹنسی) سے کیا تعلق رکھتی ہے ؟
- دوا اور مرض کے تعلق کا انحصار کس بات پر ہے (جواب حساسیت پر)
- مرض کا مریض کی حساسیت پر کیا اثر ہوتا ہے ؟
- جب ایک نچلی پوٹنسی کی دوا آرام نہ دے سکے تو اونچی پوٹنسی کس طرح مفید اثرات مرتب کرتی ہے ؟

Scanned by CamScanner

باب ۱۴

دوا کا ردِّ عمل

REMEDY REACTION

